تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا احماد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد: 02 | جمعرات 30 جولائی 2026، 15 صفر المظفر 1448ھ صفحات 06 قیمت 30 روپے | شمارہ: 320

آئل ریفائننگ پالیسی میں ترامیم منظور، اسٹریٹیجک ذخائر بڑھانے کی ہدایت

آئل ریفائنریز کی اَپ گریڈیشن وقت کی اہم ضرورت ہے اور یہ پاکستان کے توانائی تحفظ (انرجی سیکورٹی) کے جامع نظام کا ایک اہم ستون ہے، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ریفائنریز نہ صرف ملک کی توانائی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کریں گی

درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے اور ماحول دوست ایندھن کی فراہمی میں بھی معاون ثابت ہوں گی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ موجودہ ریفائنریز کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلئے ان کی اَپ گریڈیشن ناگزیر ہے

اسلام آباد (بیوروچیف) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان آئل ریفائننگ پالیسی 2023 میں مجوزہ ترامیم کی منظوری دے دی اور ملک میں پٹرولیم مصنوعات کے سٹریٹیجک ذخائر بڑھانے کی ہدایت بھی کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ آئل ریفائنریز کی اَپ گریڈیشن وقت کی اہم ضرورت ہے اور یہ پاکستان کے توانائی تحفظ (انرجی سیکورٹی) کے جامع نظام کا ایک اہم ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ریفائنریز نہ صرف ملک کی توانائی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کریں گی بلکہ درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے اور ماحول دوست ایندھن کی فراہمی میں بھی (بقیہ نمبر 38)

لیگی قیادت کا مبینہ دھاندلی سے حاصل کی گئی کامیابی کو عوامی مینڈیٹ قرار دینا مضحکہ خیز ہے، شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ لیگی قیادت کا مبینہ (بقیہ نمبر 6)

سپریم کورٹ نے چودھری پرویز الٰہی کی ضمانت منسوخی کی اپیل نمٹا دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے حکومت پنجاب کی جانب سے سابق وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 5)

آئی ٹی برآمدات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، شزہ فاطمہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ آئی ٹی برآمدات میں تیزی (بقیہ نمبر 4)

ڈاکٹر عارف علوی اور اہلخانہ کے بینک اکاؤنٹس بلاک کرنے کا کیس، تفتیشی افسر کو طلب کر لیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی اور ان کے اہلخانہ کے بینک (بقیہ نمبر 3)

جیل میں عالیہ حمزہ پر قاتلانہ حملے کی اطلاع ملی ہے، سلمان اکرم راجہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے امریکہ کے تاجروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت اور مصنوعی ذہانت کے فروغ میں اہم پیش رفت

مالی سال 2026 میں آئی ٹی اور آئی سی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کے ساتھ ریکارڈ 4.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت میں عالمی مسابقت کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ پاکستان کا آئی ٹی شعبہ نمایاں سنگ میل عبور کرتے ہوئے عالمی سطح پر اپنی اہمیت

اسحاق ڈار کی زیر صدارت بیرونِ ملک پاکستان کے سفارتی مشنز کی تنظیم نو سے متعلق قائم کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 8)

پنجاب زراعت کے ڈیجیٹل دور میں داخل، کھیت پر ٹیسٹ موقع پر رپورٹ

وزیراعلیٰ نے پنجاب کے کسانوں کیلئے انقلابی پراجیکٹ ''لیب آن ویلز'' لانچ کر دیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں زراعت کو ڈیجیٹل دور میں داخل۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے کسانوں کے لئے انقلابی پراجیکٹ ''لیب آن ویلز'' کا آغاز کر دیا۔ کسان کی صرف ایک کال سے جدید سائنسی لیبارٹری سیدھی اس کے کھیت میں حاضر ہو جائے گی۔ لیب آن ویلز کی ٹیمز کسان کے کھیت سے مٹی اور پانی کے نمونے آن دی سپاٹ حاصل کرے گی۔ کسان کے (بقیہ نمبر 9)

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا کوئٹہ میں بزدلانہ حملہ، ایک شہری شہید

حملے میں بچے سمیت 4 افراد زخمی، پولیس، بچہ علاج کیلئے آیا تھا حملے کا شکار ہو گیا

اسلام آباد (این این آئی) کوئٹہ میں فتنہ الہندوستان کے بزدلانہ حملے میں ایک شہری شہید ہو گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی جانب سے کوئٹہ میں پٹیل روڈ پر حملہ کیا گیا، فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے میں ایک شہری شہید جبکہ ایک بچے سمیت 4 افراد زخمی ہوئے۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے حملے میں (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: آذربائیجان کے سفیر خزر فرہادوف کی پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات۔

بلاول بھٹو آزاد کشمیر میں شکست تسلیم کریں، وزیر اعلیٰ پنجاب

پیپلز پارٹی نے گلگت بلتستان میں الیکشن جیتے تو ٹھیک اور انہیں آزاد کشمیر میں دھاندلی نظر آ رہی ہے جبکہ یہاں تو نگران حکومت نہیں ہوتی اور گزشتہ ایک سال سے پیپلز پارٹی کی حکومت ہے: وزیراعلیٰ پنجاب

بلاول کی جانب سے آج جو زبان استعمال کی گئی اُس پر افسوس ہے مگر کیا وہ دھاندلی کا الزام اپنی ہی حکومت اور وزیراعظم پر لگا رہے ہیں کیونکہ یہاں تو پی پی کی حکومت کی زیر نگرانی الیکشن ہوئے: خطاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آزاد کشمیر الیکشن کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کا عاجزی کے ساتھ شکر کہ مسلم لیگ ن کو میرپور ڈویژن میں پہلے مرحلے میں شاندار کامیابی عطا فرمائی۔ آزاد کشمیر اور میرپور و کوٹلی کے عوام کو مبارکباد دیتی ہوں کہ انہوں نے بہترین فیصلہ کیا۔ میرپور کے لوگوں نے اپنے بچوں کے بہترین مستقبل اور ترقی پر مہر لگائی۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے شیر پر مہر نہیں لگائی اپنی کامیابی اور آزاد کشمیر کی ترقی پر مہر لگائی۔ سمجھتی ہوں کہ پہلا مرحلہ کامیابی سے جیتا جس کا اثر پورے آزاد کشمیر پر ہوگا۔ امید ہے آزاد کشمیر کے (بقیہ نمبر 13)

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق ڈی سی جھنگ کے آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

محکمہ داخلہ میں پولیس شہدا پیکیج کی منظوری سے متعلق اہم اجلاس

وزیر قانون کی صدارت کمیٹی نے 14 شہدائے پولیس کیلئے شہدا پیکجز، گھروں اور مالی مراعات کی منظوری دی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب میں صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت پولیس شہداء پیکج سے متعلق اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد، ایڈیشنل سیکرٹری پولیس کنور انوار علی خان، (بقیہ نمبر 12)

عمران خان رہائی فورس کیس، آئینی عدالت کا فریقین کو جواب جمع کرانے کیلئے مہلت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی مبینہ رہائی فورس سے متعلق دائر آئینی درخواست (بقیہ نمبر 11)

پاکستان اور امریکا کی سٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط ہو رہی ہے، اسحاق ڈار

دونوں ممالک بہتر اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے ذریعے آئندہ پانچ برسوں میں باہمی تجارت کو بڑھا کر 20 ارب ڈالر تک لے جا سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے امریکی کاروباری اداروں کو پاکستان میں بہتر سرمایہ کاری کی فضا سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک بہتر اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے ذریعے آئندہ پانچ برسوں میں باہمی تجارت کو بڑھا کر 20 ارب ڈالر تک لے جا سکتے ہیں، معروف امریکی کمپنیاں پاکستان میں ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، (بقیہ نمبر 14)

پاک بحریہ کے 4 کموڈورز کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی

کموڈور تصور اقبال، محمد عمیر، شاہد واصف اور راحمد عمران انور کو اگلے عہدے پر ترقی دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کے کموڈور تصور اقبال، کموڈور محمد عمیر، کموڈور شاہد واصف اور کموڈور راحمد عمران انور کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ریئر ایڈمرل تصور اقبال نے 1995 میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا، وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے فرانس سے انٹر سروسز اسٹاف کورس بھی کیا ہے۔ اپنے شاندار کیریئر کے (بقیہ نمبر 15)

بلاول بھٹو زرداری کا حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کو خراجِ عقیدت

کراچی/ اسلام آباد/ لاہور/ حیدرآباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کے عظیم صوفی بزرگ کا لازوال پیغام آج بھی محبت، امن، رواداری اور انسانیت کی ابدی (بقیہ نمبر 16)



لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان محکمہ داخلہ میں شہدائے پولیس پیک بارے اجلاس کے دوران شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کر رہے ہیں۔

ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا ن لیگ کا مفاد، بلاول

میرپور کے عوام نے پیپلز پارٹی کو اکثریت دلوائی، لگ رہا ہے ریاست کا ہر فیصلہ ن لیگ کو ترجیح دے رہا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

مظفر آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے الیکشن میں میرپور اور کوٹلی کے ووٹ پر ڈاکہ مارا گیا، ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ ہمارے لیے قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا (ن) لیگ کا مفاد زیادہ اہم ہے، (ن) لیگ کے مفاد کے نام پر پاکستان کا کیا حال ہوا، کشمیر کے ساتھ کیا کر رہے ہیں، یہ آزاد کشمیر ہے، انٹرنیٹ بند کرنے سے یہ آزاد کشمیر نہیں مقبوضہ کشمیر لگے گا، اسے (بقیہ نمبر 29)

محسن نقوی کی قطری ہم منصب سے ملاقات

سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال

دوحہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے دوحہ میں قطری ہم منصب و کمانڈر داخلی سلامتی فورس (لخویا) شیخ خلفیہ بن حمد بن خلفیہ الثانی سے اہم ملاقات کی جس میں سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں وزرائے داخلہ نے سکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں وزارت داخلہ کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں وزرائے داخلہ نے خطے کی موجودہ صورتحال (بقیہ نمبر 17)

مومنہ اقبال کیس ہراساں، دھمکیاں دینے کے کیس میں ثاقب چدھڑ، اہلیہ کی ضمانت میں توسیع

ثاقب چدھڑ کی حد تک تفتیش مکمل، قصوروار قرار پائے، اہلیہ نے دو روز قبل جمع کرایا، تفتیشی افسر کا بیان

لاہور (این این آئی) اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں اور دھمکیاں دینے کے مقدمے میں رکن پنجاب اسمبلی ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ عبوری ضمانت میں توسیع کر دی گئی۔ ایڈیشنل سیشن جج نصرت صدیقی نے اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں کرنے اور دھمکیاں دینے کے مقدمے میں لیگی رکن اسمبلی ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ سمیرا کی عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ مومنہ اقبال کی جانب سے عدنان احسان ایڈووکیٹ جبکہ ثاقب چدھڑ کی جانب سے رانا (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق مون سون انتظامات پر چیف آفیسرز کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور ائیرپورٹ اور اطراف میں طوفان کے باعث 10 پروازیں تاخیر کا شکار

لاہور (این این آئی) لاہور ایئرپورٹ اور اطراف میں طوفان باد و باراں کے باعث پروازوں کے لیے الرٹ جاری کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جدہ سے لاہور آنے والی نجی ایئر کی پرواز پی اے 471 علامہ اقبال ایئرپورٹ پر لینڈ نہ کر سکی، پرواز کو ملتان ایئرپورٹ پر اتارا گیا۔ ری فیولنگ کے بعد موسم بہتر ہونے پر (بقیہ نمبر 30)

اٹارنی جنرل پاکستان کے گھر چھاپہ مارنے پر ایس ایچ او سمیت 11 اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں اٹارنی جنرل آف پاکستان منصور اعوان کے گھر پر چھاپہ مارنے پر ایس ایچ او سمیت 11 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق اٹارنی جنرل کے ڈرائیور عرفان نے بتایا کہ پولیس نے چھاپہ مارا تو صرف ملازم گھر پر تھے، پولیس اہلکاروں نے گھر کے باہر رکھے گملے بھی توڑ دیئے، پولیس پارٹی جاتے ہوئے (بقیہ نمبر 31)

راولپنڈی: پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب، وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی اور دیگر رہنما چوہدری نواز حویلی، رتہ امرال میں کشمیر انتخابات کے حوالے سے کارکنوں کے اجتماع میں شریک ہیں۔

مسلح افواج پر بے بنیاد الزامات، نورین نیازی کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

نورین نیازی نے ریاستی اور سکیورٹی اداروں کے خلاف منظم پروپیگنڈا کیا، ایف آئی آر

اسلام آباد (این این آئی) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی بہن نورین نیازی کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ نورین نیازی کے خلاف مقدمے کا اندراج پیکا ایکٹ کی سیکشن 20 اور 26 اے کے تحت کیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن میں کہا گیا کہ نورین نیازی نے پاکستان اور مسلح افواج پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات عائد کیے، ریاست پر عوام کا اعتماد متزلزل کرنے اور سراسیمگی پھیلانے کی کوشش کی گئی۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق نورین نیازی نے (بقیہ نمبر 32)

ٹیلی کام سروسز بلاتعطل رکھنے کیلئے وزارت آئی ٹی کی ہدایات جاری

نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو محفوظ بنانے کیلئے پیشگی اقدامات یقینی بنائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزارتِ آئی ٹی نے مون سون بارشوں اور ممکنہ ہنگامی صورتحال کے پیشِ نظر ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کو بلاتعطل برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ اداروں اور کمپنیوں کو ضروری ہدایات جاری کر دی ہیں۔ وزارت آئی ٹی نے تمام ٹیلی کام کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو محفوظ بنانے کیلئے پیشگی اقدامات یقینی بنائیں تاکہ شدید بارشوں یا قدرتی آفات کے دوران مواصلاتی نظام متاثر نہ ہو۔ ذرائع وزارت آئی ٹی (بقیہ نمبر 22)

شرجیل میمن ٹھنڈا پانی پئیں، سر پر بھی ڈالیں، کشمیری عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا، عظمیٰ بخاری

پیپلز پارٹی کے پری پول دھاندلی کے منصوبے ناکام ہوئے، ہار پر پی ٹی آئی جیسا رویہ نہ اپنایا جائے، وزیر اطلاعات پنجاب کا ردعمل

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ شرجیل میمن ٹھنڈا پانی پئیں اور سر پر بھی ڈالیں، کشمیری عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے، پیپلز پارٹی کے پری پول دھاندلی کے منصوبے ناکام ہوئے، ہار پر پی ٹی آئی جیسا رویہ نہ اپنایا جائے۔ انہوں نے شرجیل میمن کے بیان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پیارے بھائی: ٹھنڈا پانی پئیں اور سر پر بھی ٹھنڈا پانی ڈالیں، صبح ہو گئی ہے، الیکشن ہو (بقیہ نمبر 19)

ایف آئی اے کا ایجنٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن، 6 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے ایجنٹ مافیا کے خلاف مختلف شہروں میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 4 پاسپورٹ ایجنٹ، ملازمین اور 2 ویزا ایجنٹ گرفتار کر لیے۔ ترجمان کے مطابق کارروائیاں ایف آئی اے اینٹی کرپشن اور انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل کی طرف سے (بقیہ نمبر 21)

کراچی، پولیس مقابلے میں 2 ڈاکو ہلاک، ایک اہلکار شہید

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ساڑھے گیارہ نمبر پر پولیس مقابلے میں 2 ڈاکو ہلاک ہو گئے جبکہ ڈاکوؤں کی فائرنگ میں ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ پولیس کے مطابق شاہین فورس کے اہلکاروں نے موٹر سائیکل سوار 2 مشکوک افراد کو روکا تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر کے فرار ہونے کی کوشش کی۔ (بقیہ نمبر 25)

پی ڈی ایم اے کی کے پی میں بارشوں کی پیشگوئی، حفاظتی اقدامات کی ہدایت

پشاور (این این آئی) پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے خیبر پختونخوا میں 29 جولائی سے 5 اگست تک مزید مون سون بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پشاور سے پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ اور اداروں کو پیشگی حفاظتی اقدامات کرنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 26)

مون سون، ہر شہر میں پیشگی انتظامات کئے جائیں' وزیر بلدیات

کسی دوسرے شہر میں نکاسی آب کی صورتحال زیادہ خراب ہو تو مشینری وہاں بھیجی جائے اس کیلئے کسی اجازت کا انتظار نہ کیا جائے

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ مون سون کے دوران پی ڈی ایم اے اور محکمہ موسمیات کی وارننگ کے مطابق ہر شہر میں پیشگی انتظامات کئے جائیں، کسی دوسرے شہر میں نکاسی آب کی صورتحال زیادہ خراب ہو تو مشینری وہاں بھیجی جائے اور اس کیلئے کسی اجازت کا انتظار نہ کیا جائے۔ سانده روڈ پر لوکل گورنمنٹ بورڈ کمپلیکس میں (بقیہ نمبر 20)

صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ سیالکوٹ میں بجلی پل اور سید پور بخوات کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب خود ممکنہ سیلابی صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہی ہیں، مریم اورنگزیب

سینئر وزیر پنجاب کی زیر صدارت ممکنہ سیلابی صورتحال سے متعلق اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت ممکنہ سیلابی صورتحال کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق، ارکان اسمبلی، سیکرٹری ایمرجنسی سروسز، ڈی جی پی ڈی ایم اے، ڈی جی واسا، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ممکنہ (بقیہ نمبر 33)

لاہور کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف چہلم حضرت امام حسین اور عرس داتا گنج بخش انتظامات کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ورچوئل کرنسی کے ذریعے کالعدم تنظیموں کی مالی معاونت روکنے کا فیصلہ

ورچوئل کرنسی انویسٹی گیشن سیل قائم، نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر بھی قائم کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے ورچوئل کرنسی کے ذریعے کالعدم تنظیموں کی مالی معاونت اور غیرقانونی مالی سرگرمیوں کی روک تھام کے لئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے ورچوئل کرنسی انویسٹی گیشن سیل قائم کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کی منظوری سے نئے سیل کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ خصوصی یونٹ کرپٹو کرنسی اور بلاک چین کے مجرمانہ (بقیہ نمبر 24)

اگلے ماہ مجموعی طور پر 12 تعطیلات متوقع

لاہور (این این آئی) اگلے ماہ 2 وفاقی تعطیلات اور 10 ہفتہ وار چھٹیوں کے ممکنہ موقع پر عوام کو مجموعی طور پر 12 چھٹیاں ملنے کی توقع ہے۔ پاکستانی عوام کو اگست میں لگاتار 3 چھٹیاں منانے کا موقع مل بھی رہا ہے۔ کلینڈر ایئر کے مطابق (بقیہ نمبر 23)

پی پی ایس سی کی ایک نشست کیلئے 5 امیدوار بلانے کے خلاف درخواستوں پر فیصلہ جاری

انٹرویو کے لیے ایک نشست کے لیے پانچ امیدوار بلانے کی پالیسی میں مداخلت کا کوئی جواز موجود نہیں، درخواست خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب پبلک سروس کمیشن کی ایک نشست کے لیے پانچ امیدواروں کو انٹرویو کے لیے بلانے کے خلاف درخواستوں پر فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ملک محمد اویس خالد نے پی پی ایس سی کے پی ایم ایس منسٹریل کوٹہ کے امتحان کے لیے جاری اشتہار کے خلاف ایکس درخواستوں پر تحریری حکم جاری کر دیا۔ فیصلے (بقیہ نمبر 34)

قطر نے اپنی سمندری حدود میں جہازرانی عارضی طور پر معطل کر دی

دوحہ (این این آئی) قطر نے عوامی تحفظ کے پیش نظر اپنی سمندری حدود میں بیشتر جہازوں کے لیے جہازرانی اور تمام بحری سرگرمیاں تا حکمِ ثانی معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق قطر کی وزارتِ نقل و حمل نے گزشتہ روز بیان میں بحری جہازوں کے مالکان (بقیہ نمبر 35)

فلور ملز مالکان کا ایکس مل پرائس میں 8 روپے فی کلو کمی کا اعلان

فلور ملز مالکان کے فیصلے کے بعد آٹے کی ایکس مل پرائس 133 روپے سے کم ہو کر 125 روپے ہو جائے گی

کراچی (این این آئی) فلور ملز مالکان نے ایکس مل پرائس میں 8 روپے فی کلو کمی کا اعلان کر دیا۔ چیف سیکرٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ کی ہدایت پر کراچی میں آٹے کی قیمت پر کمشنر کراچی سید حسن نقوی اور فلور ملز مالکان کے درمیان کمشنر کراچی کے دفتر میں کامیاب (بقیہ نمبر 37)

بولان میں دو ٹرکوں میں تصادم، 3 افراد جاں بحق، قومی شاہراہ بند

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے بولان میں دو ٹرکوں کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ (بقیہ نمبر 36)



لاہور: صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر سیکرٹری توانائی اور چیف ایگزیکٹو قائداعظم سولر پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا سرکاری خزانے میں جمع کرانے کے لئے 2 ارب روپے کے عبوری ڈیویڈنڈ کے چیک کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

پنجاب کے پانچ بڑے شہروں میں جدید ٹریفک وارڈن سسٹم کا آغاز

ابتدائی مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، گوجرانوالہ میں نافذ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں شہریوں کو بہتر ٹریفک سہولیات کی فراہمی کے لیے جدید ٹریفک وارڈن سسٹم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ نظام ابتدائی مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان اور گوجرانوالہ میں نافذ کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق نئے نظام کا مقصد ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید موثر بنانا اور شہریوں کو جدید، منظم اور بہتر ٹریفک سروسز فراہم کرنا ہے۔ اس فورس میں ڈاکٹرز، انجینئرز، آئی ٹی ماہرین اور دیگر باصلاحیت افراد بھی شامل ہیں تاکہ جدید ٹیکنالوجی اور (بقیہ نمبر 27)

انتخابی عمل شفافیت سے مکمل ہوا، چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر

پولنگ پرامن ماحول میں مکمل ہوئی، لوگوں نے بڑی تعداد میں حق رائے دہی استعمال کیا، جسٹس غلام مصطفی مغل

مظفر آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس (ر) غلام مصطفی مغل نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر میں انتخابی عمل کا پہلا مرحلہ آزادانہ اور شفاف طریقے سے مکمل ہوا۔ چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس ریٹائرڈ غلام مصطفی مغل نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں نے انتخابات میں بھرپور حصہ لیا، پولنگ پرامن ماحول میں مکمل ہوئی۔ غلام مصطفی مغل نے کہا کہ لوگوں نے (بقیہ نمبر 28)

کاکروچ اور مودی سلطنت

بھارتی نوجوانوں کی جماعت کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) نے حکومت سے کامیاب مذاکرات کے بعد احتجاج ختم کر دیا۔ ترجمان سی جے پی نے بتایا کہ حکومت نے طلباء کے تمام مطالبات تسلیم کر لیے ہیں، وزیر تعلیم مستعفی ہو چکے ہیں، نیشنل اہلیت کم انٹرنس ٹیسٹ (نیٹ) کا پرچہ لیک ہونے کے باعث خودکشی کرنے والے طلباء کے اہلِ خانہ کو معاوضہ دیا جائے گا، سی جے پی کے کارکنوں کے خلاف ملک بھر میں درج مقدمات واپس لیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت نے یہ بھی وعدہ کیا ہے کہ اس حوالے سے مستقبل میں بھی سی جے پی کی قیادت اور کارکنوں کے خلاف کسی قسم کی کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق حکومت اِس حوالے سے منگل کو تحریری ضمانت بھی دے گی۔ واضح رہے کہ بھارتی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے وزیر اعظم نریندر مودی کو استعفیٰ بھجوانے کے بعد "ایکس" پر پیغام جاری کرتے ہوئے لکھا کہ وہ گزشتہ چار دہائیوں تک طلبہ، اساتذہ اور تعلیمی اصلاحات کے لئے وقف رہے، اُنہیں یہ یقین رہا ہے کہ مضبوط، جامع اور دور اندیش تعلیمی نظام ہی مضبوط قوم کی بنیاد ہوتا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ 3 مئی 2026ء کو منعقد ہونے والے "نیٹ" امتحان میں جب بے ضابطگیوں کے معاملات سامنے آئے تو حکومت نے نہ صرف اِس معاملے کا فوری نوٹس لیا بلکہ تحقیقات کرائیں اور امتحان منسوخ کر کے اُس کی نئی تاریخ مقرر کی، اِس کے ساتھ آئندہ سال کمپیوٹر پر مبنی امتحان کا طریقہ رائج کرنے کا فیصلہ بھی کیا۔ وزیر تعلیم نے مزید کہا کا کہ اُنہوں نے اول دن ہی سے اِس مسئلے کی ذمہ داری قبول کی جبکہ 16 جولائی 2026ء کو دوبارہ ہونے والے امتحان کے نتائج تسلی بخش تھے لیکن اِس کے باوجود طلباء کو گمراہ کیا گیا، گزشتہ 10 دِنوں کے واقعات سے اُن کا دِل دُکھی ہے۔ اِس سے قبل سی جے پی کے صدر ابھیجیت دیپکے نے وزیر تعلیم کے استعفے پر کہا کہ اِس سرکار میں استعفے نہیں ہوتے تھے مگر طلباء نے کر دکھایا ہے۔ حزبِ اختلاف کے قائدین نے بھی استعفے پر خوشی کا اظہار کیا۔

نوجوانوں (جین زی) نے بھارت میں جس طرح وزیر تعلیم کو استعفیٰ دینے پر مجبور کیا وہ اِس وقت پوری دنیا میں زیر بحث ہے اور اسے نوجوانوں کی تحریک کی بڑی فتح قرار دیا جا رہا ہے جبکہ سی جے پی کے صدر کا نعرہ "اُنہوں نے کر دکھایا ہے" سوشل میڈیا پر گونج رہا ہے۔ اِس سے قبل بنگلہ دیش میں طلباء نے وزیر اعظم کو استعفیٰ دے کر ملک سے بھاگنے پر مجبور کر دیا تھا۔ یاد رہے کہ بھارت کے چیف جسٹس سوریا کانت نے رواں سال مئی میں قانون کی جعلی ڈگریوں کے کیس کی سماعت کے دوران تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ کچھ طلباء جو پیشہ ورانہ دائروں میں جگہ نہیں پاتے ہیں وہ کاکروچ کی مانند نظام پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ اُن کا اصل مقصد اُن افراد کو ہدفِ تنقید بنانا تھا جو مبینہ طور پر جعلی یا غیر تسلیم شدہ ڈگریوں کے ذریعے نہ صرف قانون کے پیشے میں داخل ہو رہے ہیں بلکہ اِس سسٹم پر بوجھ بھی بن رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر اِس فقرے کو لے کر کہرام برپا ہو گیا، اِسے بے روزگاری کے ساتھ جوڑا گیا۔ ان کے ریمارکس کے بعد ایک نوجوان نے سوشل میڈیا پر "کاکروچ جنتا پارٹی" کی بنیاد رکھ دی جو کہ راتوں رات مشہور ہو گئی۔ لاکھوں افراد نے اُس کے انسٹا گرام پیج کو فالو کرنا شروع کر دیا۔ اب تک اُس کے فالورز کی تعداد ڈھائی کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔

میڈیکل کالج کے امتحان "نیٹ" کے لیک ہونے کا سکینڈل اور پھر اُس کے نتیجے میں ہونے والی خودکشیوں نے جلتی پہ تیل کا کام کیا۔ اِس سے لاکھوں طلباء متاثر ہوئے تھے، کاکروچ جنتا پارٹی نے اِس مسئلے کو زبان دی۔ دریں اثناء معروف سماجی کارکن 59 سالہ سونم وانگچک 28 جون کو سی جے پی سے اظہارِ یکجہتی کے لئے نئی دہلی میں جنتر منتر کے مقام پر احتجاجاً بھوک ہڑتال پر بیٹھ گئے، اُنہیں پولیس حکام نے 21 روزہ بھوک ہڑتال کے بعد زبردستی ہسپتال منتقل کیا۔ طلباء نے پارلیمنٹ سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر موجود اُسی جنتر منتر کے علاقے میں جمع ہو کر احتجاج شروع کر دیا جب اُنہوں نے پارلیمنٹ کے سامنے جانے کی کوشش کی تو پولیس نے لاٹھی چارج کیا۔ کانگریس سمیت اپوزیشن جماعتوں کے علاوہ بعض شہرہ آفاق بھارتی فنکاروں اور مشہور سماجی کارکنوں نے طلباء کے خلاف کیے گئے پولیس مظالم پر آواز اُٹھائی۔ معاملہ دنیا بھر میں زیرِ بحث آ گیا، بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے وزیر تعلیم کے استعفے سے ایک رات قبل نوجوانوں کے لئے ایک ویڈیو پیغام بھی دیا تاہم اُسے کاکروچ جنتا پارٹی نے مسترد کر دیا اور پھر اگلے ہی روز وزیر تعلیم کو مستعفی ہونا پڑا۔ دلچسپ اَمر یہ ہے کہ مستعفی ہونے والے وزیر تعلیم 1997ء میں بذاتِ خود پرچوں کے لیک ہونے کے خلاف اُڑیسہ میں ہونے والے احتجاج میں شریک رہ چکے ہیں، اُنہیں بھی اُس وقت پولیس نے لاٹھی چارج کا نشانہ بنایا تھا۔ کاکروچ جنتا پارٹی نے جنتر منتر پر احتجاج کے ساتھ سوشل میڈیا کی طاقت کو بھرپور طریقے سے آزمایا جس کی وجہ سے اُن کا احتجاج دنیا کی نظروں میں آیا۔ بھارت میں طلباء کا یہ احتجاج مجموعی طور پر پُرامن تھا، اُنہوں نے پاکستان میں ہونے والے احتجاج اور دھرنوں کی طرح توڑ پھوڑ، جلا دو، گرا دو کے نعروں کے بجائے ناچتے، گاتے، ڈھول تاشے بجاتے احتجاج کیا

، اُن کے جانے کے بعد وہاں کسی قسم کا گند بھی نظر نہیں آیا۔ مظاہرین کی تعداد چونکہ روز بروز بڑھ رہی تھی، ملک کے دوسرے حصوں سے لوگ اِس احتجاج میں شامل ہو رہے تھے اِس لئے مودی کی حکومت پر پریشر بڑھتا گیا اور حکومت نے وزیر تعلیم سے استعفیٰ لینے ہی میں عافیت سمجھی۔ مودی کے زیر اثر "گودی میڈیا" نے اگرچہ طلباء پر پاکستان سے فنڈنگ اور غداری سمیت کئی الزامات لگائے لیکن اُنہوں نے انتہائی خندہ پیشانی سے سوشل میڈیا پر مہارت سے اِن الزامات کا جواب دیا، وہ ہر الزام کو اپنے اوپر تسلیم کرتے ہوئے اُس کی "میم" بنا کر اثر زائل کر دیتے۔ مستعفی ہونے والے وزیر موصوف کا بھی یہی کہنا تھا کہ اِن کے پیچھے "کوئی اور ہے" تاہم نوجوانوں نے ثابت کیا کہ اُن کے پیچھے صرف اُن کی سوچ، سنجیدہ کوشش اور لگن تھی، ہو سکتا ہے کہ مودی حکومت پہلے ہی اُن کے ساتھ بات چیت کر لیتی اور اُن کے مطالبات پر سنجیدگی سے غور کر لیتی تو نوبت استعفے تک نہ پہنچتی۔ بعض ناقدین کی طرف سے اب بھی مودی حکومت کی طرف سے وعدے نبھانے سے متعلق تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے لیکن اگر نوجوانوں سے کیے گئے وعدوں پر مِن وعَن عمل نہ کیا گیا تو احتجاج دوبارہ بھی شروع ہو سکتا ہے جو مودی حکومت کے لئے شاید اچھا شگون ثابت نہ ہو۔ "کاکروچ جنتا پارٹی" کی کامیابی سے یہ بات تو صاف ہے کہ احتجاج منظم اور پُرامن طریقے سے بھی ہو سکتا ہے اور اِس کے ثمرات بھی نظر آتے ہیں۔ پُرتشدد احتجاج، توڑ پھوڑ اور اپنے ہی ملک کی املاک کو نقصان پہنچانے سے کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

پاکستان چین تعلقات اور علاقائی استحکام

سلمان عابد

مستقبل کے تناظر میں پاکستان چین تعلقات کو ہماری داخلی سیاسی اور معاشی ترقی کے تناظر میں نہ صرف خاص اہمیت دی جا رہی ہے بلکہ اس کو ایک خاص اسٹرٹیجک اہمیت کے طور پر بھی دیکھا جا رہا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے اس وقت چین اور پاکستان دونوں اطراف تعلقات کی گہرائی یا بہتری میں کافی گرم جوشی کا پہلو دیکھنے کو ملتا ہے۔ بہت سے سیاسی پنڈتوں کے بقول ہمیں چین کی ترقی کے ماڈل سے بہت کچھ سیکھنے کی بھی ضرورت ہے کہ آج وہ عالمی دنیا میں ایک بڑی معاشی ترقی کے طور پر کیسے سامنے آیا ہے۔ پچھلے دنوں پاکستان چین تعلقات کے 75 برس مکمل ہونے اور کیمونسٹ پارٹی آف چائنا کے قیام کی 105 ویں سالگرہ کے موقع پر" انڈر اسٹینڈنگ چائنا فورم اور بیکن ہاوس نیشنل یونیورسٹی کے سینٹر فار پالیسی ریسرچ کے اشتراک سے پاکستان چین تعلقات کے تناظر میں ایک اہم فکری نشست کا انعقاد ہوا۔ اس اہم تقریب سے چین کے قونصل جنرل سن یان، انڈر اسٹینڈنگ چائنا فورم کے بانی صدر ظفر الدین محمود، بی این یو کے ڈائریکٹر سفیر منصور احمد خان سمیت اس فورم کے موجودہ سربراہ سابق وزیر خارجہ خورشید محمود قصوری نے کلیدی خطاب کیا۔

سابق وزیر خارجہ اور انڈر اسٹینڈنگ چائنا فورم کے سربراہ خورشید محمود قصوری نے اپنی گفتگو میں چند بنیادی نکات اٹھائے ان کے بقول گذشتہ 75 برس کے دوران ہر آزمائش پر پورا اترے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد، احترام اور تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کی حالیہ عالمی مثال کم ہی ملتی ہیں۔ ان کے بقول 1949 کا چینی انقلاب اپنی نوعیت میں منفرد تھا۔ کیونکہ چیرمین ماوزے تنگ نے مارکسزم کو چین کے معاشی حالات کے مطابق ڈھالتے ہوئے کسانوں اور دیہی آبادی کو انقلاب کی بنیادی قوت بنایا، جب کہ تاریخی لانگ مارچ عزم استقامت اور طویل جدوجہد کی علامت بن گیا۔ ماوزے تنگ کے بعد ڈینگ ژیاو پنگ نے چین کی معاشی ترقی کو نئی سمت دی اور ایسی اہم اصلاحات متعارف کروائیں جنھوں نے چین کو تیز رفتار ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا۔ انھوں نے ان کا ایک مشہور مقولہ بلی کالی ہو یا سفید اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا بشرطیکہ وہ چوہے پکڑتی ہو۔ چین نے مارکیٹ کے بعض اہم اصولوں کو ہم آہنگ کر کے ایسا معاشی ماڈل تشکیل دیا جو نئے روزگار پیدا کرنے کا سبب بنا اور اس ماڈل کے تحت 80 کروڑ افراد کو خط غربت سے باہر نکالا۔ ان کے بقول انسانی تاریخ میں غربت کے خاتمے کی اتنی بڑی اور منظم کوشش اپنی مثال آپ ہے۔ خورشید قصوری کے مطابق اس کی قیادت نے چین کو یہ حکمت عملی دی کہ اپنی قوت کو غیر ضروری طور پر نمایاں نہ کیا جائے، مناسب وقت کا انتظار کیا جائے اور عالمی قیادت کے حصول میں جلد بازی سے گریز کیا جائے۔ اس پالیسی کے نتیجے میں چین نے کئی دہائیوں تک اپنی توجہ داخلی معاشی ترقی، صنعتی تعمیر، سائنسی تحقیق، قومی صلاحیت بڑھانے پر مرکوز رکھی، جس نے اسے آج دنیا کی بڑی اقتصادی اور تزویراتی ترقی میں شامل کر دیا ہے۔ چین کی اعلی معیار کی اقتصادی ترقی، جدید ٹیکنالوجی میں انحصاری بیلٹ اینڈ روڈ انیشٹو اور مستقبل کا حامل عالمی برادری کا تصور موجود چینی قیادت کی اس اس متحرک پالیسی کی عکاسی کرتا ہے۔ ان کے مطابق پاکستان کی حالیہ سفارتی اور دفاعی کامیابیوں نے اسے جنوبی اور وسطی ایشیا میں مثبت کردار ادا کرنے کی صلاحیت دی ہے۔ ان کے بقول پاکستان، بھارت اور چین کے درمیان پرامن بقائے باہمی نہ صرف اخلاقی تقاضہ بلکہ پورے ایشیا کی معاشرتی ترقی اور علاقائی استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ ان کے مطابق اگر ان ملکوں کے درمیان کشیدگی کم ہو تو تجارتی روابط مضبوط ہوں گے، علاقائی رابطے سازی کو فروغ ملے گا اور غربت وپس ماندگی کے خاتمے کے لیے مشترکہ کوششیں ممکن ہوسکیں گی۔

چین کے قونصل جنرل سن یان کے بقول پاکستان چین تعلقات باہمی اعتماد، اسٹرٹیجک تعاون اور ایک دوسرے کے بنیادی قومی مفادات کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ یہ ہی شراکت داری دونوں ملکوں کو مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔ پاکستان کی مستقل حمایت اور اس کی خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنا اور اس کی سلامتی کا تحفظ ہماری پالیسی کا حصہ ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ ہم اب تک سی پیک میں 25 ارب 90 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کر چکے ہیں۔ سی پیک اب دوسرے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے اور اس پر بھی ہم پاکستان کے ساتھ مل کر نہ صرف نئی سرمایہ کاری کر رہے ہیں بلکہ نیا روزگار پیدا کرنا بھی ہماری حکمت عملی کا حصہ ہے۔ اسی طرح نوجوانوں کو فنی تربیت یا ووکیشنل تربیت دینا بھی اہم مقاصد کا حصہ ہے۔ ہم پاکستان کی معاشی ترقی کے اہم فریق ہیں اور سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی معاشی ترقی سے خود علاقائی سیاست بھی مضبوط ہوگی جو علاقائی سیاست کو مستحکم کرنے کا سبب بنے گی۔ انھوں نے نجی یونیورسٹی کے سینٹر فار پالیسی ریسرچ کے ڈائریکٹر سفیر منصور احمد خان کی جانب سے چین سے متعلق علمی تحقیق، چینی زبان کی تدریس اور پاکستان چین تعلقات کے فروغ کے لیے خصوصی چیر قائم کرنے پر ادارے کا شکریہ ادا کیا اور کہا یہ کام دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط رابطہ کاری کا سبب بنے گا۔

انڈر اسٹینڈنگ چائنا فورم کے بانی صدر ظفر الدین محمود کے بقول کہ گذشتہ پچاس برسوں کے دوران انھوں نے چین کو ایک غریب زرعی ملک سے عالمی اقتصادی ترقی بنتے دیکھا ہے۔ ان کے مطابق چین کی کامیابی کی بنیاد عوام دوست حکمرانی کا نظام، حالات کے مطابق حکمت عملی میں تبدیلی، باصلاحیت قیادت کی تیاری اور پرامن ترقی کے اصول پر کاربند رہنے میں مضمر ہے۔ سابق پرنسپل سیکریٹری فواد حس فواد کے بقول چین پاکستان اقتصادی راہداری کو ابتدا میں ایک مثالی منصوبہ قرار دیا گیا تھا تاہم پاکستان اب تک اس کی حقیقی صلاحیت کے ایک چوتھائی حصے سے بھی مکمل فائدہ نہیں اٹھا سکا۔ ان کے مطابق معاشی، صنعتی اور تجارتی فوائد کے حصول کی رفتار توقعات سے کم رہی ہے۔ معروف صنعت کار فاروق نسیم نے کہا کہ اگرچہ پاکستان اور چین کے تزویراتی تعلقات انتہائی مضبوط ہیں۔ تاہم عوامی، تعلیمی اور کاروباری سطح پر روابط کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے زبان، ثقافتی تبادلوں، طلبہ کے روابط اور براہ راست کاروباری شراکت داری بڑھانے پر زور دیا۔

لیکن ان سب باتوں کے باوجود سب سے اہم نقطہ پاکستان کے تناظر میں اس کی داخلی سیکیورٹی سے جڑے معاملات یا مسائل ہیں۔ جس کی وجہ سے جہاں بھارت اور افغانستان کے ساتھ مسلسل تعلقات کی خرابی، دہشت گردی کے مسلسل واقعات، سیکیورٹی فورسز پر حملے، پراکسی سطح پر جنگ یا دہشت گردی کا سامنا سمیت معاشی اصلاحات اہم ہیں۔ اسی طرح جو ہمیں داخلی سیاسی عدم استحکام اور سیاسی تقسیم کا سامنا ہے۔

الفاظ کہانی

سعد اللہ جان برق

ہند میں آریاؤں (حالانکہ وہ بھی آریا نہیں تھے) بلکہ یہ آریاؤں کے دشمن اساک تھے جن کو ایرانیوں نے تورانی یا ہندیوں نے کش توری اور یونانیوں نے ساتھین کہا ہے لیکن یہ الگ بحث ہے۔ تو یہ خانہ بدوش جب ہند میں آئے تو یہاں ایک خالص زرعی معاشرہ موجود تھا۔ مورخین جنھیں قبل ہند یورپی یا پروٹو آرین کہتے ہیں۔ ان میں جو پہلے والے لوگ تھے یعنی بھیل اور کول وغیرہ، جو مجموعی طور پر آسٹرک کہلاتے ہیں۔

یہ سارے قبائل زراعت کار تھے اور چھوٹی چھوٹی بستیوں میں رہتے تھے لیکن جب دراوڑ لوگ خطہ ہند میں آئے تو انھوں نے بڑی بڑی بستیاں اور شہر بسانے شروع کر دیے جیسے ہڑپہ، موئن جودڑو، کالی بنگن (راجستھان) مہرگڑھ (بلوچستان) اور رحمان ڈھیری (ڈی آئی خان)۔ زرعی معاشرے کے ارتقائی عمل کے نتیجے میں کچھ ہنرمند طبقے یا پیشے بھی وجود میں آئے۔ یہ سارے قبل آریائی قبائل چونکہ زراعت کار تھے اور زراعت کاروں کی عقیدت کا مرکز زمین ہوتی ہے، اس لیے دھرتی ماں کا تصور وجود میں آیا۔ زمین کے بعد دوسرا درجہ مویشی تھے، مویشیوں میں گائے اور بیل کی افادیت سے زیادہ ہوتی ہے۔ چنانچہ مذہبی پروہتوں نے گائے ماتا کا نظریہ پروان چڑھایا۔ یوں زراعت کاروں میں گائے عقیدت کا دوسرا مرکز ہو گئی۔

اگر آپ نے ہندی دیومالا پڑھی ہو تو بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ موجودہ ہندی دھرم میں ان قبل آریائی لوگوں کے عقائد و نظریات بھی شامل ہو چکے ہیں چنانچہ مشہور دیوتا شیو جو پہاڑ کا استعارہ ہے جس کی سواری نندی نام کا بیل ہے جب کہ کرشن کا کردار بھی بیل سے مشابہ ہے، ان ہی پرانے عقائد سے اخذ کیے گئے ہیں۔ کرشن کا کردار ہو بہو ایک بیل کا کردار ہے جو گاؤں کے ریوڑ میں صرف ایک ہوتا ہے۔ لیکن دیومالا لکھنے والوں نے افسانوی بیل کو انسان روپ دے کر دیوتا بنایا ہوا ہے اور گائیوں کو گوپی بنا دیا ہے، اس کے نام بھی گووند، گوبالا، گو سائیں وغیرہ ہیں۔

خیر میرا مقصد گائے اور گؤ کی اہمیت واضح کرنا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ لفظ گؤجر یا گوجر ان ہی قبل آریائی لوگوں سے اخذ کیا گیا ہے جس کا مطلب گائے چرانے والے ہے اور یہ ایک پیشہ ہے، جب کہ اصل لفظ گجر ہے جو گوجر سے بالکل الگ لفظ ہے۔

یوں کہیے کہ گجر لفظ یا نام پہاڑ کی نسبت سے ہے، پہاڑی، پہاڑ زاد یا کوہستانی کا مفہوم رکھتا ہے، اصل لفظ گرجے تھا جو بعد میں گرجر ہوا اور ہند میں آ کر گؤجر یا گوجر سے مشابہ ہو گیا۔ علمائے طبیعات اور بشریات اس بات پر متفق ہیں کہ ایک زمانے میں یہ موجودہ ہموار میدانی علاقے زیر آب اور رہائش کے قابل نہیں تھے اور زندگی یا حیات پہاڑوں میں پل رہی تھی، پھر جیسے جیسے پہاڑوں سے ملبے نیچے اترتے رہے، میدانی زمینیں ابھرتی رہیں، دریاؤں نے اپنے راستے پکڑ لیے اور پانی سمندروں میں سمٹتا گیا، میدانی علاقے قابل رہائش ہوتے گئے تو زندگی بھی اترتی رہی، اس سلسلے میں فلپ حتی نے "تاریخ شام" میں لکھا ہے کہ اس پہاڑی سلسلے سے جو دریائے برہم پترا سے ایران کے کوہ بابک تک ایک دیوار کی طرح دراز ہے، اس ابتداء سے لے کر پانچ خروج ایک ایک ہزار سال کے وقفے سے نکلتے رہے اور پھیلتے رہے ہیں۔ اس نے آخری خروج کو چنگیزی منگولوں کا بتایا ہے لیکن اس نے یہ نہیں بتایا ہے کہ اس آخری پانچویں چنگیزی یا منگولیائی خروج کو اتنا ہی عرصہ ہو چلا ہے جتنا ایک اور دوسرے خروج کے درمیان ہوتا ہے اور چھٹی یلغار یا خروج چینیوں کی شکل میں شروع ہو چکی ہے

-

خیر تو یہ سلسلہ جب سے چل نکلا ہے تب سے انسانیت میں تین مستقل طبقے چلے آ رہے ہیں۔ ان تین طبقوں کو یونانیوں نے پیڑا (پہاڑی) ڈیزرٹا (صحرائی) اور فیلکسی (شہری) کے نام دیے ہیں۔

مولانا سلیمان ندوی نے اپنی تالیف "تاریخ ارض القرآن" میں اسے کوہستانی۔ ریگستانی اور شہرستانی کے نام دیے ہیں، یورپی اہل علم نے اسے وحشت، بربریت اور تمدن کے ادوار کہا ہے۔ میں چونکہ پشتو سپیکنگ ہوں، لہٰذا اپنی زبان پر بات کرتا ہوں، پشتو میں پہاڑ کو غرغار کہا جاتا ہے اور پہاڑی لوگوں کو غرزئی کہا جاتا ہے جو بعد میں دیگر زبانوں اور لہجو میں غری، غوری، غلزئی اور غلجی ہو گئے، اب تو بتانے کی ضرورت نہیں، پڑھے لکھے لوگ جانتے ہیں کہ ہندی زبانوں میں غ کی جگہ گ بولا جاتا ہے جیسے غم کو گم، غضب کو گجب، غیر کو گیر، غائب کو گائب اور غالب کو گالب بولا جاتا ہے اور اسی طرح (ذ، ز، خ، ظ، ض) کی جگہ ج استعمال ہوتا ہے جیسے زمین کو جمین، نظام الدین کو نجام الدین، زمانے کو جمانہ، غزل کو گجل، زور کو جور، زنانہ کو جنانہ، کہا جاتا ہے۔ یوں غر۔ زے، کو گرجے کہا جاتا ہے جو غرزے کی طرح پہاڑی اور کوہستانی کا مفہوم رکھتا ہے۔ اس گرجے سے پھر گرجر ہوا اور پھر گرجے، گرجستان، جارجیا، گرگان - یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ گرجے، گرجر، گجر بعد میں راج پوت کہلائے اور ہندو پاک کے ہر حصے میں یہ نام پھیلا ہے، اس طرح گجرات، گجرانوالہ، گجر خان، پشتونخوا میں گجرات، گجر گڑھی، چوا گجرو غیرہ

ہند میں آریاؤں (حالانکہ وہ بھی آریا نہیں تھے) بلکہ یہ آریاؤں کے دشمن اساک تھے جن کو ایرانیوں نے تورانی یا ہندیوں نے کش توری اور یونانیوں نے ساتھین کہا ہے لیکن یہ الگ بحث ہے۔ تو یہ خانہ بدوش جب ہند میں آئے تو یہاں ایک خالص زرعی معاشرہ موجود تھا۔ مورخین جنھیں قبل ہند یورپی یا پروٹو آرین کہتے ہیں۔ ان میں جو پہلے والے لوگ تھے یعنی بھیل اور کول وغیرہ، جو مجموعی طور پر آسٹرک کہلاتے ہیں۔

یہ سارے قبائل زراعت کار تھے اور چھوٹی چھوٹی بستیوں میں رہتے تھے لیکن جب دراوڑ لوگ خطہ ہند میں آئے تو انھوں نے بڑی بڑی بستیاں اور شہر بسانے شروع کر دیے جیسے ہڑپہ، موئن جودڑو، کالی بنگن (راجستھان) مہرگڑھ (بلوچستان) اور رحمان ڈھیری (ڈی آئی خان)۔ زرعی معاشرے کے ارتقائی عمل کے نتیجے میں کچھ ہنرمند طبقے یا پیشے بھی وجود میں آئے۔ یہ سارے قبل آریائی قبائل چونکہ زراعت کار تھے اور زراعت کاروں کی عقیدت کا مرکز زمین ہوتی ہے، اس لیے دھرتی ماں کا تصور وجود میں آیا۔ زمین کے بعد دوسرا درجہ مویشی تھے، مویشیوں میں گائے اور بیل کی افادیت سے زیادہ ہوتی ہے۔ چنانچہ مذہبی پروہتوں نے گائے ماتا کا نظریہ پروان چڑھایا۔ یوں زراعت کاروں میں گائے عقیدت کا دوسرا مرکز ہو گئی۔

اگر آپ نے ہندی دیومالا پڑھی ہو تو بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ موجودہ ہندی دھرم میں ان قبل آریائی لوگوں کے عقائد و نظریات بھی شامل ہو چکے ہیں چنانچہ مشہور دیوتا شیو جو پہاڑ کا استعارہ ہے جس کی سواری نندی نام کا بیل ہے جب کہ کرشن کا کردار بھی بیل سے مشابہ ہے، ان ہی پرانے عقائد سے اخذ کیے گئے ہیں۔ کرشن کا کردار ہو بہو ایک بیل کا کردار ہے جو گاؤں کے ریوڑ میں صرف ایک ہوتا ہے۔ لیکن دیومالا لکھنے والوں نے افسانوی بیل کو انسان روپ دے کر دیوتا بنایا ہوا ہے اور گائیوں کو گوپی بنا دیا ہے، اس کے نام بھی گووند، گوبالا، گو سائیں وغیرہ ہیں۔

خیر میرا مقصد گائے اور گؤ کی اہمیت واضح کرنا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ لفظ گؤجر یا گوجر ان ہی قبل آریائی لوگوں سے اخذ کیا گیا ہے جس کا مطلب گائے چرانے والے ہے اور یہ ایک پیشہ ہے، جب کہ اصل لفظ گجر ہے جو گوجر سے بالکل الگ لفظ ہے۔

یوں کہیے کہ گجر لفظ یا نام پہاڑ کی نسبت سے ہے، پہاڑی، پہاڑ زاد یا کوہستانی کا مفہوم رکھتا ہے، اصل لفظ گرجے تھا جو بعد میں گرجر ہوا اور ہند میں آ کر گؤجر یا گوجر سے مشابہ ہو گیا۔ علمائے طبیعات اور بشریات اس بات پر متفق ہیں کہ ایک زمانے میں یہ موجودہ ہموار میدانی علاقے زیر آب اور رہائش کے قابل نہیں تھے اور زندگی یا حیات پہاڑوں میں پل رہی تھی، پھر جیسے جیسے پہاڑوں سے ملبے نیچے اترتے رہے، میدانی زمینیں ابھرتی رہیں، دریاؤں نے اپنے راستے پکڑ لیے اور پانی سمندروں میں سمٹتا گیا، میدانی علاقے قابل رہائش ہوتے گئے تو زندگی بھی اترتی رہی، اس سلسلے میں فلپ حتی نے "تاریخ شام" میں لکھا ہے کہ اس پہاڑی سلسلے سے جو دریائے برہم پترا سے ایران کے کوہ بابک تک ایک دیوار کی طرح دراز ہے، اس ابتداء سے لے کر پانچ خروج ایک ایک ہزار سال کے وقفے سے نکلتے رہے اور پھیلتے رہے ہیں۔ اس نے آخری خروج کو چنگیزی منگولوں کا بتایا ہے لیکن اس نے یہ نہیں بتایا ہے کہ اس آخری پانچویں چنگیزی یا منگولیائی خروج کو اتنا ہی عرصہ ہو چلا ہے جتنا ایک اور دوسرے خروج کے درمیان ہوتا ہے اور چھٹی یلغار یا خروج چینیوں کی شکل میں شروع ہو چکی ہے

-

خیر تو یہ سلسلہ جب سے چل نکلا ہے تب سے انسانیت میں تین مستقل طبقے چلے آ رہے ہیں۔ ان تین طبقوں کو یونانیوں نے پیڑا (پہاڑی) ڈیزرٹا (صحرائی) اور فیلکسی (شہری) کے نام دیے ہیں۔

مولانا سلیمان ندوی نے اپنی تالیف "تاریخ ارض القرآن" میں اسے کوہستانی۔ ریگستانی اور شہرستانی کے نام دیے ہیں، یورپی اہل علم نے اسے وحشت، بربریت اور تمدن کے ادوار کہا ہے۔ میں چونکہ پشتو سپیکنگ ہوں، لہٰذا اپنی زبان پر بات کرتا ہوں، پشتو میں پہاڑ کو غرغار کہا جاتا ہے اور پہاڑی لوگوں کو غرزئی کہا جاتا ہے جو بعد میں دیگر زبانوں اور لہجو میں غری، غوری، غلزئی اور غلجی ہو گئے، اب تو بتانے کی ضرورت نہیں، پڑھے لکھے لوگ جانتے ہیں کہ ہندی زبانوں میں غ کی جگہ گ بولا جاتا ہے جیسے غم کو گم، غضب کو گجب، غیر کو گیر، غائب کو گائب اور غالب کو گالب بولا جاتا ہے

بادشاہ کی پوشاک جنتر منتر میں

وسعت اللہ خان

دو ہزار چودہ میں نریندر مودی کی انتخابی کامیابی میں جہاں اڈانی و امبانی کے سرمائے نے کلیدی کردار ادا کیا وہیں پہلی بار آر ایس ایس اور بی جے پی نے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا مہارت سے استعمال کرتے ہوئے اپنا پیغام موبائل فون کے ذریعے گھر گھر پہنچایا اور ٹیکنالوجی کے سبب ایک ہی وقت میں کئی کئی جلسوں سے خطاب کرنا ممکن ہوا۔ مودی نے اپنی ریاست گجرات کی صنعتی ترقی بطور شوکیس پیش کرتے ہوئے اسے پورے دیش تک پھیلانے کا وعدہ کیا۔ یوں "مودی ہے تو ممکن ہے" کے نعرے نے ملک کو لپیٹ میں لے لیا۔ نتیجہ زبردست انتخابی جیت کی شکل میں نکلا۔

مگر آر ایس ایس کے گھاگ نظریہ سازوں اور مودی کی فتح کے ڈیجیٹل معمار اندر سے جانتے تھے کہ مودی جی جنتا سے جوش میں جتنے وعدے کر بیٹھے ہیں، ان میں سے آدھے بھی پورے ہو جائیں تو بڑی بات ہو گی۔ چنانچہ وعدے اور حقیقت کا خلا پر کرنے کے لیے چوطرفہ حکمتِ عملی اختیار ہوئی۔

اول یہ کہ میڈیا کو ترغیب و دھونس و پیسے سے قابو میں لاؤ تا کہ عام آدمی تک سرکاری سچ ہی پہنچ سکے۔ اڈانی اور امبانی گروپ کو شہہ دی گئی کہ جتنے چینل اور اخبارات خریدے جا سکیں خرید لیں۔ پروفشینل صحافیوں کے لیے ایسے حالات پیدا کیے گئے کہ یا تو وہ سرکاری بھونپو بن جائیں یا خاموش بیٹھ جائیں یا استعفی دے دیں یا پھر نکال دیے جائیں اور ان کی جگہ نظریاتی کمیٹڈ صحافیوں سے پر کی جائے۔

ٹی وی چینلز میں بھی اینکرز کی اسی طرح چھانٹی ہوئی اور اسکرین پر نظریاتی گدھ بٹھا دیے گئے جن کا کام تھا کہ ناکامی کو بھی شاندار کامیابی بنا کر پیش کیا جائے۔ عام آدمی کو پختہ یقین ہو جائے کہ حزبِ اختلاف کا کوئی وجود نہیں۔ اگر ہے بھی تو وہ کسی کام کی نہیں۔ نجات دھندہ بس ایک ہے۔

دوسرا کام یہ ہوا کہ بی جے پی اور اس سے جڑی تنظیموں نے انٹرنیٹ پلیٹ فارمز بالخصوص فیس بک اور وٹس ایپ کی ڈومین پر قبضہ کر لیا اور سیاسی مخالفین کے ساتھ ساتھ اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کے خلاف ڈیجیٹل زہر کی نہر رواں ہو گئی تا کہ ہندو اسی فیصد ہونے کے باوجود بیس فیصد "دہشت گرد" اقلیت کے خطرے سے بچنے کے لیے مودی جی کا دامن پکڑے رہیں۔ اس کا ایک فائدہ یہ ہوا کہ مرکزی و صوبائی سطح پر ہر طرح کی نا اہلی پر پردہ ڈالنے کے لیے عوام کو ہندو مسلم کے کھیل میں مصروف کر دیا گیا۔ الیکشنز کے موسم میں یہ مصالحہ کچھ اور تیز ہو جاتا اور اس میں تشدد کا عنصر بھی بڑھا دیا جاتا تا کہ خوف ووٹ میں ڈھل سکے

تیسرا کام یہ ہوا کہ بھارتی مسلمانوں اور پاکستان کو نتھی کر کے اپنے ہی اقلیتی شہریوں کو ایک کونے میں دھکیل کر ان پر غداری کا اجتماعی لیبل لگانے کی بھرپور کوشش ہوئی۔ اکثریت کی برین واشنگ کا یہ فائدہ ہوا کہ بھارت ایک سیکولر جمہوری آئین کے ہوتے عملاً ہندوتوا کے پرچم تلے ایک نظریاتی میجاریٹیرین سٹیٹ بننے کی راہ پر چل نکلا۔ ایک ایسی ریاست جس میں اقلیت کے آئینی حقوق رعائیت، مہربانی اور احسان سمجھے جاتے ہیں۔ نظریاتی میجارٹیرین سٹیٹ چونکہ اقلیتی ووٹ کی محتاج نہیں ہوتی لہٰذا ان کے مطالبات سننا بھی ضروری نہیں۔

چوتھا کام یہ کیا گیا کہ نوکر شاہی، عدلیہ، سرکاری کارپوریشنز اور تعلیمی ادارے۔ ہر جگہ ہندوتوا کے حامی کلیدی سیٹوں پر بٹھائے گئے۔ نصاب بالخصوص تاریخی واقعات و حقائق کو گیروے میں رنگ دیا گیا۔ مقصد یہ تھا کہ اگلی نسل کی اس طرح ذہن سازی ہو کہ وہ نظریاتی روبوٹ بن جائیں۔

ان پالیسیوں کے سائے تلے خیر سے مودی سرکار کو تیرہواں برس لگ گیا ہے۔ اتنی طویل مدت تک اقتدار میں رہنے کی اپنی خرابیاں ہیں۔ مثلاً ووٹ بینک کو حکمران فار گرانٹڈ لینے لگتا ہے۔ مقبولیت کو دائمی سمجھنے لگتا ہے۔ ایسے لوگوں میں گھر جاتا ہے جو کان میں مسلسل پھونکتے رہتے ہیں کہ آپ نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

بظاہر سب کچھ قابو میں ہونے کے بعد بھی یہ پریشانی کھائے جاتی ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہیں ویسا نہ ہونے پائے۔ چنانچہ یہ پریشانی ایک کے بعد ایک جابرانہ قوانین اور ہتھکنڈوں کی شکل میں ڈھلتی چلی جاتی ہے۔ اوپر کے دو چار کلیدی فیصلے کرنے والوں کی آنکھیں چونکہ پاور کے نشے میں مست ہوتی ہیں لہٰذا عظیم الشان رہنما کی چھایا تلے چھوٹی اور بڑی کرپشن کا چلن عام ہوتا چلا جاتا ہے اور احتساب کرنے والے اپنی عزت و آسائش بچانے کے لیے سمٹتے جاتے ہیں۔ اپوزیشن کی آواز ویسے ہی چینلوں تک نہیں پہنچتی اور پہنچ بھی جائے تو انھیں حقارت سے یہ کہہ کر رد کر دیا جاتا ہے کہ ان کا تو کام ہی بنا بات کے شور مچانا اور اچھے بھلے کاموں میں کیڑے نکالنا ہے۔

کروڑوں بچے چار پانچ برس سے چیخ رہے تھے کہ امتحانی نظام اوپر سے نیچے تک کرپٹ ہو چکا ہے۔ بیس سے زائد بچوں نے اس دکھ میں خودکشی بھی کر لی مگر کسی کے کان پر جوں نہیں رینگی۔ بالآخر ان بچوں نے ہر طرف سے مایوس ہو کر معاملات خود اپنے ہاتھوں میں لے لیے۔ آپ نے ڈینشن مصنف اینڈرسن کی شہرہ آفاق کہانی تو سنی ہو گی کہ نت نئے فیشن کے شوقین بادشاہ کو دو ٹھگوں نے قائل کر لیا کہ ہم ایسا نفیس کپڑا بناتے ہیں کہ دنیا میں کوئی اور نہیں بنا سکتا۔ آپ جب اس کپڑے کی پوشاک پہنیں گے تو چار دانگِ عالم میں ڈنکا پٹ جائے گا۔ اس پوشاک کی بنیادی خوبی یہ ہو گی کہ عقلمندوں کو ہی دکھائی دے گی۔

چنانچہ دونوں ٹھگوں نے بادشاہ کو پوشاک پہنائی۔ بادشاہ اس ڈر سے خاموش رہا کہ اگر میں کہوں کہ مجھے یہ پوشاک نظر نہیں آ رہی تو سب مجھے بے وقوف سمجھیں گے اور یوں میرا دبدبہ اٹھ جائے گا۔ وزیروں کو بھی کوئی پوشاک نظر نہیں آ رہی تھی مگر وہ بھی بے وقوف کہلانے کے خوف سے چپ تھے۔

دونوں ٹھگوں نے بادشاہ کو قائل کر لیا کہ ایسا شاندار لباس رعایا نہ دیکھے تو بڑی زیادتی ہو گی۔ چنانچہ بادشاہ وہ خیالی پوشاک پہن کے جلوس کی صورت رتھ پر سوار محل سے نکلا۔ رعایا آنکھیں مل مل کے پوشاک دیکھنے کی کوشش کرتی رہی مگر ہوتی تو نظر آتی۔ پھر بھی شاہی دبدبے سے دبی رعایا سبحان اللہ ماشااللہ کے نعرے لگاتی رہی۔

ایک بچے کی نظر بادشاہ پر پڑی تو وہ باپ کی انگلی چھڑاتے ہوئے چیخا "بابا بادشاہ ننگا ہے"۔ باپ نے اس کے منہ پر مضبوطی سے ہاتھ رکھ دیا۔ ساتھ والی عورت نے کہا بچہ صحیح تو کہہ رہا ہے، بادشاہ واقعی ننگا ہے۔ اور پھر ایک کان سے دوسرے کان تک بات جنگل کی آگ کی طرح مجمع میں پھیل گئی، بادشاہ ننگا ہے۔

متنازع بیانات

محمد سعید ارائیں

یہ اب تک واضح نہیں کہ فروری 2024 کے الیکشن سے ہونے والی مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی حکومت سازی کے باہمی فیصلے میں ڈھائی ڈھائی سال اقتدار میں رہنے کا طے کیا گیا تھا یا نہیں۔ ویسے ایسا ممکن بھی نہیں کہ (ن) لیگ کے وزیراعظم ڈھائی سال بعد حکومت اور پی پی کے صدر مملکت اپنی صدارت چھوڑ دیں گے۔ اگر ایسا کوئی معاہدہ ہوتا تو دونوں طرف سے وضاحت آ چکی ہوتی۔ ویسے بھی ایسا یہ خلاف عقل بات ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت پہلے ڈھائی سالوں میں معیشت ٹھیک کرنے میں لگی رہے اور جب معیشت بہتر ہو جائے تو اچھی معیشت کے بعد اقتدار پیپلز پارٹی کے حوالے کر دے۔

اس طرح وہی مثال صادق آتی کہ دکھ جھیلے بی فاختہ اور کوے انڈے کھائیں۔ (ن) لیگی حکومت مہنگائی بڑھا کر عوام میں ہدف تنقید بنی ہے جب کہ ملک کے چار اہم آئینی عہدے اور تین صوبائی حکومتیں لے کر حکومتی حلیف پیپلز پارٹی دعویٰ کرے کہ وہ حکومت میں نہیں ہے اور اپنی اتحادی حکومت کے خلاف بیان بازی بھی جاری رکھے اور 5 سال حکومتی مزے لینے کے بعد حسب سابق الیکشن میں ساری برائیوں کی ذمے دار مسلم لیگ (ن) کو قرار دے کر (ن) لیگ کی مخالفت میں انتخابی مہم چلائے اور (ن) لیگی قیادت پر ملک تباہ کرنے کے الزامات لگا کر نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز کو مطعون کر کے خود بری الذمہ بننے کی کوشش کرے۔ یہ سو فی صد ممکن ہے کیونکہ بلاول بھٹو کی پالیسی 2024 کے الیکشن میں یہی تھی اور وہ کوئی لحاظ کیے بغیر 16 ماہ کے اقتدار میں رہ کر ایسا کر چکے ہیں اور اب بھی یہی ہونا ہے۔

(ن) لیگی حکومت نے عوام کی تنقید برداشت کی ہے، اگر ملکی معیشت بہتر ہوئی تو ممکن ہے کہ (ن) لیگی حکومت عوام میں اپنی مقبولیت بہتر کرنے میں کامیاب ہو جائے۔ پی پی چیئرمین بلاول بھٹو جنھیں صدر زرداری کسی نہ کسی طرح وزیراعظم دیکھنا چاہتے ہیں جس کے لیے وہ بالاتروں کی مخالفت کبھی نہیں کریں گے اور آیندہ الیکشن میں اگر پی پی مطلوبہ نشستیں حاصل نہ بھی کر سکی تو آیندہ حکومت سازی میں مسلم لیگ (ن) کی بجائے پی ٹی آئی سے انتخابی معاہدہ یا اقتدار کے لیے اتحاد کو ترجیح دیں گے اور اسی لیے پی ٹی آئی کے خلاف پیپلز پارٹی نے نرم رویہ اختیار کر رکھا ہے جس کا ایک ثبوت کے پی میں پی پی کے گورنر کا مفاہمانہ کردار ہے جب کہ اس سے قبل صدر زرداری اپنی حکومت میں پنجاب میں گورنر راج لگا کر مسلم لیگ (ن) کی پنجاب حکومت اور 2017 میں بلوچستان میں بھی (ن) لیگی حکومت ختم کرا چکے ہیں۔

صدر زرداری مسلم لیگ (ن) سے مل کر دوبارہ صدر منتخب ہوئے تھے اور (ن) لیگی حکومت بھی اسی مفاہمت میں بنی تھی جس کے پاس اکثریت نہیں تھی مگر اب اس کے پاس دو تہائی نہیں، حکومت برقرار رکھنے کی اکثریت ہے جس کو پیپلز پارٹی ختم نہیں کرا سکتی اور نہ (ن) لیگ صدر زرداری کو ہٹانے کی پوزیشن میں ہے۔ پی پی رہنما پنجاب کی (ن) لیگی حکومت سے بھی سخت ناراض ہیں۔ حالیہ بارشوں کو بنیاد بنا کر پی پی رہنما ندیم افضل چن نے پنجاب کی حکومت پر غیر حقیقی تنقید کی ہے۔

پیپلز پارٹی نے (ن) لیگ کو دباؤ میں لا کر پہلے بلوچستان کی اور اب جی بی کی حکومت حاصل کی اور اب پی پی کے چیئرمین آزاد کشمیر کا اپنا اقتدار برقرار رکھنا چاہتے ہیں جہاں جی بی کے برعکس نواز شریف اور مریم نواز خود انتخابی مہم چلا رہے ہیں جس سے بلاول زرداری نہ خوش ہیں اور انھوں نے نواز شریف کو رائیونڈ کا سیاستدان قرار دیا ہے۔ پی پی رہنما (ن) لیگ پر تنقید کر رہے ہیں مگر انھیں خواجہ آصف کے بیانات پر اعتراض ہے جو اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ دونوں پارٹیوں کے درمیان سب اچھا نہیں ہے اور پیپلز پارٹی میں مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں پر تنقید بڑھ رہی ہے مگر صدر زرداری خاموشی سے یہ متنازعہ بیانات کا اثر دیکھنا چاہتے ہوں گے۔

جدیدیت کا سراب

شیخ جابر

گزشتہ دنوں کراچی کے ایک گنجان الیکٹرانکس بازار میں میری ملاقات ایک ایسے بے بس باپ سے ہوئی جس کے چہرے کی گہری جھریاں اس عالمی استحصالی نظام کی سفاکی کی پوری داستان سنا

کیا ہے؟ 2020 میں دنیا کی چار بڑی ٹیک کمپنیاں اپنے بنیادی ڈھانچے پر مجموعی طور پر 90 ارب ڈالر خرچ کر رہی تھیں۔ 2023 میں یہ خرچ بڑھ کر 147 ارب ڈالر رہا، اور 2026 آتے آتے یہ رقم 725 ارب ڈالر کی ناقابلِ یقین حد تک پہنچ چکی ہے۔ صورت حال یہ ہو چکی ہے کہ یہ کمپنیاں اپنی کل آپریٹنگ آمدنی کا 94 فی صد صرف اے آئی کے نت نئے ڈیٹا سینٹرز بنانے اور چپس خریدنے پر جھونک رہی ہیں، گویا اگر یہ 100 روپے کماتی ہیں، تو 94 روپے واپس اسی اندھے کنویں میں ڈال دیتی ہیں۔

معیشت کا ایک بنیادی اصول ہے کہ اگر آپ کوئی خطرے والی سرمایہ کاری کر رہے ہیں، تو کم از کم 10 فی صد منافع (آر او آئی) کی توقع تو کی جاتی ہے۔ ماہرین شماریات کے مطابق، اس حساب سے اے آئی انڈسٹری کو اپنے اس کھربوں ڈالر کے خرچ کو جواز فراہم کرنے کے لیے ہر سال کم از کم 650 ارب ڈالر کمانے چاہئیں، لیکن زمینی حقیقت کیا ہے؟ تمام بڑی اے آئی کمپنیاں بمشکل 75 ارب ڈالر کما پا رہی ہیں اور منافع تو دور کی بات، سالانہ 17 سے

استعمال کرتا ہے۔ جب دنیا کی 8 ارب آبادی اسے اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنا لے گی، تو اتنی بجلی کہاں سے آئے گی؟ دنیا کے موجودہ پاور گرڈز اس قابل ہی نہیں کہ اس جناتی طلب کو پورا کر سکیں۔ اور اس سے بھی بڑا اور لرزہ خیز المیہ پانی کا ہے۔ آج کئی ترقی یافتہ ممالک میں، جہاں یہ ڈیٹا سینٹرز قائم ہیں، مقامی کسانوں، شہریوں اور ان ٹیک کمپنیوں کے درمیان پانی کے حصول پر باقاعدہ جنگیں شروع ہو چکی ہیں۔ جب مشین کی کولنگ اور انسان کی پیاس میں سیدھا تصادم ہوگا، تو اس بے رحم استحصالی نظام میں فیصلہ کس کے حق میں ہوگا؟

جدیدیت کا یہ طلسماتی سراب بالآخر فطرت کی ٹھوس دیوار سے ٹکرا کر پاش پاش ہونے کو ہے۔ سرمایہ داری کی یہ آخری ہچکی اور دیوانہ وار دوڑ یہ بتا رہی ہے کہ انسان نے مشین کو ذہین بنانے کی دھن میں خود اپنی بقا اور شعور کے چشمے خشک کر دیے ہیں۔ کیا کلاؤڈ پر محفوظ ہمارا یہ سارا "مصنوعی علم" ہماری حقیقی بھوک اور پیاس مٹا سکے گا؟

گزشتہ دنوں کراچی کے ایک گنجان الیکٹرانکس بازار میں میری ملاقات ایک ایسے بے بس باپ

نیٹ احتجاج، ریاستی کارروائی پر سوالات



قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

بھارت میں نیٹ (NEET) پیپر لیک کے خلاف ہونے والے احتجاج نے ایک بار پھر ملک میں جمہوری حقوق، آزادیِ اظہار اور احتجاج کے حق پر نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ ہزاروں نوجوان، طلبہ اور سماجی کارکنان اس مطالبے کے ساتھ سڑکوں پر نکلے کہ امتحانی نظام کو شفاف بنایا جائے اور لاکھوں طلبہ کے مستقبل سے کھیلنے والوں کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ ان احتجاجی مظاہروں کے دوران متعدد ریاستوں میں پولیس کارروائیوں کی خبریں بھی سامنے آئیں۔ مختلف میڈیا رپورٹس کے مطابق کئی افراد کو حراست میں لیا گیا، جبکہ بعض کو کئی روز تک جیلوں میں رکھا گیا۔ ان واقعات نے شہری آزادیوں کے حوالے سے کئی اہم سوالات کو جنم دیا ہے۔ اس معاملے پر بھارتی سپریم کورٹ نے واضح ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ دہلی کے جنتر منتر یا ملک کی کسی بھی ریاست میں احتجاج میں شریک نوجوانوں کے خلاف بلاجواز زبردستی کی کارروائی نہیں ہونی چاہیے۔ عدالت کا یہ مؤقف اس بات کی یاد دہانی ہے کہ جمہوری معاشروں میں پُرامن احتجاج بنیادی آئینی حق سمجھا جاتا ہے۔ عدالت کے ان ریمارکس کو انسانی حقوق کے حلقوں نے اہم پیش رفت قرار دیا ہے، کیونکہ یہ ریاستی اداروں کو آئینی حدود میں رہنے اور شہری آزادیوں کے احترام کا پیغام دیتا ہے۔ ایک مضبوط جمہوریت میں اختلافِ رائے کو دبانے کے بجائے اسے سننا اور اس پر غور کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ نیٹ امتحان سے وابستہ تنازعہ صرف ایک امتحان کا مسئلہ نہیں بلکہ لاکھوں نوجوانوں کے اعتماد کا معاملہ بھی ہے۔ جب کسی قومی سطح کے امتحان کی شفافیت پر سوال اٹھتا ہے تو پورا تعلیمی نظام متاثر ہوتا ہے اور محنت کرنے والے طلبہ خود کو ناانصافی کا شکار محسوس کرتے ہیں۔ بھارت جیسے بڑے ملک میں تعلیم کو ترقی کی بنیاد قرار دیا جاتا ہے۔ اگر امتحانی نظام پر عوام کا اعتماد کمزور ہو جائے تو اس کے اثرات صرف ایک سال یا ایک امتحان تک محدود نہیں رہتے بلکہ آنے والی نسلوں کی امیدوں پر بھی پڑتے ہیں۔ احتجاج کرنے والے نوجوانوں کا بنیادی مطالبہ یہی تھا کہ امتحانات کو شفاف بنایا جائے، ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ یہ مطالبات کسی بھی جمہوری معاشرے میں غیر معمولی نہیں سمجھے جاتے۔ البتہ جب احتجاج کے بعد گرفتاریاں اور سخت پولیس کارروائیاں سامنے آتی ہیں تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہر اختلافی آواز کو طاقت کے ذریعے خاموش کرنا مسئلے کا حل ہے، یا پھر مکالمہ اور انصاف زیادہ مؤثر راستہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ کئی انسانی حقوق کی تنظیمیں اس بات پر زور دیتی ہیں کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری امن و امان برقرار رکھنا ضرور ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ یہی توازن کسی بھی جمہوری ریاست کی اصل پہچان ہوتا ہے۔ سیاسی جماعتوں نے بھی اس معاملے پر مختلف مؤقف اختیار کیے ہیں۔ بعض جماعتیں حکومتی اقدامات کا دفاع کرتی ہیں، جبکہ دیگر اپوزیشن جماعتیں انہیں شہری آزادیوں کے لیے نقصان دہ قرار دیتی ہیں۔ اس اختلاف نے معاملے کو مزید سیاسی رنگ دے دیا ہے۔ بعض رپورٹس میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ گرفتار افراد میں مسلمانوں کی تعداد نسبتاً زیادہ ہے۔ تاہم ایسے دعووں کا حتمی تعین مستند عدالتی یا سرکاری تحقیقات کے ذریعے ہی ممکن ہے، اس لیے ان معاملات میں حقائق اور شواہد کو بنیادی اہمیت دی جانی چاہیے۔ بھارت ایک کثیر مذہبی اور کثیر الثقافتی ملک ہے جہاں تمام شہریوں کو آئین کے تحت مساوی حقوق حاصل ہیں۔ اگر کسی بھی طبقے کو یہ احساس ہو کہ اس کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے تو اس تاثر کو دور کرنا ریاست کی اہم ذمہ داری ہے۔ ماہرین کے مطابق قانون کی نظر میں ہر شہری برابر ہونا چاہیے۔ گرفتاری، تفتیش یا قانونی کارروائی مذہب، زبان، نسل یا سیاسی وابستگی کی بنیاد پر نہیں بلکہ صرف ثبوت اور قانون کے مطابق ہونی چاہیے۔ ہر بڑے احتجاج کے بعد اگر وسیع پیمانے پر گرفتاریاں عمل میں آئیں تو عوام کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہونا فطری ہے کہ اختلافِ رائے کی کتنی گنجائش باقی رہ گئی ہے۔ ایک جمہوری نظام میں یہ اعتماد برقرار رکھنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ دنیا کی مضبوط جمہوریتوں میں حکومتیں عوامی تنقید کو برداشت کرنے اور اصلاحات کی طرف بڑھنے کی کوشش کرتی ہیں۔ اختلاف کو دشمنی سمجھنے کے بجائے بہتری کے موقع کے طور پر دیکھنا ریاستی اداروں کے لیے زیادہ سودمند ثابت ہو سکتا ہے۔ نوجوان کسی بھی قوم کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔ اگر وہ انصاف اور شفافیت کے مطالبے کے ساتھ میدان میں آتے ہیں تو ان کی آواز سننا اور ان کے خدشات کا ازالہ کرنا ریاستی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ تعلیم، انصاف اور مساوات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ستون ہیں۔ جب ان میں سے کسی ایک پر عوام کا اعتماد کمزور ہوتا ہے تو پورے نظام کی ساکھ متاثر ہوتی ہے، جس کے اثرات معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچتے ہیں۔ سپریم کورٹ کے ریمارکس اس بات کی بھی یاد دہانی کراتے ہیں کہ آئین صرف حکومت کے لیے نہیں بلکہ ہر شہری کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت بھی فراہم کرتا ہے۔ عدالتوں کا کردار اسی وقت مؤثر ہوتا ہے جب ان کے فیصلوں اور ہدایات پر مکمل عمل درآمد کیا جائے۔ اس معاملے نے یہ بحث بھی تازہ کر دی ہے کہ احتجاج کو جرم سمجھنے کے بجائے اسے عوامی رائے کے اظہار کا آئینی ذریعہ تسلیم کیا جانا چاہیے، بشرطیکہ وہ پُرامن اور قانون کے دائرے میں ہو۔ مسلمان ہوں، ہندو ہوں، سکھ ہوں یا کسی بھی دوسرے مذہب سے تعلق رکھنے والے شہری، قانون کی نظر میں سب برابر ہیں۔ انصاف کا حقیقی معیار یہی ہے کہ ہر شخص کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے اور کسی کے ساتھ امتیاز نہ برتا جائے۔ جمہوریت صرف انتخابات کا نام نہیں بلکہ شہری آزادی، شفاف احتساب، آزاد عدلیہ اور اختلافِ رائے کے احترام کا مجموعہ ہے۔ جب یہ تمام عناصر مضبوط ہوتے ہیں تو ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد بھی مضبوط ہوتا ہے۔ نیٹ پیپر لیک کے خلاف ہونے والے احتجاج اور اس کے بعد پیش آنے والے واقعات بھارت کے لیے ایک اہم امتحان ہیں۔ اگر اس بحران سے سبق سیکھتے ہوئے امتحانی نظام میں شفافیت، شہری حقوق کے احترام اور قانون کی یکساں عملداری کو یقینی بنایا گیا تو یہی ایک مضبوط، منصفانہ اور حقیقی جمہوری معاشرے کی جانب مثبت پیش رفت ہوگی۔

سارے شہر میرے شہر

حافظ آباد۔ وزیر اعلیٰ کی کوآرڈینیٹر سائرہ افضل تارڑ نے مسلم لیگ ن کے ٹکٹ ہولڈر شیخ گلزار احمد کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ بارشی پانی کے نکاسی کیلئے دن رات سرگرم عمل ہے' سائرہ افضل

تمام ادارے ممکنہ سیلابی صورت حال سے نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں' میڈیا سے گفتگو

حافظ آباد (بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ کی کوآرڈینیٹر سائرہ افضل تارڑ نے یہاں ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں مسلم لیگ ن کے ٹکٹ ہولڈر شیخ گلزار احمد کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور واسا ضلع بھر سے بارشی پانی کے نکاسی کے لئے دن رات سرگرم عمل ہے۔ پہلے جو علاقے کئی کئی روز پانی میں ڈوبے رہتے تھے اب بارش کے دو تین گھنٹے بعد ہی صاف دکھائی دیتے ہیں ۔پنجاب حکومت اور ضلعی انتظامیہ کے تمام ادارے ممکنہ سیلابی صورت حال سے نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں جبکہ واسا کی ٹیمیں مون سون کی بارشوں کے سپیل کے دوران دن رات ایک کئے ہوئے ہیں ۔لیکن بد قسمتی سے شہر کے کئی نشیبی حصے ایسے ہیں جہاں معمولی بارش کے بعد بھی پانی کھڑا ہو جاتا ہے لیکن اب ان علاقوں کو بھی تین چار گھنٹے بعد ہی پانی سے صاف کر دیا جاتا ہے۔ اس وقت بھی شہر کے مختلف علاقوں میں بارش کے کھڑے پانی کو کھینچنے کے لئے کئی موٹریں چل رہی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ہمیں سستی نہیں پھیلانی چاہئے بلکہ جہاں بھی پانی کھڑا ہو اسکی نشاندہی کرنی چاہئے تا کہ لوگوں کی مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے

سیالکوٹ، صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق ڈسکہ میں شدید بارش کے بعد نکاسی آب کا جائزہ لے رہے ہیں

متعلقہ افسران فیلڈ ٹیموں کے ہمراہ مکمل طور پر متحرک رہیں' ذیشان رفیق

حساس اور نشیبی علاقوں کی مسلسل نگرانی کریں اور عوام کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی یقینی بنائیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر مون سون اسپیل کے دوران صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے ڈسکہ کے کالج چوک کا دورہ کیا اور بارشی پانی کی بروقت نکاسی کے لیے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق، اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعد بن جعفر، ایم ڈی واسا فیصل شہزاد، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈسکہ سلمان احمد، سب انجینئر کبیر اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ صوبائی وزیر نے مختلف مقامات پر جاری نکاسی آب کے آپریشن کا معائنہ کیا اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بارشی پانی کی بروقت نکاسی کے لیے جاری اقدامات میں مزید تیزی لائی جائے تا کہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ذیشان رفیق نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی فیلڈ ٹیموں کے ہمراہ مکمل طور پر متحرک رہیں، حساس اور نشیبی علاقوں کی مسلسل نگرانی کریں اور عوام کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق مون سون کے دوران شہریوں کو بہترین شہری سہولیات کی فراہمی، بارشی پانی کی بروقت نکاسی اور معمولات زندگی کی بلا تعطل بحالی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

حافظ آباد' تحریک اہلسنت کے زیر اہتمام درسِ قرآن اختتام پذیر

علاقہ بھر سے اہل محلہ اور دیگر افراد نے پابندی کے ساتھ درسِ قرآن میں شرکت کی

حافظ آباد (بیورو چیف) حافظ آباد: تحریک اہلسنت پاکستان حافظ آباد کے زیر اہتمام جامع مسجد اکبری، عید گاہ جلالپور روڈ، حافظ آباد میں منعقدہ 30 روزہ درسِ قرآن اپنے اختتام کو پہنچ گیا۔ اس روح پرور سلسلہ درس میں ضلعی صدر تحریک اہلسنت پاکستان حافظ آباد علامہ اعجاز احمد عدن چشتی نے روزانہ قرآن مجید کے تیسرے پارے کا ترجمہ و تفسیر نہایت مدلل اور آسان انداز میں بیان کیا۔ علاقہ بھر سے اہل محلہ اور دیگر افراد نے پابندی کے ساتھ درسِ قرآن میں شرکت کی، جس کے نتیجے میں حاضرین کے دلوں میں قرآن کریم، تعلیمات اسلام اور صاحب قرآن حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی محبت مزید راسخ ہوئی۔ درسِ قرآن کی آخری نشست سے چیئرمین فہم القرآن کونسل، پروفیسر ڈاکٹر پیر محمد اکرم چشتی نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے قرآن مجید کی عظمت، فہم دین کی اہمیت اور امتِ مسلمہ کو قرآن سے مضبوط تعلق قائم رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مختلف علمی و فکری مباحث پر سیر حاصل گفتگو کرتے ہوئے حاضرین کو قرآن کریم کو اپنی عملی زندگی کا دستور بنانے کی تلقین کی۔ تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر صدر تحریک اہلسنت پاکستان سٹی حافظ آباد علامہ نعمان حیات چشتی، ضلعی انفارمیشن سیکرٹری علامہ محمد وقاص احمد نقشبندی، ضلعی نائب صدر حافظ محمد امان اعجاز، سٹی انفارمیشن سیکرٹری محمد بوٹا قادری، پروفیسر محمد ادریس، امن کمیٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری عرفان علی، حافظ احمد رضا سمیت مختلف مذہبی، سماجی شخصیات اور کثیر تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی۔ شرکاء نے تحریک اہلسنت پاکستان حافظ آباد کی جانب سے قرآن کریم کی تعلیم و ترویج کے لیے کیے جانے والے اس بابرکت اقدام کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی ایسے دینی و اصلاحی پروگراموں میں بھرپور شرکت کریں گے۔

سیالکوٹ' راہ چلتی خاتون سے اوباش نوجوان کی چھیڑ خانی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) آہستہ آہستہ سی سی ڈی کا خوف کم ہوتا جا رہا ہے سٹی سرکل تھانہ حاجی پورہ کی حدود میں راہ چلتی خاتون کو اوباش نوجوان چھیڑتا رہا ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل۔ تھانہ حاجی پورہ کے علاقہ فیکٹری ایریا سے ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے، جس میں ایک خاتون جا رہی ہے اور ایک کم عمر نوجوان اس سے نازیبا حرکت کر کے بھاگ جاتا ہے خاتون چیختی چلاتی اسکے پیچھے بھاگتی دکھائی دیتی ہے شہریوں نے ویڈیو وائرل ہونے کے بعد حاجی پورہ پولیس سے مدد مانگنے کی بجائے سی سی ڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ اوباش کو گرفتار کر کے قرار واقعہ سزا دی جائے تا کہ آئندہ کسی کے اندر شیطان نازیبا حرکت کے لئے نہ جاگے تو سی سی ڈی کا خوف اسے یاد دلائے کہ سیالکوٹ میں سی سی ڈی متحرک ہے۔

چیچہ وطنی' منی ٹرک حادثے کا شکار، ڈرائیور اور کنڈیکٹر زخمی

چیچہ وطنی (نمائندہ حریف) چیچہ وطنی کے قریب نیشنل ہائی وے پر منی ٹرک حادثے کا شکار ہو گیا، ڈرائیور اور کنڈیکٹر زخمی۔ تفصیلات ذرائع کے مطابق نیشنل ہائی وے پر چوہدری ہوٹل کے قریب لاہور سے ملتان جانے والا سامان سے لدا منی ٹرک حادثے کا شکار ہو گیا۔ ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث ٹرک بے قابو ہو کر سڑک کے کنارے لگے درختوں سے جا ٹکرایا۔ حادثے کے نتیجہ میں گاڑی کو نقصان پہنچا۔ تاہم ڈرائیور اور کنڈیکٹر زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی موٹروے پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی۔

حافظ آباد' ڈاکٹر کی مبینہ غفلت سے خاتون جاں بحق

خاتون کو دوران آپریشن ہارٹ اٹیک ہوا جو جاں لیوا ثابت ہوا' کلینک کو سیل کر دیا گیا

حافظ آباد (بیورو چیف) حافظ آباد کے کسوکی روڈ پر ڈاکٹر کی مبینہ غفلت سے خاتون جاں بحق ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق نجی کلینک پر نسرین دختر محمد یونس سکنہ مدینہ کالونی کو مبینہ طور پر رسولیوں کے آپریشن کے لئے لایا گیا جہاں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت کی وجہ سے خاتون جاں بحق ہو گئی۔ ڈاکٹر کے مطابق خاتون کو دوران آپریشن ہارٹ اٹیک ہوا جو جاں لیوا ثابت ہوا۔ اس لئے اسکی اس میں کوئی غفلت اور لاپرواہی نہ ہے۔ دوسری جانب متوفیہ کے ورثاء کے احتجاج کے بعد مذکورہ کلینک کو سیل کر دیا گیا

سیالکوٹ، صدر چیمبر آف کامرس سید احتشام مظہر گیلانی منعقدہ الوداعی تقریب میں ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی کو یادگاری تحفہ پیش کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کا چیمبر آف کامرس کا دورہ

اپنے اعزاز میں بزنس کمیونٹی کی طرف سے الوداعی تقریب میں شرکت

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کا دورہ چیمبر آف کامرس اور اپنے اعزاز میں بزنس کمیونٹی کی طرف سے الوداعی تقریب میں شرکت۔ چیمبر آف کامرس میں بزنس کمیونٹی کی طرف سے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کے اعزاز میں شاندار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی چیمبر آمد پر صدر چیمبر سید احتشام مظہر گیلانی، نائب صدر سلیمان شیخ، سابق صدر چیمبر خاور انور خواجہ، سابق صدر چیمبر میجر (ر) منصور احمد، چیئرمین سیال عبدالغفور ملک، سابق چیئرمین سیال حسن علی بھٹی، ملک اشرف اعوان، چیئرمین ایئر سیال فضل جیلانی، ملک وقاص اکرم اعوان، سابق صدر چیمبر نعیم اختر، خاور سیال چیمبر آف کامرس ایگزیکٹو باڈی ممبران نے پھولوں کے گلدستے دے کر شاندار استقبال کیا۔ صدر چیمبر آف کامرس سید احتشام مظہر گیلانی نے سپاس نامہ پیش کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کو دوران سیالکوٹ تعیناتی بزنس کمیونٹی، اور عوامی ویلفیئر منصوبوں تکمیل پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ۔چیئرمین سرجیکل ذیشان طارق شیخ، میٹرو زون کے پی ایم عاطف محمود، نعیم اختر، سخاوت مغل، ودیگر نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کو سیالکوٹ کے لئے خدمات اور بہترین اقدامات پر تحسین پیش کیا۔

گوجرہ' تھانہ سٹی پولیس گوجرہ نے دو منشیات فروش گرفتار کر لیا

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) تھانہ سٹی پولیس گوجرہ نے دو منشیات فروش گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی۔ معلوم ہوا ہے کہ پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ محلہ حفیظ پارک کا اسماعیل محلہ میں منشیات فروخت کرنے میں مصروف ہے، جس پر پولیس نے چھاپہ مار کر اس کو رنگے ہاتھوں قابو کر لیا وراس کے قبضہ سے 13 سو گرام چرس برآمد کر لی علاوہ ازیں محلہ قادری دربار کے کاشف کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 50 لیٹر شراب برآمد کر لی اور ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے۔

پیپلز پارٹی آئین، جمہوریت اور عوامی حقوق کی محافظ ہے، عمران حبیب

آزاد جموں و کشمیر کے آئندہ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی بھرپور کامیابی حاصل کرے گی

کاموکے (نامہ نگار) آزاد جموں و کشمیر کے آئندہ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی بھرپور کامیابی حاصل کرے گی اور عوام اپنے ووٹ کی طاقت سے پارٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی ضلع گوجرانوالہ عمران حبیب سرویا نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی متحرک قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکن بھرپور جذبے کے ساتھ انتخابی مہم چلا رہے ہیں اور عوام کی بڑی تعداد پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی حمایت کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اقتدار میں آ کر عوام کے بنیادی مسائل کے حل، روزگار کی فراہمی، تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام باشعور ہیں اور وہ کارکردگی، دیانت داری اور عوامی خدمت کی بنیاد پر فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ آئین، جمہوریت اور عوامی حقوق کی محافظ رہی ہے اور مستقبل میں بھی عوام کی امیدوں پر پورا اترے گی۔

سیالکوٹ' درجنوں مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرم مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک

مجرم پولیس کو متعدد اقدام قتل اغواء اور چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب تھا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) درجنوں مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرم مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ۔تفصیلات کے مطابق تھانہ چھلورہ کے علاقے گگوڈی میں پولیس نے ناکہ لگایا ہوا تھا کہ تین ملزمان موٹر سائیکل پر آئے اور پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی پولیس ملازمین نے بمشکل اپنی جانیں بچائیں جبکہ ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے پولیس کے سرچ آپریشن کے دوران کچھ فاصلے پر ایک ملزم کی نعش ملی جو اپنے ساتھیوں کی ہی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا تھا مجرم کی شناخت رفعت عدنان عرف دانی ولد محمد یوسف قوم جٹ سکنہ عاقی باچھی تحصیل پسرور معلوم ہوا مجرم پولیس کو متعدد اقدام قتل اغواء اور چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب تھا پولیس نے نعش میں تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

مہنگائی، جماعت اسلامی 7 اگست کو بھرپور احتجاج کریگی، سردار ظفر

حکمران عوام پر بھاری ٹیکسوں اور مہنگائی کا بوجھ ڈال رہے ہیں' ڈاکٹر عطاء اللہ حمید

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) جماعت اسلامی کے صدر کسان بورڈ سردار ظفر حسین ایڈووکیٹ اور ضلعی امیر جماعت اسلامی ڈاکٹر عطاء اللہ حمید نے دفتر جماعت اسلامی گوجرہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور غریب عوام پر ظالمانہ ٹیکسوں کی بھرمار کے خلاف ملک بھر کے ہر ضلع میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام 7 اگست کو بھرپور احتجاج کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ حکمران اپنی عیاشیاں ختم کرنے اور عوام کو ریلیف دینے کی بجائے عوام پر بھاری ٹیکسوں اور مہنگائی کا بوجھ ڈال رہے ہیں، جس سے غریب کی زندگی مزید مشکلات کا شکار ہو کر رہ گئی ہے مزدور طبقہ غربت کی چکی میں بری طرح سے پس گیا ہے اور غریب عوام اس ظالمانہ مہنگائی سے تنگ آ کر خودکشیوں پر مجبور ہو رہے ہیں جبکہ حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک بھی نہیں رینگ رہی جس کے خلاف جماعت اسلامی ہر فورم پر احتجاج کرتے ہوئے غریب عوام کی آواز بنے گی اس موقع پر جماعت اسلامی کے دیگر رہنماؤں کی کثیر تعداد موجود تھی۔

حافظ آباد۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ڈی ایچ کیو ہسپتال، کلمہ چوک اور ڈسپوزل اسٹیشن کے دورے کے موقعہ پر بارشی پانی کے نکاس کا جائزہ لے رہے ہیں

نشیبی علاقوں سے نکاسی آب کے کاموں کو یقینی بنایا جائے' عبدالرزاق

ڈپٹی کمشنر بارش میں ڈی ایچ کیو ہسپتال اور شہر کے مختلف نشیبی علاقوں اور دیہات میں پہنچ گئے

حافظ آباد (بیورو چیف) حافظ آباد میں موسلادھار بارش، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق صبح سویرے بارش میں ڈی ایچ کیو ہسپتال، ڈسپوزل اسٹیشن، شہر کے مختلف نشیبی علاقوں اور دیہات میں پہنچ گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈسپوزل اسٹیشنز اور مختلف شاہراہوں پر نئی ہیوی موٹریں اور ڈی واٹرنگ سیٹ لگوا کر اپنی نگرانی میں بارشی پانی کو نکالنے کا کام کروایا۔ ایم ڈی واسا بلال فیروز جوئیہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فضہ ارشد، اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد نرجس خاتون جعفری بھی بارش کے دوران مختلف علاقوں کے دورے کرتے رہے۔ ڈپٹی کمشنر بارش کے دوران صبح سویرے ڈی ایچ کیو ہسپتال، مدھریانوالہ روڈ ڈسپوزل، کسوکی روڈ ڈسپوزل، کلمہ چوک، کولو روڈ، گوجرانوالہ روڈ، جنرل بس اسٹینڈ اور دیگر علاقوں میں پہنچ گئے جہاں انہوں نے بارشی پانی کو نکالنے کے حوالے سے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کڑیال، کسوکی اور کوٹ حسن خان کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے سیم نالوں کی صفائی اور بارشی پانی کے نکاس کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہیوی مشنری کی مدد سے سیم نالوں کی صفائی کروائی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے گوجرانوالہ روڈ، جنرل بس اسٹینڈ اور ڈسپوزل اسٹیشن پر نئے ہیوی ڈی واٹرنگ سیٹ لگوا کر اپنی نگرانی میں بارشی پانی کو نکلوایا۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ واسا، ستھرا پنجاب ایجنسی اور میونسپل کمیٹی کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام انسانی و مشنری وسائل بروئے کار لا کر نشیبی علاقوں سے نکاسی آب کے کاموں کو یقینی بنایا جائے۔

سیالکوٹ' کمشنر گوجرانوالہ محمد علی کا ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ ڈسکہ کا ہنگامی دورہ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کے ہمراہ ڈسکہ کا ہنگامی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے 191 ملی میٹر ریکارڈ بارش کے بعد جناح چوک سمیت شہر کے نشیبی علاقوں کی صورتحال کا جائزہ لیا اور نکاسی آب کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے سیالکوٹ سے 3 ڈی واٹرنگ سیٹس فوری طور پر ڈسکہ روانہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس کے علاوہ، اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال کو ہدایت جاری کی گئی کہ وہ امدادی کارروائیوں میں معاونت کیلئے فوری طور پر ڈسکہ پہنچیں۔ کمشنر محمد علی نے کہا کہ غیر معمولی بارش کے بعد پانی کے فوری اخراج کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کو ہدایت کی کہ ڈسکہ میں بارش رک جانے کے بعد نکاسی آب کا آپریشن مزید تیز کیا جائے تا کہ شہریوں کو پانی جمع ہونے کی وجہ سے درپیش مشکلات سے جلد از جلد نجات دلائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے اس موقع پر نے کہا کہ واسا، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے مکمل فیلڈ الرٹ پر ہیں اور نکاسی آب کا عمل جاری ہے۔

عارف والا' نواحی گاؤں 69 ای بی میں سابق یوسی وائس چیئرمین کا گاؤں کو صاف ستھرا بنانے کا مشن جاری

عارف والا (تحصیل رپوٹ) نواحی گاؤں 69 ای بی میں سابق یو سی وائس چیئرمین چوہدری انجم عمیر کا پورے گاؤں کو صاف ستھرا بنانے کا مشن جاری اس سلسلہ میں چوہدری انجم عمیر کی قیادت میں صفائی ستھرائی کی مہم جاری ہے، جس کے تحت پورے گاؤں 69 ای بی کو صاف رکھنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ صفائی ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور اس پر عمل کرنا ہمارا قومی فریضہ بھی ہے جبکہ پورے گاؤں کی گلیوں، سڑکوں اور عوامی مقامات کی باقاعدہ صفائی کرائی جا رہی ہے، جس سے ماحول پہلے سے زیادہ صاف اور خوشگوار ہو گیا ہے اہل علاقہ نے صفائی کے اس اقدام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے سابق چیئرمین چوہدری عمیر انجم کی کاوشوں کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ گاؤں کو صاف ستھرا رکھنے کا یہ سلسلہ آئندہ بھی اسی طرح جاری رہیگا۔

شرقپور: عاصمہ نواز نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کر لی

اہل علاقہ کی مبارکباد، طالبہ نے جی سی یونیورسٹی فیصل آباد سے گولڈ میڈل حاصل کیا تھا

شرقپور شریف (تحصیل رپورٹر، نمائندہ خصوصی) نواحی قصبہ چار چک رسالہ سے پہلی پی ایچ ڈی ہونہار طالبہ ہونے کا اعزاز عاصمہ نواز نے حاصل کر لیا ، عاصمہ نواز چار چک رسالہ کی معروف شخصیت میاں محمد نواز کی صاحبزادی جبکہ میاں عمران شکور اور میاں الیاس شکور کی بھانجی ہیں انہوں نے ایم فل میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد سے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گولڈ میڈل حاصل کیا تھا نوجوان طالبہ عاصمہ نواز نے پی ایچ ڈی کی ڈگری سکالرشپ کے تحت اٹلی کی مشہور زمانہ یونیورسٹی ویرونا سے زوالوجی میں حاصل کی ہے اس غیر معمولی کارکردگی پر علاقہ بھر کی ممتاز شخصیات کی طرف سے طالبہ اور اہل خانہ کو مبارکباد پیش کی گئی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے۔

حافظ آباد' واسا کی انتھک کوششوں سے شہر کے نشیبی علاقوں میں کھڑے پانی کو نکال دیا گیا

حافظ آباد (بیورو چیف) واسا کے ایم ڈی بلال فیروز جوئیہ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی دن رات اور انتھک کوششوں سے شہر کے نشیبی علاقوں میں کھڑے پانی کو نکال دیا گیا۔ اس سلسلہ میں گذشتہ روز مختلف علاقوں میں پیٹر انجن اور موٹریں لگانے کے ساتھ ساتھ واسا کی تمام مشینری کا بھرپور استعمال کیا گیا جس کے بعد بارشی پانی کا نکاس ہونے سے شہر کے گلی محلے اور شاہراہیں پانی سے صاف نظر آنے لگیں۔ شہریوں نے ایم ڈی واسا بلال فیروز جوئیہ اور ڈی سی عبدالرزاق کی بارشی پانی کے نکاس میں کی جانے والی کاوشوں کو سراہا ہے اور انہیں

حکومت کی کوششوں کا مقصد شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا ہے' محمد منشاء اللہ

بارشی پانی کے فوری نکاس کو یقینی بنایا جا رہا ہے' رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام اور خواجہ سلطان ٹیپو کی ہمراہ مون سون بارش کے دوران شہر کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ کیا اور نشیبی علاقوں سے بارشی پانی کے نکاس کے لیے واٹر اینڈ سینی ٹیشن ایجنسی (واسا) سیالکوٹ کی جانب سے جاری آپریشن کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ڈی واسا فیصل شہزاد نے صوبائی وزیر کو نکاسی آب کے انتظامات پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سیالکوٹ شہر میں مون سون کی بارشوں کا مسلسل چوتھا روز ہے اور شدید بارش کے دوران بھی واسا کا عملہ فیلڈ میں موجود رہ کر نکاسی آب کا کام انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جدید مشینری اور پمپنگ اسٹیشنوں کی مدد سے چند گھنٹوں کے اندر بارشی پانی کا نکاس ممکن بنایا جا رہا ہے جبکہ اس وقت شہر میں پمپنگ اسٹیشنوں اور ڈی واٹرنگ مشینوں کی مجموعی استعداد 355 کیوسک تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا واسا کے قیام کا بنیادی مقصد شہریوں کو معیاری میونسپل سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید مشینری، مؤثر منصوبہ بندی اور خلوص نیت سے انسانی وسائل کے بہترین استعمال کے باعث تاریخ میں پہلی مرتبہ بارشی پانی کا تیز ترین نکاس ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب کی تمام تر کوششوں کا مقصد شہریوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہے تا کہ وہ مشکلات جن کا ماضی میں مون سون کے دوران سامنا کرنا پڑتا تھا، ان کا مؤثر حل فراہم کیا جا سکے۔ رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے بھی واسا کی ٹیموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہے ہیں اور بارشی پانی کے فوری نکاس کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

گوجرہ، صدر کسان بورڈ سردار ظفر حسین ایڈووکیٹ اور ضلعی امیر ڈاکٹر عطاء اللہ حمید پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

لالیاں: ناقص نکاسی آب نے شہر کو ڈبو دیا، شہری سراپا احتجاج

اسسٹنٹ کمشنر نے عوامی شکایات کے ازالے کے لیے قابل تحسین اقدامات کیے

لالیاں (تحصیل رپورٹر) ناقص نکاسی آب نے پورے شہر کو ڈبو کر رکھ دیا، سیاسی غفلت، ناکارہ ترقیاتی منصوبوں کا خمیازہ شہری بھگتنے لگے۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ بارش نے سیاسی عدم توجہ، ناقص ترقیاتی منصوبوں اور برسوں سے نظر انداز کیے گئے نکاسی آب کے ناقص نظام کی قلعی کھول دی۔ بارش ہونے سے شہر کی تمام شاہراہیں، بازار، محلے اور رہائشی علاقے پانی میں ڈوب گئے، دکانوں کے اندر پانی داخل ہونے سے دکانداروں کو لاکھوں روپے کے نقصانات ہوئے۔ شہری گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس مشکل صورتحال میں اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر محمد انس سعید کی مسلسل کاوشوں، بروقت نگرانی اور فیلڈ میں موجودرہ کر امدادی سرگرمیوں کی قیادت قابل تعریف ہے۔ شہریوں نے میڈیا کو بتایا کہ، اگرچہ نکاسی آب کا بنیادی مسئلہ برسوں کی سیاسی غفلت کا نتیجہ ہے، تاہم اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر محمد انس سعید نے محدود وسائل کے باوجود پانی کی نکاسی متاثرہ علاقوں کے دوروں، عوامی شکایات کے ازالے کے لیے قابل تحسین اقدامات کیے، جنہیں عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ سیاسی نمائندے ہر دور میں ترقیاتی دعوے تو کرتے آئے، مگر شہر کو بارش کے پانی سے محفوظ بنانے کے لیے آج تک کسی سیاسی نمائندے نے کوئی عملی اقدامات نہ کیے۔ جس کا خمیازہ آج عوام بھگت رہے ہیں۔ سرکاری افسران وقتاً فوقتاً تبدیل ہوتے رہے، مگر بنیادی مسئلہ جوں کا توں برقرار رہا۔ شہریوں نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ لالیاں کے نکاسی آب کے نظام کی ازسر نو منصوبہ بندی کی جائے، اور اس اہم عوامی مسئلے کو مستقل بنیادوں پر فوری حل کیا جائے تا کہ آئندہ بارشوں میں شہریوں کو دوبارہ اس اذیت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

وزیر آباد' تنظیم الغفاری برادری کے زیر اہتمام کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے کارنر میٹنگ

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع وزیر آباد تنظیم الغفاری برادری کے زیر اہتمام 31 جولائی کو ساروکی کے "اپنا میرج ہال" میں منعقد ہونے والے عظیم الشان کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں محمد عدنان غفاری آف بھروکی کی رہائشگاہ پر ایک اہم کارنر میٹنگ اور پرتکلف ناشتے کا اہتمام کیا گیا۔ میٹنگ میں ضلع اور تحصیل وزیر آباد کے عہدیداران، ممبران اور برادری کے معزز افراد نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے دوران 31 جولائی کو ہونے والے کنونشن کی تیاریوں، انتظامی امور، استقبالیہ انتظامات، مہمانوں کی آمد اور پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے مختلف ذمہ داریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کنونشن کو ہر لحاظ سے کامیاب اور یادگار بنایا جائے گا۔ مقررین نے کہا کہ الغفاری برادری کے اتحاد، اتفاق اور باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ایسے اجتماعات نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر کنونشن کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

قیدیوں کی اصلاح، احوال کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں' صادق

مقید قیدیوں کو حکومت کی طرف سے دی جانے والی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) آئی جیل خانہ جات پنجاب صادق جلال کا دورہ کیا۔ آئی جیل خانہ جات پنجاب صادق جلال نے آئی کا چارج سنبھالنے کے بعد ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ کا پہلا دورہ کیا۔ انسپکٹر جنرل صادق جلال نے ڈسٹرکٹ جیل میں قیدیوں کی بارکوں، کچن، ہسپتال، لٹریسی سینٹر، بیوٹا سینٹر، ٹریننگ سینٹر برائے اے سی، موٹر مکینک، سلائی سینٹر کا دورہ کیا اور قیدیوں کے ملاقاتیوں کے مسائل بھی سنے۔ اور متعلقہ شعبوں کے بارے معلومات حاصل کیں اور احکامات جاری کئے ڈسٹرکٹ جیل میں مقید قیدیوں کو حکومت کی طرف سے دی جانے والی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور قیدیوں کی اصلاح، احوال کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں تا کہ جب قیدی رہا ہو کر اپنے علاقوں میں جائیں تو یہ مفید شہری ثابت ہوں۔

سیالکوٹ، آئی جی جیل خانہ جات پنجاب صادق جلال دورہ ڈسٹرکٹ کے موقع پر کچن میں قیدیوں کے کھانے کا جائزہ لے رہے ہیں

چیچہ وطنی' 51 لاکھ کی اجناس، مویشی خرد برد کرنے کا معاملہ ایک سال ایک ماہ 9 یوم کی تاخیر سے مقدمہ درج

چیچہ وطنی (نمائندہ حریف) ریٹائرڈ کرنل کے منیجر کا 51 لاکھ کی اجناس، مویشی خرد برد کرنے کا معاملہ، تھانہ کسووال پولیس نے ایک سال ایک ماہ 9 یوم کی تاخیر سے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات ذرائع کے مطابق نواحی گاؤں 2 چودہ ایل کے ریٹائرڈ کرنل افضال حسین بھٹی ستارہ امتیاز ملٹری کی پچاس ایکڑ زرعی زمین جسے وہ خود کاشت کر رہے تھے لیکن معاملات کی دیکھ بھال کے لیے منیجر محمد اقبال کو اختیارات دے رکھے تھے۔ افضال حسین بھٹی بوجہ بیماری اسلام آباد چلے گئے تھے اور منیجر محمد اقبال نے ان کی غیر حاضری کے دوران ڈیرہ اور گودام میں پڑی اجناس مویشی سب کچھ فروخت کر کے فرار ہو گیا۔ جب 15 جون 2025 کو کرنل افضال حسین بھٹی واپس آئے تو ملزم مویشی اجناس سب کچھ فروخت کر کے فرار ہو چکا تھا۔ پولیس تھانہ کسووال نے کرنل ریٹائرڈ افضال حسین بھٹی کی مدعیت میں ایک سال، ایک ماہ اور 9 یوم کی تاخیر سے مقدمہ بجرم 408 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

ایک کروڑ 58 لاکھ روپے خزانے میں جمع کرائے: اعجاز کوثر

محکمہ تعلیم کو کرپشن سے پاک بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائینگے: میڈیا سے گفتگو

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) محترمہ اعجاز کوثر نے کہا ہے کہ محض 11 ماہ کے قلیل عرصے میں محکمہ تعلیم چشتیاں میں مالی بے ضابطگیوں کے خلاف مؤثر اقدامات کرتے ہوئے آڈٹ پیراز کی مد میں 1 کروڑ 40 لاکھ روپے جبکہ آفٹرنون سکولز پروگرام کے تحت 18 لاکھ روپے سرکاری خزانے میں جمع کروائے گئے ہیں۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ محکمہ تعلیم کو کرپشن سے پاک اور شفاف ادارہ بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے ۔میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 11 اگست 2025 کو بطور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) چشتیاں چارج سنبھالتے ہی انہیں سنگین نوعیت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑا، جن میں بوگس تقرریاں، زیر التواء کورٹ کیسز، متعدد انکوائریاں اور آڈٹ اعتراضات سرفہرست تھے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی آفس (زنانہ) چشتیاں گزشتہ کئی سالوں سے مافیا کے زیر اثر رہا انہوں نے مزید بتایا کہ مئی 2025 میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی بہاولنگر ڈاکٹر عطا محمد ظہیر کے چارج سنبھالنے کے بعد محکمہ تعلیم میں مافیا کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن شروع کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایات کے مطابق اصلاحاتی اقدامات کو تیز کیا گیا، جس کے تحت انہوں نے بھی اپنی اعلیٰ افسران کی رہنمائی میں عملی اقدامات کیے کیونکہ اعجاز کے مطابق آڈٹ پیرا 2023-24 کے تحت آفٹرنون سکول پروگرام میں تقریباً 18 لاکھ روپے بذریعہ چالان ریکور کیے گئے، جبکہ اسی آڈٹ کے تحت ایک اور مد میں تقریباً 1 کروڑ 40 لاکھ روپے میں سے بیشتر رقم وصول کر لی گئی ہے اور صرف 7 لاکھ روپے کی ریکوری باقی ہے، جس پر عمل جاری ہے انہوں نے کہا کہ ریکوری کے عمل کے دوران شدید مشکلات کا سامنا رہا، جبکہ بوگس تقرریوں اور مختلف کورٹ کیسز سے بھی نمٹنا پڑا۔ اب تک 32 بوگس ملازمین (درجہ چہارم) کو ملازمتوں سے فارغ کیا جا چکا ہے، جو کہ حکومت پنجاب پر اضافی بوجھ تھیں انہوں نے مزید بتایا کہ بوگس اساتذہ کی تقرریوں سے متعلق متعدد کیسز میں ابتدائی انکوائری مکمل کر کے ریگولر انکوائری کے لیے اعلیٰ حکام کو بھجوا دی گئی ہے۔

داسا کے تمام ڈسپوزل اسٹیشن مکمل طور پر فعال ہیں' ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے صبح ساڑھے آٹھ بجے سے جاری شدید بارش کے دوران شہر کے مختلف نشیبی علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور بارشی پانی کی نکاسی کے انتظامات کا موقع پر جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہاب پورہ، عالم چوک، ماڈل ٹاؤن، خادم علی روڈ، دارا آرائیاں سمیت دیگر نشیبی علاقوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر واسا فیصل شہزاد اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی رانا صفدر شبیر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے بتایا کہ شہر میں صبح ساڑھے آٹھ بجے سے شام تک اوسطاً 86 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق بارش کے دوران واسا اور ستھرا پنجاب پروگرام کی تمام ٹیمیں مسلسل فیلڈ میں موجود رہیں اور نکاسیاب کے عمل کی نگرانی جاری رکھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ عرصے کے مقابلے میں سیالکوٹ میں کھڑے بارشی پانی کے نکاس کے وقت میں 80 فیصد سے زائد کمی لائی گئی ہے۔

جرائم کی روک تھام اولین ترجیح ہے، پی غازی محمد عمر فاروق

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نوٹیفکیشن کے اجراء پر پنجاب ہائی وے پٹرول پولیس ساہیوال ریجن کے نئے کرائم فائٹر ریجنل آفیسر ایس۔ پی غازی محمد عمر فاروق نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ترجمان پٹرولنگ پولیس کے مطابق چارج سنبھالنے پر قائمقام ڈسٹرکٹ آفیسر اوکاڑا نے ویلکم کیا جبکہ پٹرولنگ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے نئے تعینات ہونے والے ریجنل آفیسر کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ چارج سنبھالنے کے موقع پر ایس۔ پی غازی محمد عمر فاروق نے ریجن بھر کی فورس کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شاہراہوں پر جرائم کی روک تھام کو اولین ترجیح دی جائے۔ اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروروں کی گرفتاریوں کے لیے مؤثر مہم چلائی جائے۔ پبلک ٹرانسپورٹ میں غیر قانونی ایل۔ پی۔ جی سلنڈرز کے استعمال کے خلاف بلا امتیاز بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے۔ دوران سفر کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں پٹرولنگ پولیس ہیلپ لائن 1124 کے استعمال بارے شہریوں میں آگاہی مہم کو مزید فعال بنایا جائے۔

اوکاڑہ' جھگڑے پر دوکاندار نے خاتون پر تیزاب پھینک دیا

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ کے نواح میں معمولی جھگڑے پر دوکاندار نے خاتون پر تیزاب پھینک دیا جس سے وہ بری طرح جھلس گئی۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ نئی آبادی حجرہ شاہ مقیم کی رہائشی رابعہ بی بی دختر رحمت علی اپنے رشتہ دار محمد وقاص ولد ذوالفقار علی کی دوکان کر کام کا سلسلہ میں گئی اسی دوران دونوں میں جھگڑا ہو گیا جس پر طیش میں آ کر محمد وقاص نے رابعہ بی بی پر تیزاب پھینک دیا جس سے وہ بری طرح جھلس کر بے ہوش ہو گئی جسے ہسپتال داخل کروا دیا گیا ہے پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔

گوجرہ' بیٹی کو غیرت کے نام پر قتل کرنیوالے باپ کو عمر قید

عدم ادائیگی جرمانہ پر مزید چھ ماہ قید بھگتنا ہوگی' ملزم کو جیل بھیج دیا گیا

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گوجرہ ملک محمد مشتاق نے بیٹی کو غیرت کے نام پر قتل کرنے کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت ہونے پر باپ کو عمر قید اور پانچ لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنا دی۔ استغاثہ کے مطابق تھانہ صدر کے نواحی گاؤں چک نمبر 418 ج ب کے ماجد حسین نے اپنی حقیقی بیٹی ام الکسین کو غیرت کے نام پر فائر مار کر قتل کر دیا تھا جس کا مقدمہ منظور احمد اسسٹنٹ سب انسپکٹر کی مدعیت میں درج کیا گیا اور ملزم کو گرفتار کر کے چالان مرتب کر کے پیش عدالت کیا گیا جس پر فاضل جج نے مقدمہ کی سماعت کے بعد جرم ثابت ہونے پر مقتولہ کے باپ ماجد حسین کو عمر قید اور پانچ لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا عدم ادائیگی جرمانہ پر مزید چھ ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ ملزم کو جیل بھیج دیا گیا۔

سیالکوٹ' ڈھلم بلگن کے قریب نالہ ایک کا بند ٹوٹ گیا

اردگرد کے علاقوں میں سیلابی پانی داخل ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈھلم بلگن کے قریب نالہ ایک کا بند ٹوٹ گیا قریبی علاقوں میں خطرے کی صورتحال، مسلسل بارشوں اور نالہ ایک میں پانی کے شدید دباؤ کے باعث موضع ڈھلم بلگن کے قریب نالہ ایک کا بند ٹوٹ گیا، جس کے نتیجے میں اردگرد کے علاقوں میں سیلابی پانی داخل ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق بند ٹوٹنے کے بعد اہل علاقہ میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے، جبکہ مقامی افراد اپنی مدد آپ کے تحت صورتحال پر قابو پانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ فوری طور پر موقع پر پہنچ کر ہنگامی بنیادوں پر حفاظتی اقدامات کیے جائیں تا کہ مزید نقصان سے بچا جا سکے۔ علاقہ مکینوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی ہے کہ غیر ضروری طور پر متاثرہ علاقے کا رخ نہ کریں، احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں۔

سیالکوٹ' بارش کے پانی میں بجلی کی تار گرنے سے ایک شخص جاں بحق

لاش کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈسکہ منتقل کر دیا گیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) بارش کے پانی میں بجلی کی تار گرنے سے ایک شخص جاں بحق۔ ڈسکہ روڈ، عوامی روڈ پر بارش کے پانی میں بجلی کی تار گرنے کے باعث ایک شخص کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو 1122 سیالکوٹ کو اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر روانہ کی گئیں، جبکہ مزید حادثات سے بچاؤ کے لیے واپڈا حکام کو اطلاع دے کر بجلی کی فراہمی بند کروائی گئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے 50 سالہ سعید ولد نعمت علی کو ریسکیو کرنے کے بعد چیک کیا تو موقع پر ہی جاں بحق ہو چکا تھا۔ لاش کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈسکہ منتقل کر دیا گیا۔ بارش کے دوران پانی میں گری ہوئی بجلی کی تاروں سے دور رہیں اور کسی بھی برقی حادثے کی صورت میں فوری طور پر 1122 اور متعلقہ بجلی کے ادارے کو اطلاع دیں۔

شرقپور: شدید بارشیں، سیم نالہ کے بند ٹوٹ گئے، متعدد دیہات زیر آب

سیم نالہ کے بند مضبوط کیے جائیں اور ہماری مدد کی جائے: امانت علی، افتخار احمد و دیگر کا مطالبہ

شرقپور شریف (تحصیل رپورٹر، نمائندہ خصوصی) شرقپور شریف نواحی گاؤں دینے والی میں شدید بارشوں کی وجہ سے سیم نالہ کے بند ٹوٹنے سے متعدد دیہات زیر آب آ گئے جس سے سینکڑوں ایکڑ پر مونجی کی کھڑی فصلیں تباہ ہو گئیں اور زمیندار برباد ہو گئے اس سیم نالہ نے جن دیہات کو نقصان پہنچایا ہے ان میں دینے والی، چک نمبر 4 رسالہ، چک نمبر 5 بھلیاں والی، ڈیرہ جٹاں، کھوہ شیخاں دا، اسلام نگر اور چھوٹے ڈیرہ جات کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اس موقع پر مقامی معززین چوہدری امانت علی بھٹی اور چوہدری افتخار احمد بھٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بارشوں کی وجہ سے ہماری سینکڑوں ایکڑز اراضی پر کھڑی فصلیں برباد ہو گئیں ہیں اسسٹنٹ کمشنر شرقپور شریف اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اس سیم نالہ کے بند مضبوط کیے جائیں اور ہماری مدد کی جائے۔

حافظ آباد پولیس کی سماج دشمن عناصر کیخلاف مہم سے اہل علاقہ خوش

کھلی کچہریوں نے پولیس اور عوام میں دوریاں ختم کر دی ہیں، رانا خالد محمود

حافظ آباد (بیورو چیف) حافظ آباد پولیس کی جانب سے ضلع بھر میں سماج دشمن اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف چلائی گئی مہم کے دوران نہ صرف بے شمار خطرناک مجرمان کی گرفتاری عمل میں آئی ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر ضلع چھوڑنے پر مجبور ہو رہے ہیں ۔جس پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فواد احمد کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے وہ کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار رانا خالد محمود کی زیر صدارت منعقدہ عوامی محاذ کے اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ڈی پی او نے اپنی تعیناتی کے بعد ضلع کے تھانہ جات میں میرٹ پر ایس ایچ اوز کی جس انداز میں تعیناتیاں کی ہیں۔ اسکے نہایت ہی حوصلہ افزا نتائج برآمد ہو رہے ہیں جبکہ ڈی پی او کی اوپن ڈور پالیسی اور روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کے سلسلہ نے پولیس اور عوام میں پائی جانے والی دوریاں ختم کر دی ہیں جس سے ضلع میں وزیر اعلیٰ اور آئی جی پولیس پنجاب کا ویژن حقیقی روپ دھارتا دکھائی دینے لگا ہے۔

حافظ آباد' مصطفائی تحریک یوم تاسیس نہایت تزک و احتشام سے منایا گیا

تقریب کی صدارت عبدالستار شاہد صدر مصطفائی تحریک حافظ آباد نے کی

حافظ آباد (بیورو چیف) مصطفائی تحریک پاکستان کا 35 واں یوم تاسیس نہایت تزک و احتشام کے ساتھ منایا گیا۔ اس پروقار تقریب کی صدارت عبدالستار شاہد صدر مصطفائی تحریک حافظ آباد نے کی جبکہ مہمانِ خصوصی ممتاز مذہبی و روحانی شخصیت پیر سید محمد عطاء الحسنین علی شاہ صاحب تھے۔ اس موقع پر سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور تحریک کے عمرہ ادا کرنے والے زائرین کو استقبالیہ بھی دیا گیا۔ بعد ازاں شجر کاری مہم کا افتتاح بھی کیا گیا۔ جناب پیر سید محمد عطاء الحسنین علی شاہ صاحب نے اپنے دست مبارک سے پودا لگا کر مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر مصطفائی تحریک گجرات ڈویژن کے قائم مقام صدر جناب محمد ابراہیم بھٹی صاحب، سنی اتحاد کونسل کے چیئرمین محمد شہزاد قادری، ایڈمن حافظ آباد عبدالجبار رضا انصاری، ممتاز اسکالر یاسر عظیم چوہان، افتخار احمد چشتی، حافظ محمد سعید صاحب اور کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔ آخر میں شرکاء کو ظہرانہ دیا گیا۔

گوجرہ، علمائے کرام کا وفد ربیع الاول کی آمد کے سلسلہ میں آر پی او فیصل آباد سہیل اختر سکھیرا سے ملاقات کر رہا ہے

گوجرہ' مولانا خالد رضوی برکاتی و دیگر رہنماؤں کی آر پی او فیصل آباد سہیل اختر سکھیرا سے ملاقات

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) چیئرمین اہلسنت امن کمیٹی ڈویژن فیصل آباد مولانا خالد رضوی برکاتی نے دیگر رہنماؤں میلاد کمیٹی کے منیب نورانی، شیخ قدیر، پروفیسر اشرف شاد، رابطہ کمیٹی وحید کمبوہ کے ہمراہ آر پی او فیصل آباد سہیل اختر سکھیرا سے ان کے دفتر میں ربیع الاول کے مقدس مہینہ کی آمد کے سلسلہ میں ملاقات کی ۔جس میں سیکیورٹی کے حوالے سے فول پروف اقدامات کرنے اور مساجد و مدارس میں سیرت النبیؐ اور میلاد النبیؐ کے پیغامات کو عام کرنے پر زور دیا گیا اور امن وامان، خوبصورت انتظامات کرنے کا اعادہ کیا گیا۔ جس پر آر پی او فیصل آباد نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ ٹھوس اقدامات کئے جائیں گے۔

سپورٹس ڈیسک

بھارتی کرکٹر ارشدیپ سنگھ کی اداکارہ ثمرین کور کیساتھ تعلقات کی تصدیق

ارشدیپ سنگھ اور ثمرین کور کے تعلقات کی افواہیں 2026 کے انڈین پریمیئر لیگ (IPL) سیزن کے دوران سامنے آئیں



نئی دہلی (شوبز نیوز) بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر ارشدیپ سنگھ نے طویل عرصے سے جاری قیاس آرائیوں کا خاتمہ کرتے ہوئے اداکارہ، ماڈل اور سوشل میڈیا شخصیت ثمرین کور کے ساتھ اپنے تعلقات کو باضابطہ طور پر عوامی طور پر تسلیم کرلیا۔ ارشدیپ سنگھ نے انسٹاگرام پر ثمرین کور کے ہمراہ محبت بھری تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں مائی پرسن لکھا، جس کے بعد مداحوں اور ساتھی کھلاڑیوں کی جانب سے دونوں کو مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے۔ ارشدیپ سنگھ اور ثمرین کور کے تعلقات کی افواہیں 2026 کے انڈین پریمیئر لیگ (IPL) سیزن کے دوران سامنے آئیں، جب ارشدیپ نے اسنیپ چیٹ پر ایک تصویر شیئر کی تھی جس میں وہ ایک خاتون کا ہاتھ تھامے ہوئے تھے۔ مداحوں نے تصویر میں نظر آنے والے ٹیٹو اور نیل آرٹ کو ثمرین کور کی انسٹاگرام تصاویر سے ملاتے ہوئے دونوں کے تعلقات کے بارے میں قیاس آرائیاں شروع کردی تھیں۔ بعدازاں ثمرین کور مختلف آئی پی ایل میچز کے دوران وی آئی پی انکلوژرز میں ارشدیپ کی حوصلہ افزائی کرتی بھی نظر آئیں، جبکہ پاپارازیوں نے دونوں کو کئی مواقع پر ایئرپورٹ اور دیگر مقامات پر ایک ساتھ بھی دیکھا، جس سے ان افواہوں کو مزید تقویت ملی۔ 26 سالہ ثمرین کور اداکارہ، ماڈل اور سوشل میڈیا انفلوئنسر ہیں اور ان کا تعلق بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر سے ہے۔ انہوں نے 2018 میں فیمینا مس انڈیا مقابلے میں اپنے آبائی علاقے کی نمائندگی کرتے ہوئے رنر اپ پوزیشن حاصل کی، جس کے بعد ماڈلنگ اور شوبز انڈسٹری میں اپنی شناخت بنائی۔ ثمرین کور متعدد معروف میوزک ویڈیوز میں بھی جلوہ گر ہو چکی ہیں، جن میں انہوں نے گلوکار جوبن نوٹیال، یو یو ہنی سنگھ اور بادشاہ کے ساتھ کام کیا ہے۔

ابھیشیک شرما زمبابوے کیخلاف بھی بری طرح ناکام

ابھیشیک شرما کی کارکردگی بھارتی ٹیم کے لیے تشویش کا باعث بنتی جارہی ہیرپورٹ

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹ ٹیم کے اوپنر ابھیشیک شرما کی خراب فارم برقرار ہے اور وہ زمبابوے کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بری طرح ناکام رہے۔ زمبابوے کے خلاف تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارتی کپتان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تو ابھیشیک شرما 4 گیندوں پر صرف 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ اس سے قبل دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں ابھیشیک شرما 8 گیندوں پر 8 رنز ہی بنا سکے تھے جبکہ پہلے میچ میں 8 گیندوں پر صرف ایک رن ہی بنا پائے تھے۔ ان کی کارکردگی بھارتی ٹیم کے لیے تشویش کا باعث بنتی جارہی ہے۔ دوسری جانب انہوں نے تیسرے میچ میں 17 رنز کے عوض تین وکٹیں حاصل کیں جو کسی بھی بھارتی اوپنر کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ میں بہترین بولنگ کارکردگی ہے۔ واضح رہے کہ بھارتی ٹیم کی اگلی ٹی ٹوئنٹی سیریز اکتوبر میں ویسٹ انڈیز کے خلاف شیڈول ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ٹیسٹ سنچری کے بغیر بابر اعظم کی 33 اننگز مکمل

بابر اعظم نے دسمبر 2022 کے بعد سے 42 ماہ کے عرصے میں 33 ٹیسٹ اننگز کھیلی ہیں

جمیکا (سپورٹس نیوز) برائن لارا کرکٹ اکیڈمی تروبا میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلا ٹیسٹ بابر اعظم کے کیریئر کا بطور کپتان 21 واں ٹیسٹ میچ ہے جبکہ مجموعی طور پر دائیں ہاتھ کے بیٹر کا یہ 63 واں ٹیسٹ میچ ہے۔ ٹیسٹ کرکٹ میں پاکستان کے لیے سب سے زیادہ رنز بنانے والوں میں دسواں نمبر رکھنے والے بابر اعظم جنھوں نے اب تک 115 ٹیسٹ اننگز میں 9 سنچریاں بنائیں ہیں، ٹیسٹ کرکٹ میں دسویں سنچری کے لیے ان کا انتظار اب صبر آزما بننے لگا۔ ٹیسٹ کرکٹ میں اپنی اولین سنچری 32 اننگز کے بعد اسکور کرنے والے بابر اعظم نے ٹیسٹ کرکٹ میں آخری سنچری اننگز کراچی میں نیوزی لینڈ کے خلاف دسمبر 2022 میں 161 رنز کی شکل میں کھیلی تھی۔ اس کے بعد سے دائیں ہاتھ کے بیٹر ٹیسٹ کرکٹ میں مسلسل بڑی اننگز کھیلنے کی کوشش میں ناکام دکھائی دے رہے ہیں۔ بابر اعظم نے دسمبر 2022 کے بعد سے 42 ماہ کے عرصے میں 33 ٹیسٹ اننگز کھیلی ہیں۔ بابر اعظم کی اس دوران بیٹنگ میں غیر مستقل مزاج کا انداز اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ صرف 2 بار اس عرصے میں ایسی 2 اننگز کھیل سکے جن میں انہوں نے 100 سے زیادہ گیندیں کھیلی ہیں، جبکہ 33 اننگز میں وہ 5 نصف سنچریوں کے ساتھ 863 رنز بنا سکے۔

جوکووچ اور سبالینکا یو ایس اوپن مکسڈ ڈبلز میں پہلی بار ایک ساتھ ایکشن میں ہوں گے

گزشتہ سال کے رنر اپ پولینڈ کی ایگا شواتک اور ناروے کے کیسپر روڈ دوبارہ ایک ہی ٹیم بنائیں گے

نیویارک (سپورٹس نیوز) یو ایس اوپن کے مکسڈ ڈبلز ایونٹ میں ٹینس کے دو بڑے نام نوواک جوکووچ اور آرینا سبالینکا پہلی مرتبہ ایک ساتھ کھیلتے نظر آئیں گے۔ گزشتہ برس اس ایونٹ کے فارمیٹ میں تبدیلی کے بعد سپر اسٹار کھلاڑیوں کی جوڑیوں کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا جس پر کافی بحث بھی ہوئی تھی۔ 39 سالہ سربین اسٹار نوواک جوکووچ اور بیلاروس کی 28 سالہ عالمی نمبر ایک آرینا سبالینکا 25 اگست سے نیویارک میں شروع ہونے والے دو روزہ مکسڈ ڈبلز مقابلوں میں شریک ہوں گے۔ برطانیہ کے جیک ڈریپر ایک بار پھر امریکی کھلاڑی جیسیکا پیگولا کے ساتھ کورٹ میں اتریں گے۔ دونوں گزشتہ سال سیمی فائنل تک رسائی حاصل کرنے میں کامیاب رہے تھے۔ اسی طرح گزشتہ سال کے رنر اپ پولینڈ کی ایگا شواتک اور ناروے کے کیسپر روڈ دوبارہ ایک ہی ٹیم بنائیں گے۔ دیگر نمایاں جوڑیوں میں جاپان کی ناؤمی اوساکا اور کی عیشکوری، امریکا کے ٹیلر فرٹز اور ایلینا ریباکینا، جبکہ روس کے آندرے روبلیوف اور میرا آندریوا شامل ہیں۔ اگرچہ کچھ عرصہ قبل یہ اطلاعات سامنے آئی تھیں کہ گرینڈ سلیم آمدنی میں زیادہ حصہ نہ ملنے پر کئی بڑے کھلاڑی ایونٹ کا بائیکاٹ کر سکتے ہیں تاہم سبالینکا، شیواتنک اور پیگولا سمیت کئی نمایاں ناموں نے شرکت کی تصدیق کردی ہے۔

لیونل میسی کی ریٹائرمنٹ کی قیاس آرائیوں کیساتھ الوداعی میچ کی تجویز بھی زیر غور

عمر کو میسی کے مستقبل کا پیمانہ نہیں بنانا چاہیے، ریٹائرمنٹ کا فیصلہ موخر کریں، سابق اسٹار اینجل ڈی ماریا

آئرس بیونس (سپورٹس نیوز) فیفا ورلڈ کپ 2026 کے فائنل میں ارجنٹینا کی اسپین کے ہاتھوں شکست کے بعد لیونل میسی کے بین الاقوامی مستقبل پر ایک بار پھر بحث شروع ہوگئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 39 سالہ میسی نے پورے ٹورنامنٹ میں شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے 8 گول اور 4 اسسٹ کے ساتھ ایونٹ کے دوسرے کامیاب ترین اسکورر کا اعزاز حاصل کیا تاہم فائنل میں شکست کے بعد ان کی ممکنہ ریٹائرمنٹ کی خبریں زور پکڑ رہی ہیں۔ ارجنٹائن میڈیا کی رپورٹس کے مطابق میسی آئندہ چند ماہ تک قومی ٹیم کے ساتھ رہ سکتے ہیں تاکہ نئی نسل کے کھلاڑیوں کو ذمہ داریوں کی منتقلی کا عمل آسان بنایا جا سکے لیکن وہ اگلا ورلڈ کپ کھیلنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ اطلاعات ہیں کہ ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن ان کے اعزاز میں ایک خصوصی الوداعی میچ منعقد کرنے پر غور کر رہی ہے۔ دوسری جانب سابق اسٹار اینجل ڈی ماریا نے میسی پر زور دیا ہے کہ وہ ریٹائرمنٹ کا فیصلہ موخر کریں۔ انہوں نے کہا کہ عمر کو میسی کے مستقبل کا پیمانہ نہیں بنانا چاہیے کیونکہ وہ آج بھی دنیا کے بہترین کھلاڑیوں میں شامل ہیں۔ مڈفیلڈر لیاندرو پاریڈیس نے امید ظاہر کی کہ میسی قومی ٹیم کے لیے کھیلنا جاری رکھیں گے تاہم حتمی فیصلہ خود میسی ہی کریں گے۔ کہ ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن ان کے اعزاز میں ایک خصوصی الوداعی میچ منعقد کرنے پر غور کر رہی ہے۔ دوسری جانب سابق اسٹار اینجل ڈی ماریا نے میسی پر زور دیا ہے کہ وہ ریٹائرمنٹ کا فیصلہ موخر کریں۔ انہوں نے کہا کہ عمر کو میسی کے مستقبل کا پیمانہ نہیں بنانا چاہیے کیونکہ وہ آج بھی دنیا کے بہترین کھلاڑیوں میں شامل ہیں۔ مڈفیلڈر لیاندرو پاریڈیس نے امید ظاہر کی کہ میسی قومی ٹیم کے لیے کھیلنا جاری رکھیں گے تاہم حتمی فیصلہ خود میسی ہی کریں گے۔

مقصد ذاتی ریکارڈز کے بجائے ٹیم کو اہم مواقع پر فتوحات دلانا ہے، عبدالصمد، حسن نواز

پی سی بی کے خصوصی تربیتی کیمپس سے بہت فائدہ ہوا، صلاحیتوں کو نکھارنے اور کھیل کے مختلف پہلوں پر کام کرنے کا موقع ملا، انٹرویو

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ کے ابھرتے ہوئے بیٹرز عبدالصمد اور حسن نواز نے قومی ٹیم کے لیے قابل اعتماد میچ ونر بننے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا مقصد ذاتی ریکارڈز کے بجائے ٹیم کو اہم مواقع پر فتوحات دلانا ہے۔ دونوں نوجوان کرکٹرز نے سلمان بٹ کے پروگرام میں خصوصی گفتگو کرتے ہوئے اپنی بیٹنگ کے کردار، تیاری، فٹنس اور مستقبل کے اہداف پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ عبدالصمد کا کہنا تھا کہ خود اعتمادی اور میچ کی صورت حال کو سمجھنا ان کی بیٹنگ کا اہم حصہ ہے، وہ اپنی صلاحیتوں کے مطابق اور ٹیم کی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے کھیلنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے خصوصی تربیتی کیمپس سے انہیں بہت فائدہ ہوا، جہاں انہیں اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اور کھیل کے مختلف پہلوں پر کام کرنے کا موقع ملا۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈکپ میں پاکستان کی کامیابی میں فیصلہ کن کردار ادا کرنا ان کا سب سے بڑا خواب ہے۔ حسن نواز نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مختلف بولرز کے خلاف کھیلنے سے انہیں ذمہ داری اٹھانے اور مشکل حالات میں کارکردگی دکھانے کا اعتماد ملا ہے۔ کلب اور ڈومیسٹک کرکٹ میں میچ پریکٹس انتہائی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ اسی تجربے سے کھلاڑی بین الاقوامی کرکٹ کے تقاضوں کے لیے تیار ہوتا ہے۔ دونوں کھلاڑیوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مسلسل محنت، فٹنس اور بہتر کارکردگی کے ذریعے قومی ٹیم میں اپنی جگہ مضبوط بنانے کے ساتھ پاکستان کے لیے میچ وننگ پرفارمنسز دینے کے خواہاں ہیں۔

شوبز ڈیسک



ڈرامہ سیریل ٹوٹا ہوا دل میں کام کرنے کا تجربہ شاندار رہا، اداکارہ نازش جہانگیر

ٹوٹا ہوا دل کی کہانی سعدیہ اختر نے لکھی ہے جبکہ اس کی ہدایت کاری کے فرائض احمر سہیل نے انجام دیے

کراچی (شوبز نیوز) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نازش جہانگیر کا کہنا ہے کہ ڈرامہ سیریل ٹوٹا ہوا دل میں کام کرنے کا تجربہ شاندار رہا ہے۔ اے آر وائی ڈیجیٹل کے ڈرامہ سیریل ٹوٹا ہوا دل میں نمین کا کردار نبھانے والی اداکارہ نازش جہانگیر نے کہا کہ میں ڈرامے کی ٹیم کو دس میں سے دس نمبر دوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پروڈکشن ٹیم، ڈائریکٹر اچھے ہیں، میں، آغا علی، آریز احمد، محسن صاحب، بابر علی، عائشہ گل، ونیز ے سب کے کردار دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ یہ انہی لیے بنے ہیں۔ نازش جہانگیر نے بتایا کہ سیٹ پر کوئی لڑائی نہیں ہوئی، سب دوستوں کی طرح رہے اور شوٹنگ کے آخری روز بہت سے اداکار تو رو کر بھی گئے کہ سیٹ کو مس کریں گے۔ ڈرامے سے متعلق اداکارہ نے کہا کہ اس میں لوگوں کے لیے سبق بھی ہے کہ ہر ایکشن پر ری ایکشن نہیں دینا چاہیے، میں کمنٹس دیکھ رہی ہوں کہ لوگ کہہ رہے ہیں ابھی نمین تھپڑ مارے گی، جو لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ بول کیوں نہیں رہی، انہیں بتا دیتی ہوں کہ بیچ میں ایسا بھی ہوگا کہ وہ اپنے لیے آواز اٹھائے گی۔ اداکارہ نے کہا کہ آگے آپ دیکھیں گے کہ نمین دب کر رہنے والوں میں سے نہیں ہوگی اور اس کی کہانی آپ کے دل توڑ دے گی۔ واضح رہے کہ ٹوٹا ہوا دل کی کہانی سعدیہ اختر نے لکھی ہے جبکہ اس کی ہدایت کاری کے فرائض احمر سہیل نے انجام دیے ہیں، ڈرامہ روزانہ شام 7 بجے اے آر وائی ڈیجیٹل پر نشر کیا جاتا ہے۔

ٹک ٹاکر عائشہ جٹ پر فائرنگ اور تشدد کیس، واقعے کی فوٹیج سامنے آگئی

آرڈر دینے کے دوران لڑکیوں سمیت چار ملزمان نے مبینہ طور پر انہیں تشدد کا نشانہ بنایا

لاہور (شوبز نیوز) ٹک ٹاکر عائشہ جٹ اور ان کے ساتھیوں پر مبینہ فائرنگ اور تشدد کے واقعے کی فوٹیج سامنے آگئی، واقعہ 25 جولائی کی صبح 4 بجے نواب ٹاؤن کے علاقے میں واقع ایک نجی کیفے میں پیش آیا۔ پولیس کے مطابق عائشہ جٹ اپنی دوستوں پلوشہ، زویا اور علی کے ہمراہ کیفے میں کھانا کھانے گئی تھیں، جہاں آرڈر دینے کے دوران لڑکیوں سمیت چار ملزمان نے مبینہ طور پر انہیں تشدد کا نشانہ بنایا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دو خواتین نے مبینہ طور پر تشدد کیا جبکہ دو ملزمان نے فائرنگ بھی کی۔ واقعے کے بعد عائشہ جٹ کی مدعیت میں تھانہ نواب ٹاؤن میں تشدد، فائرنگ اور سنگین دھمکیوں کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جس میں یوٹیوبر رجب بٹ اور مہر شیبی کو بھی نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور سامنے آنے والی فوٹیج کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بار بار شادی کرنا معاشرے میں اچھا نہیں سمجھا جاتا، حنا خان

کسی بھی معروف شخصیت کی ذاتی زندگی عوام کی اس کے کام سے متعلق رائے پر اثر انداز ہوتی ہے، روبینا دلیق

نئی دہلی (شوبز نیوز) بھارتی اداکارہ حنا خان نے بالی ووڈ سپر سٹار عامر خان کی گوری سپراٹ سے تیسری شادی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے ان کی عوامی ساکھ متاثر ہو سکتی ہے۔ 36 سالہ اداکارہ نے اپنی پوڈکاسٹ کے ایک حالیہ ایپی سوڈ میں گفتگو کے دوران عامر خان کی نئی ازدواجی زندگی پر تبصرہ کیا، اس موقع پر ان کے ساتھ موجود مہمان روبینا دلیق نے کہا کہ کسی بھی معروف شخصیت کی ذاتی زندگی عوام کی اس کے کام سے متعلق رائے پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اس پر حنا خان نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر یہی منطق درست ہے تو پھر عامر خان کی کوئی بھی فلم کامیاب نہیں ہونی چاہیے، کیا گوری سے ان کی شادی کم متنازع ہے؟ ایک عام شخص یہی سوچے گا کہ واقعی، پھر سے شادی؟ ایک اور رشتہ بھی ختم کر دیا؟ ہمارے معاشرے میں بار بار شادی کرنا اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ حنا خان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب عامر خان کی گوری سپراٹ سے شادی سوشل میڈیا پر زیر بحث ہے اور مختلف صارفین اس پر اپنی آرا کا اظہار کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ عامر خان نے 5 جولائی کو گوری سپراٹ سے سادہ تقریب میں شادی کی، اس سے قبل انہوں نے 1986 میں رینا دتہ سے پہلی اور 2005 میں کرن را سے دوسری شادی کی تھی۔

راجیش کھنہ نے 10 مرتبہ ڈمپل سے طلاق کا کہا لیکن وہ نہیں مانی، انیتا اڈوانی

راجیش کھنہ اپنی موت سے قبل ایک دہائی سے زائد عرصے تک انیتا اڈوانی سے قریبی تعلقات میں رہے

ممبئی (شوبز نیوز) آنجہانی سپر اسٹار راجیش کھنہ کی گرل فرینڈ انیتا اڈوانی نے انکشاف کیا ہے کہ راجیش کھنہ نے ڈمپل کپاڈیہ سے 10 بار طلاق مانگی لیکن وہ ان سے طلاق نہ لے سکے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راجیش کھنہ نے 1973 میں ڈمپل کپاڈیہ سے شادی کی تھی اس وقت ڈمپل کی عمر صرف 16 سال تھی، دونوں کی ازدواجی زندگی کا آغاز زور و شور سے ہوا لیکن جلد ہی تعلقات میں تلخی آگئی، 2 بیٹیوں کی پیدائش کے بعد 1982 میں جوڑے کے درمیان علیحدگی ہوگئی لیکن یہ علیحدگی کبھی قانونی طور پر طلاق کی شکل اختیار نہ کرسکی۔ بعدازاں راجیش کھنہ اپنی موت سے قبل ایک دہائی سے زائد عرصے تک انیتا اڈوانی سے قریبی تعلقات میں رہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق رواں برس اپریل میں ممبئی ہائیکورٹ کی جانب سے انیتا اڈوانی کی راجیش کھنہ کے ساتھ گزارے وقت کو ایک جائز شادی کے طور پر تسلیم کرنے کی درخواست کو مسترد کر دیا گیا، اس کے برعکس عدالت نے اس رشتے کو کریکٹر آف لائیو ان ریلیشن اپ ایک ایسا رشتہ جو ہندو میرج ایکٹ کے تحت شادی کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتا قرار دیا۔ اس پر انیتا اڈوانی نے بھارتی میڈیا سے گفتگو میں برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرا کیس ہندو میرج پر چلایا گیا جس سے میرا کوئی لینا دینا نہیں، یہاں سے سول میں بھیج دیا جہاں قوانین مختلف ہیں۔ انیتا کا کہنا تھا کہ کہا جاتا ہے کہ ازدواجی تعلق ٹھیک ہو اور اگر کسی کی بیوی موجود ہو، اس کے ساتھ رہ رہی ہے تو آپ اس شخص کے ساتھ تعلق نہیں بنا سکتے لیکن اگر کسی کی بیوی گھر چھوڑ کر چلی جائے، سالوں تک کوئی رشتہ نہ رکھے اس کے بعد کوئی آکر اس شخص کی زندگی میں اس کی کمی پوری کردے تو وہ بیوی پھر کہیں نہیں رہتی۔ انیتا اڈوانی نے مزید کہا کہ راجیش نے کتنی مرتبہ اپنی بیوی سے طلاق مانگی لیکن انہوں نے نہیں دی، ان کا مطالبہ تھا کہ اگر طلاق چاہیے تو سب کچھ ہمارے نام کردو، راجیش خود بھی اپنے انٹرویو میں بتا چکے تھے کہ وہ طلاق مانگ چکے ہیں اور انہوں نے یہ طلاق 10 بار مانگی لیکن انھوں نے نہیں دی۔

اتنی بدصورتی ایک جگہ کبھی نہیں دیکھی، کنگنا رناوت کا جین زی احتجاج پر سخت ردعمل

کنگنا رناوت نے احتجاج میں شریک نوجوانوں کی تربیت اور پرورش پر بھی سوال اٹھا دیئے

ممبئی (شو بز نیوز) بھارتی اداکارہ و بی جے پی رکن پارلیمنٹ کنگنا رناوت نے دہلی کے جنتر منتر پر ہونے والے طلبہ احتجاج کی وائرل ویڈیوز پر سخت ردعمل دیتے ہوئے مظاہرین کے انداز اور زبان کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ کنگنا رناوت نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ڈالی گئی اسٹوری میں احتجاج سے متعلق ویڈیوز پر ردعمل دیتے ہوئے انہیں انتہائی ناگوار قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں ایک جگہ پر اتنی بدصورتی کبھی نہیں دیکھی۔ اداکارہ نے لکھا کہ جین زی احتجاج کی ویڈیوز دیکھ کر مجھے شدید ناگواری محسوس ہوئی کیونکہ مظاہرین کا گفتگو کرنے کا انداز اور استعمال کی جانے والی زبان بہت نامناسب تھی۔ کنگنا رناوت نے احتجاج میں شریک نوجوانوں کی تربیت اور پرورش پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ مجھے حیرت ہے کہ ایسے نوجوانوں کو کون پیدا اور پرورش کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اپنی ثقافتی خوبصورتی، شائستگی اور روایات کے لیے جانا جاتا ہے، تاہم احتجاج کی بعض ویڈیوز میں مظاہرین کا انداز اس کے برعکس دکھائی دیتا ہے۔ کنگنا نے کاکروچ کے نام سے احتجاج کرنے والے گروپ کا حوالہ دیتے ہوئے بھی مظاہرین پر تنقید کی اور انہیں گندگی، کچرا اور بدصورتی سے تعبیر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان ویڈیوز نے انہیں ذہنی طور پر متاثر کیا اور اب انہیں ڈیجیٹل ڈیٹاکس کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

بادشاہ اور اہلیہ کے درمیان کشیدگی؟ ایشا ریکھی نے خاموشی توڑ دی

میرے شوہر کے اثر و رسوخ نے مجھے بیحد خوفزدہ اور پریشان کردیا، ایشا ریکھی

ممبئی (شوبز نیوز) ادیتیا پراتیک سنگھ سیسوڈیا المعروف بادشاہ کی اہلیہ ایشا ریکھی کا کہنا ہے کہ میرے شوہر کے اثر و رسوخ نے مجھے بیحد خوفزدہ اور پریشان کردیا۔ واضح رہے کہ 41 سالہ ریپر، گلوکار، گیت نگار اور میوزک پروڈیوسر کی اہلیہ کی تازہ انسٹاگرام پوسٹ ایک بار پھر اس بات کی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ ان کے ازدواجی تعلقات میں مسائل جنم لے رہے ہیں۔ بادشاہ کی اہلیہ اور اداکارہ ایشا ریکھی نے پیر کی شام بالآخر اپنی انسٹاگرام پوسٹ کے ذریعے اپنی خاموشی توڑ دی۔ یہ پوسٹ ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب چند روز قبل مداحوں نے دونوں کے درمیان تعلقات میں کشیدگی کا اندازہ لگایا تھا۔ اداکارہ ایشا ریکھی نے تحریر کیا کہ کچھ جنگیں ایسی ہوتی ہیں جو جسم پر کوئی دکھائی دینے والا زخم نہیں چھوڑتیں۔ ایک طویل عرصے تک میں خاموش رہی کیونکہ میں خوفزدہ تھی۔ ایشا کے مطابق میں اپنے شوہر کے اثر و رسوخ، طاقت اور وسائل سے خود کو مغلوب محسوس کرتی تھی، میں نے خود کو یہ یقین دلایا تھا کہ خاموش رہنا ہی سب سے محفوظ راستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری خاموشی کبھی بھی رضامندی نہیں تھی، بلکہ یہ میری بقا کا ذریعہ تھی۔ آج میں نے خوف کے بجائے ہمت کو منتخب کیا ہے۔ شاید میں ابھی پوری کہانی سنانے کے لیے تیار نہیں ہوں، لیکن اب میں یہ دکھاوا کرنے کے لیے بھی تیار نہیں کہ سب کچھ ٹھیک تھا۔ تاہم انہوں نے اپنی پوسٹ میں یہ واضح نہیں کیا کہ اسے شیئر کرنے کی وجہ کیا ہے۔ یہ پوسٹ اس کے چند روز بعد سامنے آئی جب ایشا نے بادشاہ کے ساتھ اپنی یادگار لمحات پر مبنی ایک جذباتی ویڈیو شیئر کی تھی۔ اس پوسٹ کے کیپشن میں لکھا تھا: ہر طوفان ایک سبق ہے، ہر دعا ایک امید ہے، جس کے ساتھ ٹوٹے ہوئے دل کا ایموجی بھی شامل تھا۔ اس پوسٹ کے بعد سوشل میڈیا پر مختلف قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔

بقیہ 1

تمام وفاقی وصوبائی اداروں کو مون سون کی صورتحال اور متوقع بارشوں کی اطلاعات بروقت پہنچائیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی روزانہ کی بنیادوں پر فلڈ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کریں اور صورتحال کے جائزے کے بعد لائحہ عمل طے کریں۔ انہوں نے کہا کہ شمالی علاقہ جات میں گلوف وطوفانی ریلوں کے حوالے سے پیشگی اطلاعات کے نظام کو بھر پور طریقے سے فعال رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ماحول دشمن گیسوں کے اخراج میں حصہ معمولی ہے مگر موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات پاکستان کو بری طرح متاثر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کے پیش نظر حکومت طویل، وسط اور قلیل مدتی اقدامات پر تیزی سے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی ایم اے تمام اداروں کے تعاون سے یہ یقینی بنائے کہ مون سون کے جاری اسپیل میں جانی و مالی نقصان کو روکا جائے۔ اجلاس کو این ڈی ایم اے، گلگت بلتستان و آزاد کشمیر سمیت چاروں صوبوں کے چیف سیکریٹریز نے حالیہ مون سون اور اس کے نتیجے میں نقصانات، ریسکیو و بحالی کے اقدامات پر بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ این ڈی ایم اے ملک کے شمالی علاقوں میں مون سون سے پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال اور سندھ و بلوچستان میں جاری گرمی کی شدید لہر کے حوالے سے صوبائی حکومتوں و اداروں کو تمام تر معاونت و وسائل فراہم کر رہا ہے، آئندہ دو روز میں آزاد کشمیر و گلگت بلتستان اور جنوبی سندھ میں مون سون بارشوں کے ایک بڑے اسپیل کی توقع ہے۔ اس کے علاوہ ستمبر کے دوسرے ہفتے سے ملک بھر میں مون سون کا ایک بڑا اسپیل بھی متوقع ہے۔ وزیر اعظم کی ہدایت پر قائم کردہ فلڈ کمیٹی کا اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہو رہا ہے جس میں تمام متعلقہ ادارے موجودہ صورتحال پر کڑی نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ ریسکیو و ریلیف اور بحالی کے اقدامات کا جامع لائحہ عمل مرتب کر کے اسکا نفاذ یقینی بنا رہے ہیں، اجلاس کو بتایا گیا کہ موجودہ مون سون اسپیل میں اب تک 110 اموات جبکہ 360 لوگ زخمی ہوئے، 796 مکانات کو نقصان پہنچا جبکہ 376 مویشی ہلاک ہوئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ عالمی سطح پر جاری ایل-نینو (El-Nino) کی وجہ سے پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں موجود گلیشیئر ز کے پگھلنے کے تناسب میں اضافہ ہوا ہے جسکی وجہ سے آئندہ ایک ماہ میں گلوف و سیلابی ریلوں کا خطرہ لاحق ہے۔ ممکنہ طور پر متاثرہ علاقوں کی نشاندہی کر کے تمام تر حفاظتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وسطی پنجاب بشمول لاہور میں شہری سیلابی صورتحال پر قابو پانے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے گئے جبکہ کچھ علاقوں میں برساتی نالوں میں سیلابی ریلوں کی وجہ سے زرعی زمین زیر آب ہے جس سے نکاسی کا کام جاری ہے۔ ڈیرہ غازی خان اور اس ملحقہ علاقوں میں بھی سیلابی ریلوں کی صورتحال اس وقت قابو میں ہے۔ اجلاس کو این ایچ اے کی جانب سے مٹی کے تودے گرنے سے سڑکوں کی بندش اور انکی بحالی پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 106 مقامات پر سڑکوں کی بندش کو بروقت اقدامات سے بحال کر دیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزارت آئی ٹی کی جانب سے نیشنل ایمرجنسی و ٹیلی کمیونیکیشن سینٹر فعال ہے، کسی بھی موبائل فون سے ہنگامی صورتحال میں مدد کی کال پر فوری طور پر ریسکیو 1122 فعال ہو کر ریسکیو و ریلیف اقدامات کیلئے موقع پر پہنچتی ہے۔ بتایا گیا کہ مون سون کے دوران برساتی پانی کو سٹور کرنے کے لئے ملک کے مختلف مقامات پر 700 مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے، تاکہ خشک موسم کے دوران وہ پانی زراعت کے لئے استعمال کیا جاسکے۔ وزیر اعظم نے این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم ایز، صوبائی حکومتوں اور تمام متعلقہ اداروں کی حالیہ مون سون کی پیشگی اطلاعات، تیاری اور ریسکیو و ریلیف کے اقدامات پر پزیرائی کی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء خواجہ محمد آصف، احسن اقبال، اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، رانا تنویر حسین، محمد اورنگزیب، انجینئر امیر مقام، عطاء اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، سردار اویس خان لغاری، میاں محمد معین وٹو، مشیر وزیر اعظم رانا ثناء اللہ، چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 2

کوٹ لکھپت جیل میں قید پارٹی کی خاتون رہنما عالیہ حمزہ پر قاتلانہ حملے کی اطلاع ملی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق سلمان اکرم راجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ واقعہ کی فی الفور شفاف تحقیقات کی جائیں، حملہ آور اور ذمہ دار عملہ کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں، عدالت میں ان کے طبی معائنے اور تحفظ کی درخواست دائر کریں گے۔ قبل ازیں سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک صحافی نے الزام عائد کیا کہ جیل میں 2 خواتین نے پی ٹی آئی رہنما عالیہ حمزہ اور کارکن فلک جاوید کے گلے دبانے کی کوشش کی۔

بقیہ 3

اکاؤنٹس بلاک کیے جانے کے خلاف درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ موسم گرما کی تعطیلات کے باعث متعلقہ بینچ تعطیلات کے بعد ہی کیس کا فیصلہ کرے گا۔ سرکاری وکیل نے اسلام آباد سے آنے والے تفتیشی افسر کو حاضری سے استثنیٰ دینے کی درخواست کی، تاہم عدالت نے یہ استدعا مسترد کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر تفتیشی افسر کو پیش ہونے کا حکم دیا۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 10 اگست تک ملتوی کر دی۔ درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر علی طاہر نے موقف اختیار کیا کہ عدالت کی جانب سے دو مرتبہ ڈی جی این سی سی آئی اے کو طلب کیے جانے کے باوجود جواب جمع نہیں کرایا گیا، جبکہ ڈاکٹر عارف علوی اور ان کے اہلخانہ کے بینک اکاؤنٹس توہین مذہب کے الزام کے بعد بلاک کیے گئے ہیں، اس لیے عارضی طور پر انہیں بحال کیا جائے۔

بقیہ 4

سے اضافہ ہو رہا ہے۔ جی ایس ایم اے ڈیجیٹل نیشن پاکستان تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شزہ فاطمہ نے کہا کہ آئی ٹی سیکٹر ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، آئی ٹی برآمدات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ شزہ فاطمہ نے کہا کہ ملک میں تیز ترین انٹرنیٹ فراہم کرنے کے لیے فائیو جی انٹرنیٹ سروس فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کنیکٹوٹی کو فروغ دیا جا رہا ہے، ملک میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ گزشتہ پانچ سالوں میں ملکی انٹرنیٹ کی استعمال میں اضافہ ہوا ہے، 2024 میں 20 بیس لاکھ صارفین صرف انٹرنیٹ فائبر یزیشن استعمال کر رہے تھے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ وزیر اعظم کا ازم ہے کہ ملک میں بہترین انٹرنیٹ کی فراہمی اور ڈیجیٹل پاکستان۔ انہوں نے کہا کہ صوبے اس حوالے سے ملک کر بہترین کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 5

پرویز الٰہی کی ضمانت منسوخ کرنے کی درخواست نمٹا دی، جبکہ محمد خان بھٹی کی ضمانت منسوخی کی اپیل بھی خارج کر دی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سماعت کے دوران پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزمان نے اب تک 18 مرتبہ التوا حاصل کیا ہے اور ٹرائل میں پیش نہیں ہو رہے۔ اس پر چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے استفسار کیا کہ ملزمان ٹرائل کورٹ میں کیوں پیش نہیں ہو رہے، ملزمان کے وکیل علی ظفر نے عدالت کو بتایا کہ پراسیکیوشن کے دعوے حقائق کے برعکس ہیں، پرویز الٰہی ایک سال جیل میں رہے، جبکہ اب تک نہ چارج فریم ہوا ہے اور نہ ہی کوئی شواہد پیش کیے گئے ہیں۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ شواہد پیش کرنا پراسیکیوشن کی ذمہ داری ہے، تاہم عدالت میں ملزمان کی حاضری لازمی ہے اور قانون سے غلط فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ اگر ملزمان ٹرائل کورٹ میں پیش نہیں ہوتے تو متعلقہ عدالت ان کی ضمانت خارج کرنے کا اختیار رکھتی ہے، عدالت عظمٰی نے ٹرائل کورٹ کو ہدایت کی کہ وہ دو ہفتوں کے اندر کیس کی سماعت کرے۔

بقیہ 6

دھاندلی سے حاصل کی گئی کامیابی کو عوامی مینڈیٹ قرار دینا مضحکہ خیز ہے۔ لیگی قیادت کی جانب سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری پر تنقید پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے شیری رحمن نے کہا کہ لیگی قیادت کا مبینہ دھاندلی سے حاصل کی گئی کامیابی کو عوامی مینڈیٹ قرار دینا مضحکہ خیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی بے ضابطگیوں کی نشاندہی صرف پیپلز پارٹی نہیں بلکہ میڈیا بھی کر رہا ہے۔ شیری رحمن نے کہا کہ پرائیڈنگ آفیسر ابھی نتائج لیکر ریٹرننگ افسر کے پاس جا ہی رہا تھا کہ لیگی امیدوار کی جیت کا اعلان پہلے ہی کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری پر تنقید کرنے والے پہلے اپنی سیاسی قیادت کا طرز عمل دیکھیں، میاں نواز شریف بار ہا اقتدار میں رہنے کے باوجود سیاسی برداشت کا مظاہرہ نہ کر سکے۔ شیری رحمان نے کہا کہ نفرت کی سیاست سے کشمیر کے عوام کو تقسیم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، پیپلز پارٹی کے کارکن مختار یونس عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کے لیے پولنگ اسٹیشن پر موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مبینہ دھاندلی اور اسلحہ کی نمائش نہ ہوتی تو مختار یونس آج ہمارے درمیان ہوتے، انتخابات سے قبل فائرنگ اور تشدد کے ذریعے خوف کی فضا پیدا کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ شفاف تحقیقات ہوئیں تو مسلم لیگ (ن) کی مبینہ انتخابی کامیابی کی حقیقت سامنے آجائے گی۔ شیری رحمن نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری پر بے بنیاد تنقید سے عوامی حقائق تبدیل نہیں کیے جا سکتے، عوام کے ووٹ پر شب خون مارنے والوں کو عوام کے سامنے جواب دینا ہوگا۔ شیری رحمان نے کہا کہ دھاندلی کا سہارا لینے والے جان لیں عوام کے مینڈیٹ کا احترام ہی جمہوریت کی اصل روح ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر پیپلز پارٹی کا تھا، ہے اور رہے گا، میر پور کی نشستیں واپس حاصل کریں گے اور مظفر آباد میں بھی عوامی مینڈیٹ کا تحفظ کرتے ہوئے کامیابی سمیٹیں گے۔

بقیہ 7

آئی ٹی اور آئی سی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کے ساتھ ریکارڈ 6.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ آئی ٹی شعبے نے 9.3 ارب ڈالر کا تجارتی سرپلس حاصل کیا، جو پاکستان کے سروسز شعبے کی تاریخ کا سب سے بڑا سرپلس ہے، مالی سال 26 میں فری لانسرز کی ترسیلات 78 فیصد اضافے کے ساتھ 76.1 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ ڈیجیٹل مہارتوں، ٹیکس مراعات، فارن کرنسی اکاؤنٹس اور اسکل ڈویلپمنٹ جیسے حکومتی اقدامات سے آئی ٹی شعبے کی ترقی کو فروغ ملا ہے، حکومت نے قومی اے آئی پالیسی 2025 متعارف کرائی، جبکہ 2030 تک اے آئی تحقیق اور خودمختار کمپیوٹنگ کیلئے ایک ارب ڈالر مختص کیے ہیں۔ ہری پور میں سینو پاک سینٹر فار اے آئی اور نسٹ میں نیشنل سینٹر آف اے آئی تعلیم، تحقیق اور ترقی کو فروغ دے رہے ہیں، ایس آئی ایف سی کی معاونت اور حکومتی اصلاحات پاکستان کو عالمی ڈیجیٹل معیشت میں موثر مقام دلانے میں معاون ثابت ہو رہی ہیں۔

بقیہ 8

نے بیرون ملک پاکستان کے سفارتی مشنز کی تنظیم نو سے متعلق قائم کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ کمیٹی نے بیرون ملک پاکستانی سفارتی مشنز کے انتظامی اور عملی ڈھانچے کا جامع جائزہ لینے کے بعد اپنی سفارشات کو حتمی شکل دی جو منظوری کیلئے وزیر اعظم کو پیش کی جائیں گی۔ منگل کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ان سفارشات کا مقصد سفارتی مشنز کی کارکردگی اور مؤثریت کو مزید بہتر بنانا ہے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے ہدایت کی کہ سفارشات میں سفارتی مشنز میں مختلف وزارتوں اور دفتر خارجہ کے مختلف شعبہ جات کے درمیان بہتر رابطہ کاری، اقتصادی سفارتکاری کے فروغ اور پاکستان کے خارجہ پالیسی و اقتصادی اہداف کے حصول کے لئے سفارتی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے۔

بقیہ 9

کھیت میں ہی مٹی اور پانی کے نمونوں کا فوری سائنسی تجزیہ کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مٹی کی درست پرکھ اور متوازن کھادوں کا استعمال ہی پنجاب کو زرعی طور پر خودکفیل بنائے گا۔ پنجاب میں زراعت کو روایتی طریقوں سے نکال کر سائنسی اور ڈیجیٹل دور میں داخل کر دیا ہے۔ ہمارا ہدف کسان کی پیداواری لاگت کو کم کرنا اور فی ایکڑ حاصل ہونے والی آمدن کو بڑھانا ہے۔ لیب آن ویلز کے ذریعے کھیتوں کی مٹی کی پی ایچ اور الیکٹریکل کنڈکٹیوٹی (ای سی) کی آن دی سپاٹ پیمائش کی جائے گی۔ زمین میں نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم (این پی کے) جیسے بنیادی غذائی اجزاء کا سائنسی معائنہ ہوگا۔ مٹی اور پانی کے ٹیسٹنگ نتائج کو فوری طور پر موبائل ایپ میں درج کر دیا جائے گا۔ ٹیسٹنگ مکمل ہوتے ہی مٹی اور پانی کی سائنسی رپورٹ کا موقع پر ہی فوری اجراء ہوگا۔ لیب آن ویلز کی بدولت کھیت پر ٹیسٹ کر کے موقع پر رپورٹ جاری کی جائے گی اور فوراً رہنمائی بھی دی جائے گی۔ بریفنگ میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو بتایا گیا کہ رپورٹ میں زمین کی ضرورت کے مطابق کھادوں اور مناسب فصلوں کی سفارشات شامل کی جائیں گی۔ رپورٹ کا لنک کسان کو براہ راست ایس ایم ایس اور واٹس ایپ کے ذریعے فوری بھیجا جائے گا۔ کسان اپنے موبائل پر ایک کلک سے مٹی اور پانی کی مکمل ڈیجیٹل رپورٹ دیکھ سکیں گے۔ زرعی ماہرین کی جانب سے کسانوں کو کھیت میں ہی آن دی سپاٹ اور آمنے سامنے مشاورت ملے گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ لیب آن موبائل کی شفافیت اور کڑی مانیٹرنگ یقینی بنانے کے لیے سینٹرل کنٹرول روم فعال کر دیا گیا ہے۔ سینٹرل کنٹرول روم سے تمام موبائل لیبارٹریز کی ریئل ٹائم GPS ٹریکنگ کی جائے گی۔ فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی جانچنے کے لیے لائیو کیمرہ سٹریمنگ اور ڈیش بورڈ مانیٹرنگ کا نظام بھی قائم کیا گیا ہے۔ کسان کی ایک کال پر موبائل لیب کا شیڈول وزٹ اور درخواست کا فوری اندراج کیا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ لیب انچارج کی منظوری کے بعد "لیب آن ویلز" کسان کے کھیت کے جائزے کے لیے روانہ ہوگی۔ موبائل ایپ کے ذریعے فیلڈ ٹیم کی موقع پر حاضری کی رجسٹریشن یقینی بنائی جائے گی۔ کسانوں کو زمین کی بہتری اور فصلوں کی نگہداشت سے متعلق ان کی دہلیز پر رہنمائی فراہم ہوگی۔ متوازن کھادوں کے استعمال سے زمین کی صحت میں بہتری اور پیداواری لاگت میں کمی ممکن ہوگی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ریئل ٹائم کلاؤڈ ڈیٹا سٹوریج کے ذریعے پنجاب کا ڈیجیٹل جی پی ایس سوئل میپ تیار کیا جائے گا۔ فصلوں کی پیداوار اور کسانوں کی آمدن میں اضافہ جبکہ پائیدار زراعت کی بنیاد رکھ دی گئی۔ سالانہ 20 ہزار مٹی کے نمونوں کا ہدف مقرر، سالانہ 500 کسان فیلڈ ڈیز کا انعقاد ہوگا۔ سالانہ 15 ہزار کسانوں کو تربیت دی جائے گی۔

بقیہ 10

زخمی بچے ابرار احمد کے مطابق میں اپنے علاج کیلئے کوئٹہ میں پٹیل روڈ پر واقع اسپتال آیا تھا، فیملی کے ہمراہ ہسپتال سے باہر آرہے تھے کہ دھماکہ ہو گیا جس میں میں شدید زخمی ہوا۔ دھماکے میں زخمی وزیر خان نے کہا کہ ورکشاپ سے کام مکمل کر کے دوستوں کے ہمراہ گھر جا رہا تھا کہ دھماکے کی زد میں آ گیا، دھماکے کے بعد میں بے ہوش ہو گیا اور جب آنکھ کھلی تو ہسپتال میں تھا۔ ماہرین کے مطابق سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں بڑی تعداد میں ہلاکتوں کے بعد فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد بوکھلاہٹ کا شکار ہیں، فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) کے دہشت گرد خوف و ہراس کی فضا قائم کرنے کیلئے مسلسل شہری آبادی کو نشانہ بنا رہے ہیں۔

بقیہ 11

کی سماعت گرمیوں کی تعطیلات کے بعد تک ملتوی کر دی۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں وفاقی آئینی عدالت کے 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی رہنماؤں کے وکیل علی بخاری نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اور دیگر کی جانب سے وکالت نامہ اور جواب جمع کرانے کیلئے مہلت طلب کی۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ وہ اس مقدمے میں سہیل آفریدی کے ساتھ پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے بھی وکیل ہیں۔ علی بخاری نے کہا کہ انہیں بتایا گیا کہ سلمان اکرم راجہ کی نمائندگی بھی انہیں ہی کرنا ہے، اس لیے جواب جمع کرانے کے لیے مزید وقت دیا جائے۔ ایڈوکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نے موقف اختیار کیا کہ یہ ایک سیاسی نوعیت کا مقدمہ ہے، لہٰذا پارٹی کے سیکریٹری جنرل کو جواب جمع کرانے کے لیے مناسب مہلت دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی درخواست میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا ایک نجی ملیشیا تشکیل دے رہے ہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اب تک صرف ایک فریق نے اپنا جواب جمع کرایا ہے۔ انہوں نے استدعا کی کہ امن و امان کی صورتحال خراب نہ کرنے سے متعلق عدالت کے سابقہ حکم نامے میں توسیع کی جائے اس پر چیف جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ ایسا کرنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ عدالت کا حکم نامہ صرف آج کی تاریخ تک محدود نہیں تھا، اس لیے اس میں توسیع کی کوئی ضرورت نہیں۔ بعد ازاں عدالت نے فریقین کو جواب جمع کرانے کے لیے مہلت دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت گرمیوں کی تعطیلات کے بعد تک ملتوی کر دی

بقیہ 12

ڈی آئی جی ویلفیئر محبوب راشد اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں فرائض منصبی کی انجام دہی کے دوران شہید ہونے والے 14 پولیس اہلکاروں کیلئے مختلف شہدا پیکج کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بھکر اور لیہ میں دہشت گردوں سے مقابلے کے دوران شہید ہونے والے بہادر پولیس اہلکاروں کیلئے شہید پیکج 1، بہاولنگر، سرگودھا، راجن پور، فیصل آباد اور گجرات میں دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے اہلکاروں کیلئے شہید پیکج 2 جبکہ بہاولنگر، ڈیرہ غازی خان، رحیم یار خان اور ساہیوال میں دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے اہلکاروں کیلئے شہید پیکج 3 کی منظوری دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں داجل چیک پوسٹ بھکر پر دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے کانسٹیبل محمد شہباز اور کانسٹیبل محمد فہیم کیلئے شہید پیکج 1 کی منظوری دی گئی۔ اسی طرح لیہ کے شہید کانسٹیبل محمد اسد نصیر کیلئے بھی شہید پیکج 1 کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بہاولنگر کے شہید سب انسپکٹر شاہد پرویز، سرگودھا کے شہید سب انسپکٹر عامر رضوان، راجن پور کے شہید کانسٹیبل محمد ناصر، فیصل آباد کے شہید ڈرائیور کانسٹیبل افتخار احمد اور گجرات کے شہید کانسٹیبل مرزا عمر آفتاب بیگ کیلئے شہید پیکج 2 کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بہاولنگر کے شہید سب انسپکٹر محمد زمان ضیا، بہاولنگر کے شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد بشیر، ڈیرہ غازی خان کے شہید کانسٹیبل محمد بسم اللہ، رحیم یار خان کے شہید کانسٹیبل محمد رمضان، ساہیوال کے شہید کانسٹیبل طاہر الزماں صدیقی اور بہاولنگر کے شہید کانسٹیبل محمد وارث کیلئے شہید پیکج 3 کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ شہید پیکج 1 کے تحت شہید کانسٹیبل کے ورثا کو ایک کروڑ روپے، پانچ مرلے کا گھر اور دیگر مراعات فراہم کی جائیں گی۔ شہید پیکج 2 کے تحت شہید کانسٹیبل کے ورثا کو 40 لاکھ روپے، پانچ مرلے کا گھر اور دیگر مراعات جبکہ شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے ورثا کو 50 لاکھ روپے، سات مرلے کا گھر اور دیگر مراعات فراہم کی جائیں گی۔ شہید پیکج 3 کے تحت شہید کانسٹیبل کے ورثا کو 35 لاکھ روپے اور دیگر مراعات جبکہ شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور سب انسپکٹر کے ورثا کو 40 لاکھ روپے اور دیگر مراعات فراہم کی جائیں گی۔ صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام شہداء کے ورثا کو مالی واجبات اور مراعات بروقت فراہم کی جائیں اور کسی بھی شہید کے خاندان کی حق تلفی نہ ہونے دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور پوری قوم کا فخر ہیں۔ وطن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے اصل ہیرو ہیں اور حکومت پنجاب ان کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ صوبائی وزیر قانون نے کہا کہ حکومت پنجاب شہداء کے لواحقین کی بھر پور امداد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس جوانوں کو دوران ڈیوٹی شہید کرنے والے دہشت گردوں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 13

طول وعرض کے عوام کے یہی کامیابی اور ترقی کا فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد نواز شریف اور محمد شہباز شریف کو مبارکباد دیتی ہوں۔ عوام نے مسلم لیگ ن کو سنا اور سمجھا۔ نواز شریف نے جو وعدے کیے لوگوں نے اس پر لبیک کہا۔ آزاد کشمیر کے عوام جانتے ہیں کہ نواز شریف جو وعدہ کرتے ہیں پورا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کو مبارکباد دیتی ہوں، ان کی سرپرستی اور محنت کو سراہا گیا۔ پوری پاکستان مسلم لیگ ن کو بہت مبارکباد جنہوں نے بہت اچھی مہم چلائی۔ رانا ثناء اللہ اور امیر مقام نے بہترین مہم چلائی، انہیں مبارکباد دیتی ہوں۔ بہت محنت سے پورا مہینہ شاندار اور کامیاب مہم چلائی۔ الحمدللہ ہمیں 13 میں سے 9 اہم نشستیں حاصل ہوئیں۔ انشاء اللہ آزاد کشمیر میں باقی نشستوں پر بھی مسلم لیگ ن ہی کامیاب ہوگی۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ فراخدلی اور جمہوریت کی روح کے مطابق پیپلز پارٹی نتائج قبول کرتی۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کہ بلاول بھٹو کی جانب سے غلط زبان استعمال کی گئی، بیانات اور غصہ نکالا گیا۔ عوام کے لیے حقائق جاننا ضروری ہے۔ بلاول کو سمجھانا چاہتی ہوں کہ الیکشن کا فیصلہ ریاست نہیں عوام کرتی ہے۔ گلگت بلتستان میں عوام نے آپ کے حق میں فیصلہ کیا تو مسلم لیگ نے دل سے قبول کیا۔ گلگت الیکشن پر ہم نے خوش ہو کر کامیابی کو تسلیم کیا، وزیر اعظم نے مبارکباد دی اور سپورٹ کیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت کا الیکشن جیت گئے تو دھاندلی کا الزام نہیں لگایا، میر پور کا ہار گئے تو الزام لگا رہے ہیں۔ دنیا نے پیپلز پارٹی کے جلسوں اور مسلم لیگ ن کے جلسوں میں واضح فرق دیکھا۔ پیپلز پارٹی کے جلسے خالی تھے، عوام آئی ہی نہیں جلسوں میں۔ جلسے کامیابی کا مظاہرہ نہیں ہوتے مگر آپ کو بیانیے اور پرفارمنس پر کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا نہ بیانیہ تھا نہ پرفارمنس تھی اور نہ ہی آزاد کشمیر کے عوام کے لیے کوئی پروگرام تھا۔ پیپلز پارٹی کے پاس آزاد کشمیر کے لیے ریفارم ایجنڈا تھا نہ ہی گورننس کا ریکارڈ۔ صوبہ سندھ واحد صوبہ ہے جہاں مسلسل 17 سال سے پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، ایسا تسلسل کسی کو نہیں ملا۔ 17 سال کے باوجود سندھ کا پروجیکٹ بتانے کا مواد نہیں تھا، عوام کو پرفارمنس اور روڈ میپ نہ دے سکے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کو عوام کی سمجھ ہے نہ ان کی ضرورت کی اور نہ عوام کو آپ کی سمجھ آئی ہے۔ سندھ میں ٹوٹی سڑکیں اور انفراسٹرکچر ہے اور عوام سہولیات مانگ رہے ہیں۔ وہاں جہاں بھی گئی ایک ہی آواز سنی کہ ہمیں وہ سہولیات چاہئیں جو پنجاب میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی سہولیات بلا وجہ نہیں آ گئیں، دن رات سخت محنت کا نتیجہ ہیں۔ سیاسی بیان بازی سے بات نہیں بنتی، آج کی عوام پرفارمنس دیکھتی ہے، یہ اے آئی کا دور ہے اور بہت شعور ہے۔ نوجوان بہت باشعور ہیں۔ ووٹ لینا ہے تو رو دھو نہیں سکتے۔ الیکشن مہم میں ضابطہ اخلاق کے خلاف تنقید کی اور الزامات لگائے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول نے بڑے اور سینئر قائدین پر الزامات لگائے۔ اگر کارکردگی ہے، بتانے کے لیے ایجنڈا ہے اور منشور ہے تو پھر تنقید کا وقت نہیں ہوتا۔ 17 سال کی مسلسل حکومت کے باوجود سندھ میں دکھانے کے لیے کچھ نہیں ہے، ووٹر کو سمجھ آ گئی تھی۔ ووٹر نے گرین، اپنی چھت اپنا گھر، اپنا کھیت اور اپنے روزگار کو ووٹ دیا۔ لوگوں نے کسان کارڈ، پکی سڑکوں، ترقی اور امن و امان کو ووٹ دیا۔ الیکشن کی تقریروں میں بلاول نے وفاقی حکومت پر تنقید کی لیکن بھول گئے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت ہے پچھلے ایک سال سے آزاد کشمیر میں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے دور میں ہی آزاد کشمیر کے حالات خراب ہوئے۔ وفاق پر الزام لگا رہے تھے جبکہ آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، ن لیگ کی نہیں۔ دھاندلی کا رونا دھونا افسوسناک ہے۔ ویڈیو دیکھیں تو دھاندلی کے ثبوت پیپلز پارٹی کے امیدواروں کے گھروں سے ملے۔ سوشل میڈیا پر عوام کے سامنے ووٹوں کے بیگز والی ویڈیوز موجود ہیں۔ ایک ایسی دھاندلی کا ثبوت پیش کریں مسلم لیگ ن کے خلاف۔ عوام کے ووٹ اور فیصلے کو کھلے دل سے تسلیم کریں۔ میری بلاول سے درخواست ہے کہ اپنی توجہ سندھ کو بہتر بنانے پر مرکوز کریں۔ سندھ سے جو بھی پنجاب آتا ہے ایک ہی بات کرتا ہے کہ ہمیں پنجاب جیسا سندھ اور لاہور جیسا کراچی چاہیے۔ تھوڑی سی محنت اور فوکس سے سندھ میں بہت ترقی ہوسکتی ہے۔ اپنی کارکردگی اور صوبے پر غور کریں اور سوچیں کہ آزاد کشمیر نے آپ کی بات کیوں نہیں سنی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ سے نکلنے والی آوازیں سنیں، سڑکوں، ہسپتالوں اور امن و امان کو ٹھیک کریں۔ میں نے کہا تھا کہ جن کے اپنے صوبوں کی سڑکیں ٹوٹی ہیں وہ آزاد کشمیر کو کیا اچھی سڑکیں دیں گے۔ خود احتسابی کرنے کی ضرورت ہے، اس سے بہتر راستہ نکلے گا۔ جو بھی سندھ سے آتا ہے پنجاب کا سی ایم مانگتا ہے، اس کی وجہ یہ نہیں کہ چہرہ پسند ہے بلکہ پرفارمنس پسند ہے۔ سندھ کے عوام ترقی اور بنیادی سہولیات مانگتے ہیں، امید ہے غور کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کہا کہ آزاد کشمیر کو پنجاب جیسا بنائیں گے مگر آپ 17 سال کے باوجود نہیں کہہ سکے کہ ہم آزاد کشمیر کو سندھ بنائیں گے۔ کراچی میں برے حالات ہیں اور یہ بات دنیا جانتی ہے۔ آزاد کشمیر میں الیکشن پر نگران حکومت نہیں ہوتی۔ پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر میں اپنی حکومت، اپنے لوگوں اور اپنے وزیر اعظم کے ساتھ الیکشن لڑا اور ہارے۔ آزاد کشمیر میں مسلم لیگ ن کی حکومت نہیں تھی۔ سوچ کر بات کریں، اپنی حکومت پر ہی دھاندلی کے الزامات لگا رہے ہیں، ایک سال سے وہاں ہیں اور کوئی ذمہ داری نہیں لی۔ آزاد کشمیر میں اچھی چیز کا کریڈٹ خود لیتے ہیں اور اپنی ہی حکومت کی ناکامی وفاق پر ڈالتے ہیں۔ حکومت کرتے ہوئے اور الیکشن کے بعد بھی روئیں گے تو لوگ رونے پر ووٹ نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ ترقی چاہتے ہیں، پراجیکٹس اور نسلوں کی بہتری چاہتے ہیں، رونے والوں کو نہیں کارکردگی کو ووٹ دیتے ہیں۔ پیپلز پارٹی سے اپیل ہے اپنے اوپر اور کارکردگی پر محنت کریں۔ سندھ کی پرفارمنس بہتر کریں تاکہ سندھ میں کام دیکھ کر ووٹ ملے۔ پیپلز پارٹی کی کوئی کارکردگی نہیں، منشور اور ایجنڈا نہیں، سوائے ذاتیات پر بات کرنے اور طعنے دینے کے۔ ووٹر تنقید سن کر کبھی ووٹ نہیں دیتا۔ انہوں نے کہا کہ صحت، تعلیم، الیکٹرک بائیکس اور پنجاب جیسے مختلف کارڈز اور وظائف چاہئیں۔ آزاد کشمیر کے عوام سے وعدہ ہے کہ مسلم لیگ ن کامیابی کے بعد ایک دن ضائع کیے بغیر خدمت میں حاضر ہوگی۔ جو پنجاب میں ریفارمز ہوئیں آزاد کشمیر میں بھی وہی کام ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کی ضروریات اور سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچائیں گے۔ میر پور کی طرح باقی لوگ بھی 2 اور 10 اگست کو مسلم لیگ ن کو ووٹ دیں تاکہ آپ کی ترقی ہو۔

بقیہ 14

اہم معدنیات، توانائی، دفاع اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لے رہی ہیں، پاکستان میں جاری اصلاحات اور امریکا کی مسابقتی ٹیرف پالیسی نے بھی ملک کو سرمایہ کاری کے لئے مزید پرکشش بنا دیا ہے، واشنگٹن میں پاکستان کا سفارتخانہ اور امریکا بھر میں قائم پاکستانی قونصل خانے امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے متعلقہ اداروں سے رابطے میں معاونت فراہم کرتے رہیں گے۔ منگل کو یہاں وزارت خارجہ میں امریکی کانگریس کے ایک وفد اور اعلیٰ سطح کے امریکی کاروباری وفد سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان امریکا کے ساتھ اپنی دیرینہ تزویراتی اور اقتصادی شراکت داری کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور تجارت، سرمایہ کاری اور ابھرتے ہوئے شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لئے پرعزم ہے۔ وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اس دورے سے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اور پاک-امریکا تعلقات میں مثبت پیشرفت کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکا بالترتیب دنیا کی پانچویں اور تیسری بڑی آبادیاں ہیں اور وہ ایک دوسرے کی اقتصادی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے باہمی مفاد پر مبنی مضبوط شراکت داری قائم کرنے کی بے پناہ استعداد رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا پاکستان کی برآمدات کے لئے سب سے بڑی واحد منڈی ہے، گزشتہ مالی سال کے دوران دونوں ممالک کے درمیان باہمی تجارت کا حجم 9.4 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ آئندہ پانچ برسوں میں تجارتی حجم کو بڑھا کر 20 ارب امریکی ڈالر تک لے جایا جاسکتا ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان ایسی منصفانہ، متوازن اور باہمی مفاد پر مبنی تجارت پر یقین رکھتا ہے جو دونوں معیشتوں کے لئے قدر پیدا کرے اور دونوں ممالک کے عوام کی مشترکہ خوشحالی کا باعث بنے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا سے کپاس اور سویابین درآمد کرنے والے بڑے ممالک میں شامل ہے جس سے امریکی کسانوں کو فائدہ پہنچتا ہے جبکہ پاکستان امریکی ہائیڈرو کاربن مصنوعات کی ایک اہم منڈی کے طور پر بھی ابھر رہا ہے۔ اسی طرح پاکستان میں جدید مشینری، ٹیکنالوجی اور دیگر سامان کی بڑھتی ہوئی طلب امریکی صنعت کاروں کے لئے نمایاں مواقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معروف امریکی کمپنیاں پاکستان میں ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، اہم معدنیات، توانائی، دفاع اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جاری اصلاحات اور امریکا کی مسابقتی ٹیرف پالیسی نے بھی ملک کو سرمایہ کاری کے لئے مزید پرکشش بنا دیا ہے۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سپیشل انویسٹمنٹ فیسلی ٹیشن کونسل کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک ون ونڈو پلیٹ فارم ہے جو سرمایہ کاروں کو تمام ضروری منظوریوں کے عمل کو آسان بنانے اور حکومتی اداروں کے درمیان مؤثر ہم آہنگی کے ذریعے سہولت فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے امریکی کاروباری رہنماؤں کو ترغیب دی کہ وہ ایس آئی ایف سی کے ساتھ اپنا رابطہ برقرار رکھیں تاکہ دستیاب مواقع کو طویل المدتی تجارتی شراکت داری میں تبدیل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان امریکی حکومت، کاروباری اداروں، سرمایہ کاروں اور کاروباری شخصیات کے ساتھ تعمیری تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہے تاکہ اشیا اور خدمات، بالخصوص آئی ٹی، مصنوعی ذہانت، توانائی، مینوفیکچرنگ، اہم معدنیات، زراعت اور دیگر ابھرتے ہوئے شعبوں میں تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکی سرمایہ کاری میں اضافے کے لئے خصوصی اقتصادی زونز اور ٹیکنالوجی پارکس سمیت مسابقتی مراعات فراہم کرنے کے لئے تیار ہے۔ نائب وزیر اعظم نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک، امریکی انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ فنانس کارپوریشن اور امریکی ٹریڈ اینڈ ڈویلپمنٹ ایجنسی دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔ انہوں نے امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کی اقتصادی تبدیلی کا شراکت دار بننے کی دعوت دیتے ہوئے یقین دلایا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت ان کی طویل المدتی کامیابی کے لئے ہر ممکن سہولت فراہم کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ واشنگٹن میں پاکستان کا سفارتخانہ اور امریکا بھر میں قائم پاکستانی قونصل خانے امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے متعلقہ اداروں سے رابطے میں معاونت فراہم کرتے رہیں گے۔ دوطرفہ تعلقات کے وسیع تناظر پر روشنی ڈالتے ہوئے محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور امریکا پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کے مشترکہ مقصد کے لئے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تنازعات کے حل اور علاقائی امن کے قیام کے لئے بات چیت اور سفارتکاری کو ہی واحد پائیدار راستہ سمجھتا ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان نے عالمی سفارتی سطح پر اپنی مثبت شناخت کو مضبوط بنایا ہے اور آج اسے ایک ذمہ دار امن پسند ملک کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے جو علاقائی اور عالمی استحکام میں مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے امریکی کاروباری وفد کے ارکان پر زور دیا کہ وہ امریکا میں پاکستان کے مثبت تشخص کے سفیر کا کردار ادا کریں اور امریکی کاروباری برادری کے سامنے پاکستان کی وسیع اقتصادی صلاحیتوں اور سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنے میں فعال کردار ادا کریں۔

بقیہ 15

دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، جن میں کمانڈنگ آفیسر پی این ایس عالمگیر، کمانڈر 25 ڈسٹرائر اسکواڈرن، کمانڈنٹ پاکستان نیول اکیڈمی اور ریاض (سعودی عرب) میں سینئر پاکستان نیوی آفسر کی تقرریاں شامل ہیں۔ ریئر ایڈمرل تصور اقبال اس وقت کمانڈر ویسٹ کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ان کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا ہے۔ ریئر ایڈمرل محمد عمیر نے 1996 میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے چین سے کمیونیکیشن کمانڈ کورس اور امریکہ سے نیول اسٹاف کالج کورس بھی کیا ہے، اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، جن میں کمانڈنگ آفیسر پی این ایس قوت، پی این ایس طارق، پی این ایس تبوک اور کمانڈر 14 ڈسٹرائر اسکواڈرن کی تقرریاں شامل ہیں۔ آپ نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ڈپٹی ڈائریکٹر نیول آپریشنل پلانز (اسٹریٹیجی) کے طور پر بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ ریئر ایڈمرل محمد عمیر اس وقت کمانڈنٹ پاکستان نیول اکیڈمی کراچی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا ہے۔ ریئر ایڈمرل شاہد واصف نے 1996 میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے برطانیہ سے ایڈوانس کمانڈ اینڈ اسٹاف کورس، کنگز کالج لندن سے ڈیفنس اسٹڈیز میں ماسٹرز، آسٹریلیا سے ڈیفنس اینڈ اسٹریٹجک اسٹڈیز کورس اور ڈیکن یونیورسٹی آسٹریلیا سے بین الاقوامی تعلقات میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں جن میں کمانڈنگ آفیسر پی این ایس سیف، ڈپٹی ڈائریکٹر نیول آپریشنل پلانز (سٹریٹیجی)، اسسٹنٹ نیول سیکرٹری (آپریشنز)، ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اور نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف دی نیول سٹاف کے پرنسپل سیکرٹری کی تقرریاں شامل ہیں۔ ریئر ایڈمرل شاہد واصف اس وقت کمانڈر 25 ڈسٹرائر اسکواڈرن کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا ہے۔ ریئر ایڈمرل را احمد عمران انور نے 1996 میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے برطانیہ سے ایڈوانس کمانڈ اینڈ اسٹاف کورس اور کنگز کالج لندن سے ڈیفنس اسٹڈیز میں ماسٹرز کی ڈگری بھی حاصل کر رکھی ہے۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں جن میں کمانڈنگ آفیسر پی این ایس ضرار، پی این ایس شمشیر، پی این ایس ذوالفقار اور کمانڈر 10 پیٹرول کرافٹ سکواڈرن کی تقرریاں شامل ہیں۔ ایڈمرل را احمد عمران انور نے نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں اسسٹنٹ چیف آف نیول اسٹاف (آپریشنز)، نئی دہلی (بھارت) میں نیول ایڈوائزر (پاکستان) اور پاکستان نیوی وار کالج، لاہور میں ڈپٹی کمانڈنٹ کے طور پر بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ ریئر ایڈمرل را احمد عمران انور اس وقت نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں نیول سیکرٹری کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز (ملٹری) اور تمغہ بسالت سے نوازا گیا ہے۔

بقیہ 16

اقدار سے دلوں کو روشن کر رہا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق پی پی پی چیئرمین نے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ بھٹائی کا کلام زمان و مکان کی حدود سے ماورا ہو کر انسانیت کو یہ درس دیتا ہے کہ حقیقی قوت برداشت، اتحاد، انکساری اور بے لوث خدمت خلق میں پوشیدہ ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قوم بالخصوص نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے پیغام کو اپناتے ہوئے نفرت، تشدد اور انتہاپسندی کو مسترد کریں اور اپنے معاشرے کے ساتھ ساتھ پوری دنیا بھر میں محبت، ہم آہنگی اور انسانیت کے احترام کو فروغ دیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پیپلز پارٹی امن، باہمی رواداری، بقائے باہمی، شمولیت اور سماجی ہم آہنگی پر مبنی اُن صوفی روایات کے فروغ اور تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی جو پاکستان کی حقیقی روح کی عکاس ہیں۔

بقیہ 17

اور امن واستحکام پر بھی گفتگو کی۔ ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ داخلی سکیورٹی سے متعلق باہمی تعاون اور شراکت داری کو مضبوط بنایا جائے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ قطر کے ساتھ سکیورٹی و مشترکہ مفادات کے شعبوں میں اشتراک کو مستحکم بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطری ہم منصب سے انکے والد محترم سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطر کی تعمیر وترقی میں سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کی گراں قدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ قطری وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں اور دوطرفہ اشتراک مضبوط بنانے کے مل کر کام کرتے رہیں گے۔

بقیہ 18

معروف ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ثاقب چدھڑ کی حد تک تفتیش مکمل ہو چکی ہے وہ تفتیش میں قصوروار قرار پائے، ثاقب چدھڑ کی اہلیہ سمیرا نے دو روز قبل اپنا موبائل فون این سی سی آئی اے میں جمع کروایا جسے فرانزک کے لیے بھجوا دیا گیا ہے۔ مومنہ اقبال کے وکیل عدنان احسان نے ملزمان کی ضمانت خارج کرنے کی استدعا کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ملزمان کی آزادی ان کے لیے خطرے کا باعث ہے۔ عدالت نے وکلاء کو آئندہ سماعت پر حتمی دلائل کے لیے طلب کرتے ہوئے ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ کی عبوری ضمانت میں 3 ستمبر تک توسیع کر دی۔ این سی سی آئی اے نے اداکارہ مومنہ اقبال کی درخواست پر ہراساں کرنے اور دھمکیاں دینے کے الزام میں مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ 19

گیا ہے کشمیر کی عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے، آپ کی غلط فہمی دور ہو گئی ہیں، آپ کی جمع تفریق غلط ثابت ہوگئی، حقیقت میں آپ کے پری پول دھاندلی کے پروگرام ناکام ہو گئے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ لیگی امیدوار نے الیکشن سے ایک رات قبل بیلٹ پیپرز کے تھیلے پیپلز پارٹی کے امیدوار کے گھر سے پکڑے، آپ کا تیر کشمیر کی وادیوں میں گم گیا، کشمیر میں ہر طرف شیر دھاڑ رہا ہے، آزاد کشمیر الیکشن کے پہلے مرحلے میں کشمیریوں نے میاں نواز شریف کے حق میں فیصلہ دے دیا، جیت پر جشن منانے آتے ہیں تو ہار پر برداشت کرنا بھی سیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر الیکشن میں ہارنے پر پی ٹی آئی والا وطیرہ مت اپنائیں، گلگت میں آپ کی حکومت بن گئی تو اس کا مطلب وہاں بہت شفاف الیکشن ہوئے ہیں؟ آزاد کشمیر میں آپ ہار گئے ہیں تو وہاں دھاندلی ہوئی ہے؟ ایسے ڈبل سٹینڈرڈ جمہوری سوچ رکھنے والی جماعت کو زیب نہیں دیتے۔

بقیہ 20

پنجاب بھر کے میونسپل چیف افسروں کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر میونسپل اداروں کی 10 سال سے پرانی مشینری تبدیل کی جا رہی ہے۔ اگر کسی جگہ مشینری کی کمی ہے تو سیکرٹری بلدیات کے نوٹس میں لائی جائے۔ اجلاس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ احمر کیفی بھی شریک ہوئے۔ اس موقع پر مون سون بارشوں اور نکاسی آب کی مشینری کی دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے آبادی کے تناسب سے جیٹنگ مشینوں، سکرز اور ڈی سلٹنگ یونٹس کی تقسیم یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بارشوں کے دوران میونسپل کمیٹیز اور ضلع کونسلز کا سٹاف فوری ایکشن لے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ باقاعدگی سے چیف افسروں کے ساتھ میٹنگز کر کے درپیش مسائل کا حل تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ڈرینز کی ڈی سلٹنگ کا کام مون سون کے اختتام تک جاری رہے گا۔ کسی جگہ مین ہولز کے ڈھکن نہ پائے گئے تو متعلقہ افسر کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ جن شہروں میں واساز موجود ہیں وہاں بھی میونسپل سٹاف نکاسی آب کے کام میں ضلع انتظامیہ سے تعاون کرے گا تاکہ عوام کیلئے فوری ریلیف ممکن بنایا جاسکے۔

بقیہ 21

کی گئیں، چھاپہ مار کارروائیاں ننکانہ صاحب اور ساہیوال اور سرگودھا اضلاع میں کی گئی۔ ملزمان ارسلان، کرامت، اللہ دتہ اور شہریار پاسپورٹ آفس ایجنٹ ننکانہ صاحب کے باہر سے گرفتار کیا گیا، ملزمان بشارت علی اور فاروق ساہیوال اور سرگودھا سے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان شہریوں سے پاسپورٹ بنوانے کے نام پر غیر قانونی طور پر اضافی رقوم وصول کر رہے تھے۔ ملزمان کے قبضے سے پاسپورٹس، ٹوکن، بینک چالان، رسیدیں اور دیگر اہم شواہد برآمد کر لیے گئے ہیں۔ ملزمان شہریار اور فاروق نے شہریوں سے ورک ویزا کے نام پر مجموعی طور پر 11 لاکھ 90 ہزار روپے ہتھیائے۔ تمام ملزمان کو گرفتار کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 22

کے مطابق چاروں صوبوں میں 1122 ایمرجنسی کال سینٹرز مکمل طور پر فعال رہیں گے، جبکہ ان کا مرکزی رابطہ این ڈی ایم اے کے پاس ہوگا۔ حکام کے مطابق ہنگامی صورتحال میں 1122 پر موصول ہونے والی تمام کالز پر فوری کارروائی کی جائے گی جبکہ مؤثر ایمرجنسی رسپانس کو یقینی بنانے کے لیے صوبائی کال سینٹرز مسلسل پی ٹی اے کے ساتھ رابطے میں رہیں گے۔ وزارت آئی ٹی کے ذرائع کے مطابق گزشتہ سال سیلابی صورتحال کے دوران 8.27 ملین ایمرجنسی کالز موصول ہوئیں جبکہ قدرتی آفات کے دوران ملک بھر میں صرف 7 فیصد ٹیلی کام سائٹس متاثر ہوئیں۔ ذرائع نے بتایا کہ متاثر ہونے والی 99 فیصد ٹیلی کام سائٹس کو ایک ماہ کے اندر بحال کر دیا گیا تھا، جس سے ہنگامی حالات میں مواصلاتی نظام کی بحالی کی استعداد کا اندازہ ہوتا ہے۔

بقیہ 23

رواں برس 14 اگست جمعہ کے روز ہوگی جبکہ اگلے دو روز ہفتہ اور اتوار کو معمول کی تعطیلات ہوگی، یوں چھٹیوں کا جشن 3 روزہ ہو جائے گا۔ حکومت پاکستان نے سال 2026ء کے لیے سرکاری، بینک اور اختیاری تعطیلات کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے مطابق 25 اگست بروز منگل عید میلاد النبیؐ کی سرکاری تعطیل ہوگی۔ کلینڈر ایئر اور اور حکومت پاکستان کی جانب سے سال 2026ء کے لیے سرکاری، بینک اور اختیاری تعطیلات کے نوٹیفکیشن کے مطابق عوام کو مجموعی طور پر 12 چھٹیاں ملنے کا قوی امکان ہے۔

بقیہ 24

استعمال، منی لانڈرنگ، دہشت گردوں کی مالی معاونت اور سائبر کرائمز کی تحقیقات کرے گا۔ ورچوئل کرنسی سیل کے تحت نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر بھی قائم کیا جائے گا جس میں نیب، پولیس، ایف بی آر، نیکٹا اور دیگر قومی وصوبائی ادارے تعاون کریں گے۔ نیا سیل مشکوک کرپٹو اور بلاک چین ٹرانزیکشنز، کولڈ والٹس اور ڈیجیٹل اثاثوں کے ذریعے ہونے والے مالیاتی فراڈ کا فرانزک بھی کرے گا، مجرمانہ نیٹ ورکس کیخلاف کارروائی کے لئے جدید ٹیکنالوجی اور عالمی طریقہ کار اپنایا جائے گا۔ پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی مارکیٹ کو ریگولیٹ کرے گی، لائسنس یافتہ کرپٹو سروس پروائیڈرز کو ہی بینکنگ سسٹم تک رسائی کی اجازت ہوگی۔ غیر قانونی اور غیر دستاویزی کرپٹو ٹریڈنگ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، اقدام نیشنل ایکشن پلان اور ایف اے ٹی ایف کی سفارشات کی تعمیل میں اٹھایا گیا ہے۔

بقیہ 25

پولیس کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں 2 ڈاکو موقع پر ہی ہلاک ہو گئے، زخمی پولیس اہلکار کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ شہید ہو گیا۔

بقیہ 26

کی ہے۔ پراونشل ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کے مطابق مون سون ہوائیں بالائی اور وسطی علاقوں کو متاثر کریں گی، یکم اگست سے مغربی ہواؤں کا سلسلہ بھی شدت اختیار کر سکتا ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق بالائی اضلاع میں لینڈ سلائیڈنگ اور ندی نالوں میں فلیش فلڈ کا خطرہ ہے۔

بقیہ 27

پیشہ ورانہ مہارت سے ٹریفک مینجمنٹ کو بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 28

بڑی تعداد میں اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ ساہنی میں پولنگ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کو گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے دوران امن وامان کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کردار مثالی رہا۔ جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں نے انتخابات میں بھرپور حصہ لیا، پولنگ پرامن ماحول میں منعقد ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے بڑی تعداد میں اپنا حق رائے دہی استعمال کیا، ساہنی میں پولنگ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کو گرفتار کیا گیا۔ چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر نے کہا کہ انتخابات کے دوران امن و امان کے قیام کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کردار مثالی رہا۔

بقیہ 29

کبھی بھی مقبوضہ کشمیر نہیں بننے دیں گے، کشمیر کاز کو بچانے کے لیے پیپلز پارٹی کی مفاہمتی پالیسی تسلیم کرنا پڑے گی۔ پیپلز پارٹی کے ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزاد کشمیر میں جو ہو رہا ہے کیا ہم اسے جمہوریت کا نام دے سکتے ہیں، میر پور کے عوام کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنے ووٹ سے پیپلز پارٹی کو اکثریت دلوائی تاہم لگ رہا ہے ریاست کا ہر فیصلہ ن لیگ کو ترجیح دے رہا ہے، اس کا نقصان کشمیر، پاکستان اور اس کے عوام کا ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ ان کے لیے قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا (ن) لیگ کا مفاد، ہم قومی مفاد میں ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، (ن) لیگ کے مفاد میں نہیں، آنکھیں کھولیں، (ن) لیگ کے مفاد کے نام پر پاکستان کا کیا حال ہوا، کشمیر کے ساتھ کیا کر رہے ہیں، یہ آزاد کشمیر ہے، اسے کبھی بھی مقبوضہ کشمیر نہیں بننے دیں گے، کیا چاہتے ہیں کہ پونچھ آزاد کشمیر کا نہیں مقبوضہ کشمیر کا لگے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ بند کرنے سے یہ آزاد کشمیر نہیں مقبوضہ کشمیر لگے گا، کیا آپ سمجھتے ہیں کہ تمام سیاسی پارٹیاں بیوقوف ہیں، کیا کشمیر کے عوام نہیں جانتے کہ ان کے ساتھ آپ کیا کر رہے ہیں، یہ دھاندلی کی کہانی آج سے شروع نہیں ہوئی، قومی مفاد کو دھکیل کر (ن) لیگ کے مفاد کو ترجیح دینا آج سے شروع نہیں ہوا، ہمیں چاہیے کہ صاف و شفاف الیکشن کرائیں، کشمیر کاز کو بچانے کے لیے پیپلز پارٹی کی مفاہمتی پالیسی تسلیم کرنا پڑے گی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم اپنے ہی ساتھیوں کی جانیں ضائع ہوتے نہیں دیکھ سکتے، آپ نے پیپلز پارٹی کے کارکن کو مارا تاہم اس کے باوجود ان کی تمام کوششیں ناکام ہوئیں، میں انہیں نہیں چھوڑوں گا، آپ کو حق دلا کر رہوں گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سکیورٹی کے باوجود 30 پولنگ اسٹیشنز پر حملے کیسے ہوئے؟ ایک دو حلقوں پر ہو جائے تو مان لیں، پورے 30 پولنگ اسٹیشنز پر حملے کیسے مان لیں، آپ نے مرحلہ وار الیکشن دھاندلی کے لیے کرائے، ان لوگوں نے وہی کام کیا جو انہوں نے پچھلے الیکشن میں کیا تھا، اب کسی کو اپنے حق پر ڈاکہ ڈالنے نہیں دیں گے۔

بقیہ 30

طیارہ واپس لاہور پہنچا۔ کراچی، کویت، تاشقند، اسکردو اور ریاض سے لاہور کی 10 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں، ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق تھنڈر اسٹروم کے باعث پروازوں کو لاہور ایئرپورٹ پر لینڈنگ اور ٹیک آف میں دشواری کا سامنا ہے۔

بقیہ 31

سی سی ٹی وی کیمروں کا سسٹم بھی ساتھ لے گئی۔ اطلاع ملنے پر اٹارنی جنرل میٹنگ سے فارغ ہو کر واپس گھر پہنچے تو پولیس سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج ڈیلیٹ کر کے ڈی وی آر واپس کر گئی۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او تھانہ سرور روڈ کی قیادت میں پولیس پارٹی 27 جولائی کی شام 6 بجے گیٹ پھلانگ کر اٹارنی جنرل پاکستان منصور اعوان کے گھر میں داخل ہو گئی اور وہاں موجود ملازمین کو ہراساں کیا۔ پولیس کے مطابق اٹارنی جنرل کے ساتھ والے گھر میں جرائم پیشہ افراد کی موجودگی کی اطلاع تھی لیکن غلطی سے وہ اٹارنی جنرل کے گھر میں داخل ہو گئے۔ پولیس حکام نے ایس ایچ او سرور روڈ عرفان سمیت 11 پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں چارج شیٹ کر دیا۔ ایف آئی آر کے مطابق پولیس نے چھاپہ مار کر اختیارات سے تجاوز کیا۔ دوسری جانب ایس ایچ او سرور روڈ نے عدالت سے عبوری ضمانت بھی کرالی ہے۔

بقیہ 32

جھوٹا، اشتعال انگیز، توہین آمیز اور دھمکی آمیز مواد پھیلایا، نورین نیازی نے ریاستی اور سیکورٹی اداروں کے خلاف منظم پروپیگنڈا کیا۔ یاد رہے کہ نیشنل سائبر کرائم انٹیلی جنس اتھارٹی (این سی سی آئی اے) نے ریاست اور مسلح افواج کے خلاف متنازع بیان دینے پر طلب کیا تھا جبکہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا تھا کہ نورین نیازی کا بیان پارٹی پالیسی نہیں ہے۔

بقیہ 33

سیلابی صورتحال اور انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے پیشگی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ اضلاع میں خوراک، جانوروں کے چارے، ریسکیو سہولیات اور دیگر ضروری انتظامات ہر وقت تیار رکھے جائیں۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف خود ممکنہ سیلابی صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہی ہیں اور متعلقہ اضلاع کو فوری فنڈز کی فراہمی کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔ انہوں نے دریاؤں میں پانی کے بہاؤ پر مسلسل نظر رکھنے، جبکہ ریسکیو 1122، محکمہ صحت، لائیوسٹاک اور دیگر متعلقہ محکموں کے عملے کو فلڈ ریلیف کیمپس میں 24 گھنٹے موجود رہنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام ادارے پی ڈی ایم اے پنجاب کے الرٹس کے مطابق پیشگی انتظامات مکمل رکھیں اور وزیر اعلیٰ کی واضح ہدایات کے مطابق کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غیر ذمہ داری برداشت نہیں کی جائے گی، ان کا کہنا تھا کہ ایمرجنسی کنٹرول روم سے صورتحال کی لمحہ بہ لمحہ مانیٹرنگ کی جا رہی ہے جبکہ حالیہ ریکارڈ بارشوں کے دوران ریکارڈ وقت میں نکاسی آب کو یقینی بنایا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ محکمے مکمل الرٹ رہیں۔

بقیہ 34

میں قرار دیا گیا ہے کہ درخواست گزاروں کے وکیل کے مطابق پی پی ایس سی نے ایک نشست کے لیے پانچ کامیاب امیدواروں کو انٹرویو کے لیے بلانے کا اشتہار دیا تھا، پی پی ایس سی کا 19 دسمبر 2024ء کو جاری اشتہار غیر قانونی اور آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق کے منافی ہے۔ پی پی ایس سی کا جاری اشتہار پنجاب گزٹ میں شائع نہیں کیا گیا، عدالت غیر قانونی طور پر جاری اشتہار کو کالعدم قرار دے، عدالت پی پی ایس سی کو انٹرویو اور نفسیاتی جانچ کا شیڈول جاری کرنے سے روکنے کا حکم دے۔ فیصلے میں قرار دیا گیا ہے کہ پنجاب حکومت اور پی پی ایس سی کے وکلا کے مطابق درخواست گزاروں نے اشتہار کی تمام شرائط جانتے ہوئے امتحان میں حصہ لیا، اشتہار میں اہلیت، نصاب، کامیابی کے معیار اور دیگر تمام شرائط واضح طور پر درج تھیں، کوئی امیدوار امتحان پاس کرنے پر انٹرویو کا قانونی حق نہیں رکھتا۔ درخواست گزاروں نے امتحان پاس کیا، مگر اشتہار میں درج تناسب کے حساب سے ایک سو چھ امیدواروں کو انٹرویو کے لیے منتخب کیا گیا، عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ درخواست گزاروں نے بغیر اعتراض کے امتحان میں حصہ لیا، نتیجہ حق میں نہ آنے پر شرط کو چیلنج نہیں کر سکتے۔ فیصلے کے مطابق امیدواروں کو تمام شرائط معلوم تھیں، درخواست میں اس بات کی تصدیق بھی کی گئی، بھرتی، شارٹ لسٹنگ اور انتخاب کا طریقہ کار بنیادی طور پر پی پی ایس سی کے دائرہ اختیار میں آتا ہے، عدالت غیر قانونی اقدام، بدنیتی، من مانی یا قانون کی خلاف ورزی پر مداخلت کر سکتی ہے، جو اس مقدمے میں ثابت نہیں ہوئی۔ عدالت کے مطابق پی پی ایس سی کے اشتہار میں انٹرویو کے لیے ایک نشست کے لیے پانچ امیدوار بلانے کی پالیسی میں مداخلت کا کوئی جواز موجود نہیں ہے، درخواست میرٹ پر نہ ہونے کے باعث خارج کی جاتی ہے۔

بقیہ 35

اور دیگر تمام بحری جہازوں بشمول تفریحی و ماہی گیر کشتیوں، جیٹ سکیئنگ کرنے والی کشتیوں کے استعمال کنندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ عارضی طور پر جہاز رانی اور تمام بحری سرگرمیاں معطل کر دیں۔ تاہم وہ جہاز مستثنیٰ ہیں جو بین الاقوامی سمندری کنونشنز کے تابع ہیں اور قابل اطلاق ضوابط اور طریقہ کار کے مطابق کام کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ احتیاطی تدابیر متعلقہ سکیورٹی حکام کے ساتھ مل کر کی گئی ہیں اور عوام کو ہدایت کی تعمیل کرنے کی تاکید کی جاتی ہے۔ قطر نے قبل ازیں علاقائی سلامتی کی پیش رفت کے درمیان عائد کردہ عارضی معطلی کے بعد سمندری سرگرمیاں دوبارہ شروع کر دی تھیں۔

بقیہ 36

پولیس حکام کے مطابق حادثہ قومی شاہراہ پر پیش آیا، جس کے باعث شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند ہو گئی، سڑک کے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، جبکہ ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے تینوں افراد کا تعلق صوبہ سندھ سے بتایا جا رہا ہے۔ حکام کے مطابق حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں مکمل کر لی گئی ہیں، واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی گئیں

بقیہ 37

مذاکرات ہوئے جس میں فلور ملز مالکان نے ایکس مل پرائس میں 8 روپے فی کلو کمی کا اعلان کیا۔ فلور ملز مالکان کے فیصلے کے بعد آٹے کی ایکس مل پرائس 133 روپے سے کم ہو کر 125 روپے ہو جائے گی، اس فیصلہ کے بعد آٹے کی ہول سیل اور ریٹیل پرائس بھی کم ہو جائے گی، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آٹے کی قیمت میں کمی کے اس فیصلہ پر فوری اطلاق ہوگا۔ اس موقع پر فلور ملز ایسوسی ایشن نے اعلان کیا کہ فلور ملز مالکان شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کم قیمت پر آٹے کے فیئر پرائس اسٹالز بھی لگائیں گے۔

بقیہ 38

معاون ثابت ہوں گی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ موجودہ ریفائنریز کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلئے ان کی اپ گریڈیشن ناگزیر ہے، یورو-4 اور یورو-5 معیار کے ایندھن کی پیداوار پاکستان کے بین الاقوامی ماحولیاتی وعدوں کی تکمیل، فضائی آلودگی میں کمی اور عوام کو بہتر معیار کا ایندھن فراہم کرنے کیلئے ضروری ہے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ اوگرا کی کارکردگی بہتر بنانے اور مارکیٹ کی ضروریات پوری کرنے کیلئے اصلاحات متعارف کرائی جائیں تاکہ شعبہ توانائی میں مسابقت، شفافیت اور سرمایہ کاری کو فروغ ملے۔ شہباز شریف نے زور دیا کہ نئی پالیسی کے نفاذ کے بعد اس پر مؤثر اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور اس ضمن میں کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو ہدایت کی کہ تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی رابطہ رکھتے ہوئے اصلاحاتی عمل کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت توانائی کے شعبے میں پائیدار اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ وزیر اعظم نے براؤن فیلڈ ریفائنریز کے حوالے سے ترمیمی پاکستان آئل ریفائننگ پالیسی 2023 کی ترویج کیلئے قطر، سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک میں روڈ شوز منعقد کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے براؤن فیلڈ ریفائنریز کے حوالے سے ریفائننگ پالیسی میں ترمیم کے حوالے سے وزیر پٹرولیم اور ان کی ٹیم کے کام اور کارکردگی کو سراہا۔ وزیر اعظم نے ملک میں پٹرولیم مصنوعات کے سٹریٹیجک ریزروز بڑھانے کی ہدایت بھی کی۔ اجلاس کو ملک میں آئل ریفائنریز کی اپ گریڈیشن، توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور پالیسی پر عمل درآمد کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ براؤن فیلڈ ریفائنریز کے حوالے سے پاکستان آئل ریفائننگ پالیسی 2023 میں کی گئی ترامیم کا مقصد ماحول دوست یورو-V کی مطابقت رکھنے والے پیٹرول اور ڈیزل کی پیداوار کو یقینی بنانا، فرنس آئل اور کم معیار کی پٹرولیم مصنوعات میں کمی لانا ہے۔

پنجاب کے دریاؤں میں سیلابی صورتحال بہتر، پانی کا بہاؤ معمول پر آ گیا

دریائے راوی میں بلوکی، سدھنائی کے مقام پر نچلے درجے کی سیلابی صورتحال برقرار

لاہور(این این آئی)صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پنجاب کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں بتدریج کمی ریکارڈ کی گئی جبکہ بیشتر مقامات پر صورتحال معمول پر آ گئی ہے۔پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے سندھ میں کالاباغ اور تونسہ کے مقام پر اب بھی نچلے درجے کا سیلاب موجود ہے، جہاں کالاباغ میں پانی کا بہاؤ3لاکھ ایک ہزار کیوسک جبکہ تونسہ میں 3لاکھ85ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا

اقوامِ متحدہ کا حماس پر غزہ میں امداد کی فراہمی میں رکاوٹ پیدا کرنے کا الزام

حماس کے اقدامات سے "انسانی ہمدردی کے عملے کو خطرہ لاحق ہوا، سینئر اہلکار رمیز الکباروف

نیویارک(این این آئی)اقوامِ متحدہ کے ایک سینئر اہلکار نے پیر کے روز حماس پر غزہ میں انسانی امداد کی فراہمی میں مداخلت اور امدادی کارکنان کو ڈرانے کا الزام عائد کرتے ہوئے خبردار کیا کہ گروپ کے اقدامات امدادی کارروائیوں کو بہت زیادہ خطرناک بنا رہے ہیں۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حماس کا غزہ کے بعض حصوں پر کنٹرول برقرار ہے حالانکہ اسرائیلی افواج 60 فیصد سے زیادہ علاقے میں موجود ہیں۔شرقِ اوسط امن عمل کے لیے اقوامِ متحدہ کے نائب خصوصی رابطہ کار رمیز الکباروف نے حماس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا کہ وہ غزہ کے ڈی فیکٹو حکام کی انسانی امدادی کارروائیوں میں رکاوٹ کی سختی سے مذمت کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حماس کے اقدامات سے"انسانی ہمدردی کے عملے کو خطرہ لاحق ہوا

سوراب، نامعلوم مسلح افراد کی مسافر بسوں پر فائرنگ، دو مسافر زخمی

کوئٹہ(این این آئی)ضلع سوراب کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی مسافر بسوں پر فائرنگ دو مسافر زخمی ہو گئے۔پولیس کے مطابق پیر کو سوراب کے علاقے سہر چیل، گلغلی میں پنجگور سے کوئٹہ آنے والی دو مسافر بسوں پر نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کر دی۔جس کے نتیجے میں ایک بس کے ٹائر گولیاں لگنے سے پھٹ گئے، جبکہ دوسری بس کے شیشے ٹوٹ گئے۔

پشاور:مون سون کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کی تیاریوں کے حوالے سے وفاقی اور صوبائی اداروں کے آنلائن اجلاس میں صوبائی وزیر برائے ریلیف، بحالی و آبادکاری عاقب اللہ خان، چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ اور دیگر حکام شریک ہیں۔

اپنی سرزمین سے کسی کے خلاف حملوں کی اجازت نہیں دیں گے، عراق

عراقی نائب وزیراعظم کی سعودی وزیر خارجہ سے ملاقات، مختلف شعبوں میں مضبوط بنانے کے طریقوں کا جائزہ لیا گیا

ریاض(این این آئی)عراق نے کہا ہے کہ وہ اپنی سرزمین یا فضائی حدود کو مملکت، خلیج تعاون کونسل یا خطے کے دیگر ممالک کے خلاف کسی کارروائی یا حملے کے لیے لانچنگ پیڈ کے طور پر استعمال کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات عراق کے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ ڈاکٹر فواد حسین نے سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے گزشتہ روز ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات میں سعودی عرب اور عراق کے تعلقات اور انہیں مختلف شعبوں میں مضبوط بنانے کے طریقوں کا جائزہ لیا گیا۔دونوں وزرائے خارجہ نے خطے کی حالیہ صورتحال اور مشترکہ دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ بعد ازاں سعودی اور عراقی حکام نے ایک اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔

لاہور پولیس آپریشنز ونگ کی کارروائیاں، 271 ملزمان گرفتار

لاہور(این این آئی)ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ لاہور پولیس آپریشنز ونگ نے چھٹی کے روز کارروائیاں کرتے ہوئے 271ملزمان گرفتار کر لیے، گزشتہ روز چوری و راہزنی کی وارداتوں میں ملوث 6ملزمان گرفتار کیے گئے،ملزمان کے قبضہ سے 4لاکھ 40ہزار روپے مالیت کا لوٹا سامان برآمد ہوا۔انہوں نے کہا کہ اسلحہ ایکٹ کی خلاف ورزی پر 11 مقدمات درج کیے اور 11ملزمان گرفتار کئے گئے۔

ای چالان سے بچنے کیلئے نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے گرد شکنجہ سخت

نمبر پلیٹس کو ٹیڑھا، مڑا ہوا رکھنے، توڑنے یا ماڈل چھپانے پر 9ہزار 218 گاڑیوں کے چالان

لاہور(این این آئی)سٹی ٹریفک پولیس لاہور نے ای چالان سے بچنے کے لیے نمبر پلیٹس میں ردوبدل اور جعلی نمبر پلیٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید سخت کر دیا ہے۔گزشتہ دو ماہ کے دوران بوگس نمبر پلیٹس لگانے پر88موٹر سائیکلوں اور لگژری گاڑیوں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔بغیر نمبر پلیٹ یا اپلائیڈ فار نمبر پلیٹس کے ساتھ چلنے والی15ہزار 974 گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے۔

الفا-کے ڈیجیٹل سلوشن کے وفد کی سابق ڈپٹی میئر کراچی ڈاکٹر ارشد عبداللہ وہرہ سے ملاقات

نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع، جدید آئی ٹی سہولیات اور ٹیکنالوجی کے فروغ سمیت مختلف اہم قومی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی): الفا-کے ڈیجیٹل سلوشن کے وفد نے سابق ڈپٹی میئر کراچی اور رکنِ قومی اسمبلی ڈاکٹر ارشد عبداللہ وارہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ڈیجیٹل پاکستان کے وژن، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، ای کامرس، ڈیجیٹل مہارتوں، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع، جدید آئی ٹی سہولیات اور ٹیکنالوجی کے فروغ سمیت مختلف اہم قومی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ڈاکٹر ارشد عبداللہ وارہ نے کہا کہ جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل نظام کے فروغ سے نوجوانوں کو بااختیار بنایا جا سکتا ہے اور انہیں ملکی و بین الاقوامی سطح پر بہتر روزگار کے مواقع فراہم کیے جا سکتے ہیں۔وفد نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹلائزیشن اور مصنوعی ذہانت کے فروغ کے ذریعے پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔ملاقات میں الفا-کے ڈیجیٹل سلوشن کے ایگزیکٹو ممبر محمد اریب شریک تھے

بہاولنگر، ٹبہ بودلہ کے قریب بس کی ٹکر سے میاں بیوی جاں بحق

بہاولنگر(این این آئی)ہارون آباد روڈ پر ٹبہ بودلہ کے قریب مسافر بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار میاں، بیوی جاں بحق ہو گئے۔ریسکیو 1122 نے جاں بحق افراد کی لاشیں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیں۔ حادثہ دو تیز رفتار بسوں کی ایک دوسرے سے سبقت لینے کی کوشش کے دوران پیش آیا، بہاولنگر کے نواحی علاقے ٹبہ بودلہ کے قریب سرور چوک، ہارون آباد روڈ پر پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے نے ہر آنکھ اشکبار کر دی۔

عقائد اسلام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنائیں گے، مفتی محمد جان نعیمی

اکابرین امت نے اتحاد، بصیرت اور حکمتِ عملی سے ہر فتنے کو ناکام بنایا، دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ میں اجلاس سے خطاب

کراچی (این این آئی) مرکزی جماعت اہل سنت کراچی نے تحفظ عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے کراچی بھر میں عوامی بیداری مہم کا آغاز کرتے ہوئے 5 ستمبر بروز ہفتہ نشتر پارک کراچی میں عظیم الشان سالانہ ختمِ نبوت کانفرنس منعقد کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔اس مقصد کے لیے شہر بھر میں تنظیمی رابطہ مہم، زونل وضلعی دوروں اور انتظامی کمیٹیوں کی تشکیل کی منظوری بھی دے دی گئی۔ یہ فیصلہ جامعہ مجددیہ نعیمیہ، ملیر کراچی میں منعقدہ مشاورتی و تنظیمی اجلاس میں کیا گیا، جو مرکزی جماعت اہل سنت سندھ کے امیر، مفتی اعظم سندھ، شیخ الحدیث والتفسیر صاحبزادہ مفتی محمد جان نعیمی کی زیر سرپرستی جبکہ امیر مرکزی جماعت اہل سنت کراچی علامہ محمد زبیر صدیقی ہزاروی کی صدارت میں منعقد ہوا۔

روئی کی قیمتوں میں 1 ہفتے میں 400 روپے فی من اضافہ

کراچی (این این آئی)روئی کی قیمتوں میں تیزی کا رجحان برقرار ہے، گزشتہ ہفتے کے دوران روئی کی قیمتوں میں 400 روپے فی من اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔پنجاب میں روئی کی قیمتیں 18ہزار 200روپے جبکہ سندھ میں 17ہزار 700روپے فی من تک پہنچ گئی ہیں۔ دوسری جانب کاٹن زونز میں درجہ حرارت میں ریکارڈ اضافے سے کپاس کی فصل مشکلات کا شکار ہو گئی۔

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

چیلنج ہے پنجاب میں دوبارہ الیکشن لڑ کر دکھا دیں، شرجیل میمن

پورے ملک سے سندھ میں لوگ علاج کے لیے آتے ہیں، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پورے ملک میں سب سے بہتر سندھ میں کام کر رہی ہے، گفتگو

اسلام آباد(این این آئی)سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت جعلی مینڈیٹ کے ذریعے حکومت میں بیٹھی ہے، آپ فارم 47 کی بنیاد پر حکومت پر قابض ہیں، چیلنج ہے پنجاب میں دوبارہ الیکشن لڑ کر دکھا دیں۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ آزاد کشمیر الیکشن میں بدترین دھاندلی کی گئی، وزیراعلیٰ کی گفتگو چوری اور سینہ زوری ہے۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء محمد نواز گوندل کا الحمراء کلچرل کمپلیکس کا دورہ

جاری تزئین و آرائش و ترقیاتی منصوبوں اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

لاہور(این این آئی)لاہور آرٹس کونسل الحمراء کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد نواز گوندل نے الحمراء کلچرل کمپلیکس، قذافی اسٹیڈیم کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ادارے کے ثقافتی معیار اور عوامی خدمات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے جاری تزئین و آرائش، اپ گریڈیشن اور دیکھ بھال کے مختلف منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔دورے کے دوران انہوں نے ایڈمنسٹریٹو بلاک، الحمراء میوزیم اور کلچرل کمپلیکس اوپن ایئر و دیگر اہم شعبہ جات کا معائنہ کیا۔اس موقع پر جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار، دیکھ بھال کے انتظامات اور سہولیات کی بہتری کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار، شفافیت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ مکمل کیے جائیں تاکہ الحمراء کی خدمات مزید مؤثر اور معیاری بن سکیں۔

کراچی میں آئندہ 3 روز ہلکی بارش اور بوندا باندی کا امکان

کراچی (این این آئی)محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ بحیرہ عرب سے مرطوب ہوائیں ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں جبکہ مغربی لہر بھی ملک پر اثرانداز ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی سمیت سندھ کی ساحلی پٹی پر مطلع ابرآلود رہنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے، کراچی میں آئندہ 3 روز کے دوران ہلکی بارش اور بوندا باندی کا بھی امکان ہے جبکہ درجہ حرارت 33 سے35 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہ سکتا ہے۔

لاہور پولیس میں تقرر و تبادلے، متعدد ایس ایچ اوز کی تعیناتیاں

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس میں تقرر و تبادلے، متعدد ایس ایچ اوز کی تعیناتیاں کر دی گئیں۔انسپکٹر انتظار کو تھانہ لٹن روڈ سے تبدیل کر کے تھانہ قائداعظم انڈسٹریل ایریا کا ایس ایچ او تعینات کر دیا گیا۔اسی طرح انسپکٹر وقاص کو تھانہ قلعہ گجر سنگھ کا ایس ایچ او مقرر کیا گیا ہے۔انسپکٹر محسن شہزاد کاہلوں کو تھانہ ڈیفنس سی کا ایس ایچ او تعینات کر دیا گیا جبکہ انسپکٹر رانا اویس کو تھانہ غالب مارکیٹ کا ایس ایچ او مقرر کر دیا گیا ہے۔

لاہور:ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان ڈائریکٹر جنرل رافعہ سید و مہمانوں کا چیمبر صدر فہیم الرحمن سہگل کے ساتھ گروپ فوٹو۔

کام کی جگہ ہراسگی کے کیسز میں مردوں کی شکایات میں 40 فیصد اضافہ

ایک سال میں 1,290 شکایات موصول ہوئیں، 521 مرد اور 769 خواتین نے شکایات درج کرائیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی محتسب برائے انسدادِ ہراسیت کی سالانہ دستاویزات کے مطابق گزشتہ ایک سال کے دوران کام کی جگہ پر ہراسگی سے متعلق درج ہونے والی شکایات میں مردوں کی تعداد نمایاں رہی، جو مجموعی شکایات کا تقریباً40 فیصد ہے۔دستاویزات کے مطابق ایک سال میں 290,1 شکایات موصول ہوئیں، جن میں 521مردوں اور 769 خواتین نے شکایات درج کرائیں۔

لاہور:صوبائی وزیر آبپاشی میاں کاظم علی پیرزادہ چیف انجینئرز کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور، آن لائن ٹیکسی ڈرائیورز سے وارداتیں کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم چوری ڈکیتی سمیت دیگر مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے، ایس پی ماڈل ٹاؤن

لاہور(این این آئی)سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے آن لائن ٹیکسی ڈرائیورز سے وارداتیں کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا۔چوکی چلڈرن ہسپتال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو ہسپتال سے ٹریس کر کے گرفتار کیا۔پولیس کے مطابق ملزم مختلف اوقات میں چلڈرن ہسپتال آنے کے لیے آن لائن ٹیکسی بک کرتا تھا۔ملزم مطلوبہ مقام پر پہنچنے کے بعد کال کا بہانہ بنا کر ڈرائیور کا موبائل فون لے کر فرار ہو جاتا تھا۔اس کے علاوہ ملزم چلڈرن ہسپتال میں مریضوں کے لواحقین سے بھی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث رہا ہے۔پولیس کا کہنا ہے کہ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزم کو ہسپتال سے باہر جاتے ہوئے واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق گرفتار ملزم تنویر چوری، ڈکیتی سمیت دیگر مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بلوچستان میں معصوم مزدوروں کا قتل انسانیت پر حملہ ہے، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا جائے، پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے بھارت کی خفیہ ایجنسی "را" ملوث ہے

ننکانہ صاحب(این این آئی)متحدہ عوامی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے ماشکیل میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے پانچ بے گناہ مزدوروں کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے اور محنت کش شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور بزدلانہ عمل ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے شہدا کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واقعے میں ملوث دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور مالی معاونین کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے، تاکہ کسی دشمن کو دوبارہ پاکستان کے امن سے کھیلنے کی جرت نہ ہو۔صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے بلوچستان میں پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن"شعبان" میں کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین پیش۔

نارووال: چینی انجینئرز الیکٹرک بسوں کا معائنہ کر رہے ہیں۔

آٹے اور دیگر ضروری اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں نمایاں کمی لائی جائے' جاوید قصوری

بدامنی، معاشی بحران اور حکومتی نااہلی نے سرمایہ کاری، صنعت اور تجارت کو نقصان پہنچایا ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک میں گزشتہ ایک سال کے دوران آٹے سمیت بنیادی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ حکومتی معاشی پالیسیوں کی ناکامی کا واضح ثبوت ہے، ایک سال کے عرصے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا تقریباً1250 روپے تک مہنگا ہو چکا ہے، جس کے باعث عام آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بنتا جا رہا ہے، مہنگائی، بے روزگاری اور بڑھتے ہوئے ٹیکسوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جبکہ حکمران عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مزید معاشی بوجھ تلے دبا رہے ہیں۔انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ملک میں عوامی مینڈیٹ، آئین کی بالادستی اور جمہوری اداروں کو مسلسل کمزور کیا جا رہا ہے، جس کے نتیجے میں سیاسی عدم استحکام اور معاشی بے یقینی میں اضافہ ہوا ہے۔حکومت ایک طرف عوام پر نت نئے ٹیکس عائد کر رہی ہے

اسلام آباد: چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان کیپٹل پٹرول یونٹ کے ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کر رہی ہیں۔

پنجاب میں سی ٹی آئیز کی بھرتیوں کا نیا مرحلہ، تمام امیدواروں سے دوبارہ درخواستیں طلب

موجودہ سی ٹی آئیز بھی نئے انتخابی عمل میں شریک ہوں گے، انٹرویو اور دستاویزات دوبارہ جمع کرانا لازمی

لاہور(این این آئی) پنجاب کے محکمہ ہائر ایجوکیشن نے کالج ٹیچنگ انٹرنز (سی ٹی آئیز) کی بھرتیوں سے متعلق اہم فیصلہ کرتے ہوئے عارضی اساتذہ کے لیے دوبارہ درخواستیں طلب کرنے کا اعلان کر دیا۔ذرائع کے مطابق سی ٹی آئی بننے کے خواہشمند تمام امیدواروں کو نئے انتخابی عمل کے تحت دوبارہ انٹرویو دینا اور مطلوبہ دستاویزات جمع کرانا ہوں گی، گزشتہ تعلیمی سال میں منتخب ہونے والے امیدوار بھی اس نئی بھرتی مہم میں حصہ لینے کے پابند ہوں گے۔محکمہ ہائر ایجوکیشن نے سابق اعلان کے برعکس بغیر انٹرویو موجودہ سی ٹی آئیز کے کنٹریکٹس میں توسیع نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، گزشتہ برس وزیر تعلیم نے سی ٹی آئیز کے کنٹریکٹس میں توسیع کا عندیہ دیا تھا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ سی ٹی آئیز کی کارکردگی سے متعلق رپورٹ سامنے آنے کے بعد نئی بھرتیوں کا فیصلہ کیا گیا جبکہ بعض سی ٹی آئیز کی غیر تسلی بخش کارکردگی کے باعث دوبارہ میرٹ کی بنیاد پر انتخاب کیا جائے گا۔محکمہ ہائر ایجوکیشن نے رواں سال نئی درخواستیں طلب کرنے کی تیاریاں مکمل کر لی ہیں

چوہدری شافع حسین سے چیف آف فیلڈ آفس یونیسف پنجاب پاکستان رمیض بہبوددو کی ملاقات

بچوں کو ٹیکنیکل ایجوکیشن سے آراستہ کرنے کے باعث پنجاب میں چائلڈ لیبر میں کمی آئی ہے

لاہور(این این آئی)صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے چیف آف فیلڈ آفس پنجاب یونیسف پاکستان رمیض بہبوددو نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اقوام متحدہ کے ادارے یونیسف کی پنجاب میں تعلیم، صحت، سکل ڈویلپمنٹ، بچوں کی بہبود اور دیگر پروگراموں بارے بات چیت ہوئی۔پیسک ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں یونیسف ادارے کی ماہر تعلیم سحر رضا جعفری اور ڈی جی پنجاب سکل ڈویلپمنٹ اتھارٹی سارہ رشید بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران بچوں کی فلاح، صاف پانی، تحفظ ماحولیات، تعلیم، خصوصی تعلیم اور دیگر شعبوں میں اشتراک کار بڑھانے پر اتفاق ہوا۔چیف آف فیلڈ آفس پنجاب یونیسف رمیض بہبوددو نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو ٹیکنیکل ایجوکیشن سے آراستہ کرنے کے باعث پنجاب میں چائلڈ لیبر میں کمی آئی ہے یونیسف کا ادارہ پاکستان میں 1948 سے کام کر رہا ہے

موسلا دھار بارش کے باعث ڈیری فارم کی چھت گر گئی

دو بچے جاں بحق 4 افراد زخمی

سرگودھا بھیرہ محمد زبیر بھٹی سے ---موسلا دھار بارش کے باعث ڈیری فارم کی چھت گر گئی دو بچے جاں بحق 4افراد زخمی ریسکیو 1122 نے فوری امدادی کارروائی کرتے ہوئے تمام متاثرین کو ملبے سے نکال لیا جان بحق بچوں کی لاشیں اور چار زخمی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بھیرہ منتقل کر دی گئیں

چک مبارک سے راولپنڈی جاتے ہوئے گاڑی کا حادثہ

آرشِ ماچھی نامی ڈرائیور کھوٹ گاؤں تحصیل بھیرہ کا رہائشی موقع پر ہی وفات پا گیا

سرگودھا بھیرہ/ چک مبارک محمد زبیر بھٹی سے ---چک مبارک سے راولپنڈی جاتے ہوئے گاڑی کا حادثہ ۔ راولپنڈی پرانا ٹول پلازہ پر ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے حادثہ پیش آیا حادثے کے نتیجے میں آرشِ ماچھی نامی ڈرائیور کھوٹ گاؤں تحصیل بھیرہ کا رہائشی موقع پر ہی وفات پا گیا ہے اور ایک لڑکا شدید زخمی۔---

کشمیر لاہور یا کشمور نہیں پاکستان کی شہ رگ بنے گا، بیرسٹر گوہر

ٹی ٹی پی جہاں بھی ہے اس کو دہشتگرد سمجھا ہے، کوئی دو رائے نہیں دہشت گردی کے خلاف ایکشن ہونا چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے حکمران اتحاد پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں جماعتوں کی وجہ سے حالات اس نہج پر پہنچے ہیں اور دونوں جماعتیں بڑے بڑے دعوے کر رہی ہیں، کشمیر لاہور یا کشمور نہیں بنے گا بلکہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ بنے گا۔میں سمجھتا ہوں بانی پی ٹی آئی سے ملاقات بہتری کی کنجی ہے، اگر ملاقاتیں شروع ہوئیں تو حالات بدل جائیں گے۔

برآمدات میں اضافے کے لیے مربوط کمرشل ڈپلومیسی ناگزیر ہے، طاہر ایوب

بیرون ملک پاکستانی سفارت خانوں اور تجارتی مشنز کو فعال معاشی سفیروں کا کردار ادا کرنا چاہیے، صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے قائم مقام صدر طاہر ایوب نے کہا ہے کہ پاکستان کو پائیدار برآمدی ترقی، غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور علاقائی و عالمی منڈیوں میں اپنی مؤثر موجودگی یقینی بنانے کے لیے کمرشل ڈپلومیسی کو اپنی اقتصادی اور خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون بنانا ہوگا۔انہوں نے پیر کو چیمبر ہاؤس میں اسلام آباد انڈسٹریل ایسوسی ایشن کے سابق صدر ذکریا ضیاء، افتخار سیٹھی، میاں وقاص مسعود اور مرزا محمد علی پر مشتمل صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مینوفیکچرنگ، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فارماسیوٹیکل، انجینئرنگ مصنوعات، معدنیات اور خدمات سمیت مختلف شعبوں میں بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے، تاہم مربوط، مؤثر اور نتیجہ خیز کمرشل ڈپلومیسی کے فقدان کے باعث ملک ان مواقع سے مکمل طور پر فائدہ نہیں اٹھا سکا۔

لاہور میں آن لائن منشیات سپلائی نیٹ ورک بے نقاب، 3ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی)لاہور میں پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران منشیات کی آن لائن سپلائی کا نیٹ ورک بے نقاب کرتے ہوئے تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا جبکہ ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس اور افیون بھی برآمد کر لی گئی۔ایس پی کینٹ کے مطابق غازی آباد پولیس نے ایس ایچ او محمد شہریار کی سربراہی میں دورانِ پٹرولنگ کارروائی کرتے ہوئے دو منشیات فروش بوٹا اور اسلم کو اس وقت گرفتار کیا

پشاور، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخو محمد سہیل آفریدی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کم وولٹیج اور توانائی سے متعلق دیگر امور پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

گڈاپ میں بڑی ڈکیتی، ڈاکو 175 تولہ سونا، 300 تولہ چاندی اور لاکھوں لوٹ کر فرار

واردات کے دوران ملزمان نے ایک بند دروازہ کھولنے کی کوشش کی اور نہ کھلنے پر آدھا دروازہ ہی توڑ ڈالا

کراچی (این این آئی) گڈاپ سٹی کے علاقے کرپلانی ولاز میں ڈکیتی کی ایک بڑی اور انوکھی واردات سامنے آئی ہے جہاں 8 مسلح ملزمان ایک گھر سے 8 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا سونا، چاندی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔پولیس کے مطابق، 4موٹر سائیکلوں پر سوار 8 ملزمان رات ڈھائی بجے کے قریب ولاز میں داخل ہوئے۔ملزمان نے سب سے پہلے چوکیدار کو رسیوں سے اچھی طرح باندھا اور پھر گھر کے اندر داخل ہو گئے۔ملزمان نے اہلخانہ کو اسلحہ کے زور پر یرغمال بنایا اور تقریباً 3 گھنٹے تک اطمینان سے لوٹ مار کرتے رہے۔مسلح ملزمان گھر سے 175 تولہ سونا، 300 تولہ چاندی، لیپ ٹاپ، مہنگی گھڑیاں اور یہاں تک کہ بچوں کا سامان بھی ساتھ لے گئے۔واردات کے دوران ملزمان نے ایک بند دروازہ کھولنے کی کوشش کی

لاہور، اسلحے کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے والے 2ملزمان گرفتار

لاہور(این این آئی)لاہور کے علاقے مزنگ میں پولیس نے اسلحے کی سرِعام نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولیاں بھی برآمد کر لی گئیں۔ترجمان کے مطابق مزنگ پولیس نے ٹرنر روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم ارقم کو ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ایس پی سول لائنز کے مطابق ملزم کے قبضے سے 223بور رائفل اور متعدد گولیاں برآمد کی گئیں۔

حکومت نے دیت کی رقم دگنی کر کے 1 کروڑ 93 لاکھ سے زائد کر دی

مجموعہ تعزیراتِ پاکستان کے تحت دیت کی رقم 30,630 گرام چاندی کی مالیت سے کم نہیں ہو سکتی

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی حکومت نے چاندی کی قیمتوں میں نمایاں اضافے کے بعد مالی سال 27-2026 کے لیے دیت کی رقم میں تقریباً 97 فیصد کا بڑا اضافہ کرتے ہوئے اسے 1 کروڑ 93لاکھ 52ہزار روپے سے زائد مقرر کر دیا ہے جو گزشتہ مالی سال کے دوران 98لاکھ 29 ہزار روپے تھی۔میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارتِ خزانہ نے تعزیراتِ پاکستان (ایکٹ XLV بابت 1860) کی دفعہ 323 کے ذیلی شق (2) کے تحت ایک نوٹیفکیشن جاری۔

الفلاح فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ضلع سرگودھا کی تحصیل بھیرہ کے ایک گاؤں چکسیدا میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد ہوا

تحصیل بھیرہ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت حکیم عبدالماجد اعوان کی خصوصی شرکت

سرگودھا بھیرہ محمد زبیر بھٹی سے ۔۔سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ کی ذیلی تنظیم الفلاح فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ضلع سرگودھا کی تحصیل بھیرہ کے ایک گاؤں چکسیدا میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد ہوا۔ تحصیل بھیرہ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت حکیم عبدالماجد اعوان کی خصوصی شرکت۔کیمپ میں تقریبا اڑھائی سو سے زائد مریضوں کا مفت معائنہ اور مفت ادویات دی گئی۔تفصیلات کے مطابق چکسیدا میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔کیمپ میں ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم نے حصہ لیا جس میں چائلڈ سپیشلسٹ، آئی سپیشلسٹ اور میڈیکل سپیشلسٹ شامل تھے مقامی احباب جن میں چوہدری خالد محمود ایڈووکیٹ، چوہدری عثمان اشرف گوندل، چوہدری قاسم محمود گوندل، چوہدری ارشد محمود گوندل۔محمد ارشد مغل، محسن شہزاد مغل اور دیگر احباب نے انتظامات میں بھرپور معاونت کی۔ سربراہ الفلاح فاؤنڈیشن پاکستان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ کی اس کاوش کو خوب سراہا، کیمپ میں مریضوں کی روحانی تربیت کے لیے بھی الگ ڈیسک لگایا گیا جس میں ذمہ داران نے ذکر کی اہمیت سے حاضرین کو آگاہی فرمائی اور بنیادی لٹریچر تقسیم کیا۔کیمپ کی ایڈورٹائز کے لیے سوشل میڈیا کے پلیٹ فارم کو استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ بینا فلیکس، ہینڈبل اور مساجد میں اعلانات کیے گئے۔اللہ کریم جس نے بھی جس حصہ میں کوئی خدمت کی اس کو قبول فرمائے اور مریضوں کو شفا عطا فرمائے۔آمین

خواجہ فرید کالج کے کھیلوں کے میدانوں کی بحالی پر فٹ بال ایسوسی ایشن کا خراجِ تحسین

فٹ بال، ہاکی، کرکٹ اور باسکٹ بال گراؤنڈز دوبارہ آباد، کھیلوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون کا اعلان

مورو۔(رپورٹ: سندھی الطاف سومرو)رشوت ستانی کی خصوصی عدالت کا فیصلا۔ رشوت ستانی کی خصوصی عدالت سکھر کیمپ ایٹ نوشہرو فیروز کے جج جناب شیام لال لدھانی نے مشہور جعلسازی کے مقدمہ نمبر 93/2025 عبدالرحمان عارف آرائیں کے خلاف علی عابد عرف عابد علی وغیرہ میں مدعی مقدمہ کے وکیل ضیاء الرحمان عارف آرائیں کے دلائل سننے کے بعد ڈائریکیٹ کمپلینٹ کو حقیقت جانتے ہوئے ملزمان علی عابد عرف عابد علی، محمد شفیق، اختر علی اصغر علی، زاہد حسین، اظہر علی، راحیل عابد، احتشام عابد، تنویر احمد، نوید احمد، بلال زاہد و دیگر روینیو عملداراں/ افسران سابقہ اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر مدثر احمد شاہ، احسان اللہ یوسفزئی پٹھان، شیراز لغاری، سابقہ مختیارکار قربان علی میرانی، حفیظ اللہ میمن، سپروائیزران زاہد عباس میمن، منظور احمد کورائی اور تپیدار دین محمد سولنگی کو ملزم ٹھہراتے ہوئے گرفتاری کے وارنٹ جاری کرتے ہوئے مقدمہ کی سماعت 10 اگست 2026ع کو مذکورہ عدالت میں حاضر رہنے کا حکم صادر کر دیا۔ یاد رہے کہ ملزمان علی عابد وغیرہ نے مدعی مقدمہ کے دادا کی جائداد برقبہ 2000 چورس فٹ کو درج بالا روینیو عملداران/ افسران کی ملی بگھت سے اپنے نام اور بعد ازاں جعلسازی کو چھپانے کے لئے اپنے ورثاء کے نام منتقل کر رکھا تھا۔جس کی مثال چہرے نورانی کام شیطانی

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (آر اینڈ ایچ آر) کرم ڈاکٹر محمد علی نے آج فارم سروسز سینٹر پاراچنار کا تفصیلی دورہ کیا

۔ دورے کے دوران انہوں نے دفتری عملے کی حاضری چیک کی

کرم)محمد خالق اورکزئی)ضلع کرم، پاراچنار:ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (آر اینڈ ایچ آر) کرم ڈاکٹر محمد علی نے آج فارم سروسز سینٹر پاراچنار کا تفصیلی دورہ کیا۔دورے کے دوران انہوں نے دفتری عملے کی حاضری چیک کی، مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور موجود زرعی ادویات، کھاد، بیج اور دیگر دستیاب اشیاء کے سٹاک کا جائزہ لیا۔اس موقع پر متعلقہ عملے نے فارم سروسز سینٹر کی مجموعی کارکردگی، کسانوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، دستیاب وسائل اور جاری سرگرمیوں کے حوالے سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ڈاکٹر محمد علی نے عملے کو ہدایت کی کہ کسانوں کو معیاری زرعی سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے، سرکاری وسائل کے شفاف اور مؤثر استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، جبکہ سٹاک ریکارڈ کو مکمل اور باقاعدہ اپ ڈیٹ رکھا جائے۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ دفتر میں نظم وضبط، صفائی ستھرائی اور عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ کسانوں کو بہترین سہولیات میسر آسکیں۔

طارق حبیب صاحب، ضلع ہنگو میں امن وامان کے قیام کے لیے شب و روز بھرپور محنت کر رہے ہیں

۔ وہ خود مختلف تھانوں، پولیس چوکیوں اور چیک پوسٹوں کا مسلسل دورہ کرتے ہیں

ھنگو) بیورو رپورٹ)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ہنگو جناب طارق حبیب صاحب کو خراجِ تحسین ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ہنگو، جناب طارق حبیب صاحب، ضلع ہنگو میں امن وامان کے قیام کے لیے شب و روز بھرپور محنت کر رہے ہیں۔ وہ خود مختلف تھانوں، پولیس چوکیوں اور چیک پوسٹوں کا مسلسل دورہ کرتے ہیں، پولیس اہلکاروں کا حوصلہ بڑھاتے ہیں یہ بات دلن کے نوجوان اور ھنگو یوت کے چئرمین ناصر خان خٹک نے صحافی محمد خالق اورکزئی کے ساتھ فون پر خصوصی بات کرتے ہو ※ کہا کہ اور انہیں اپنی ذمہ داریاں مزید جذبے اور ایمانداری سے انجام دینے کی ترغیب دیتے ہیں۔ان کی مؤثر قیادت، محنت اور عوامی خدمت کے جذبے کی بدولت ضلع ہنگو میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے قابلِ قدر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وہ نہ صرف پولیس فورس کی فلاح و بہبود کا خیال رکھتے ہیں بلکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو بھی اپنی اولین ترجیح سمجھتے ہیں۔ہم جناب طارق حبیب صاحب کی خدمات کو دل کی گہرائیوں سے سراہتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید ہمت، کامیابی اور استقامت عطا فرمائے تاکہ وہ اسی جذبے کے ساتھ ضلع ہنگو کی خدمت کرتے رہیں۔ہم اپنی بہادر پولیس فورس کے ساتھ ہیں۔ ان شاء اللہ، امن، قانون کی بالادستی اور عوام کی حفاظت کے لیے ہر مثبت قدم میں ان کا ساتھ دیتے رہیں گے۔